فرمودات

1/3

فکرِ سلطان

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر سلطان محمود

کتاب کا سٹیٹس

نمبر شمار	عنوان	کمنٹس
1	کور پیجیز	شامل ہے
2	فہرست مضامین	شامل ہے
3	مضامین کی درجہ بندی	ابھی کرنی ہے
4	مواد کی درستگی	فائنل ریویو باقی ہے
5	گرامر اور زبان	غلطیاں ہائی لائٹ کی گئی ہیں
6	گمشدہ مواد	03 فی صد تک مضامین گمشدہ ہیں
7	غلطیوں کی اصلاح	فائنل ریویو باقی ہے
8	سرخیاں (مستقل سطح اور ترتیب)	بہتر کی جاسکتی ہیں
9	خطوط (فونٹس - مستقل مزاجی اور درست استعمال)	تقریباً ٹھیک ہیں
10	حروف کا سائز (عنوانات، سرخیاں، متن)	بہتر کی جاسکتی ہیں
15	رنگ (متن اور ڈیزائن عناصر)	ضرورت نہیں
16	صفحہ نمبر نگ	شامل ہے
17	حاشیے (مستقل اور ترتیب کے مطابق)	ضرورت نہیں
18	سرخی اور پانوشت (ہیڈر اور فوٹر)	شامل ہیں
19	ساخت اور ترتیب	تقریباً ٹھیک ہے
20	حوالہ جات	فائنل ریویو کی ضرورت ہے

فرمودات 1

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FARMOODAAT 1

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director

ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.

www.ecocare.pk

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

فکرِ سلطان

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FIKAR-E-SULTAN

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director

ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.

www.ecocare.pk

سیریز ہشتم: طنز و مزاح



In the name of Allah,
the Most Beneficent,
the Most Merciful

انتساب

Dedicated to the one I love in the Quest of truth.

میری فکر اس کے نام جس سے میں سچ کی تلاش میں آج بھی پیار کرتا ہوں۔

فکرِ سلطان: جملہ حقوق

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

سیریز	فکرِ سلطان (10 سیریز)
مصنف	ڈاکٹر سلطان محمود
ناشر	ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ
پبلیشر	ماروِل سسٹم
نظرِ ثانی	انعم عروج
اشاعت	2024

فکرِ سلطان : فہرست سیریز

نمبر شمار	عنوان	کل کُتب
1	سیریز اول: ہڈ بیتی	12
2	سیریز دوم: غذا اور صحت	30
3	سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا	13
4	سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی	31
5	سیریز پنجم: غذائی تحفظ	06
6	سیریز ششم: دیہی ترقی	01
7	سیریز ہفتم: سماجی رویئے	04
8	سیریز ہشتم: طنز و مزاح	10
9	سیریز نہم: شعر و شاعری	02
10	سیریز دہم: تصویری مسافت	01
--	کل کُتب	110

تعارف: فکرِ سلطان سیریز

ڈاکٹر سلطان محمود نے اپنی نصف صدی کی کاوش کو سائنسی انداز میں تحریکی کارکن بن کر چلایا نیز غذائی تحفظ ایک کی عالمی خود مختار تحریک کو مقامی رہنما کے طور پر پاکستان میں ایک غیر معمولی موڑ دیا ہے جس کے نتیجے میں ان کے افکار اور عملی جدوجہد نے 'فکر سلطان' جیسی ایک طاقتور دستاویزی سیریز جنم دی ہے۔ اس میں وہ اپنی آدھی صدی کی شبانہ روز کی ہمَہ جہت کوشش کو شاندار کہانی کے طور پر بیان کرتے ہوئے اہم معلومات سے بھری وہ تاریخ بھی بیان کر رہے ہیں جو ملک عزیز کے غیر مستحکم حالات کے باوجود مقامی اور نچلی سطح کے مسائل کو قومی اور عالمی سطح پر کچھ اس انداز سے اٹھالے جاتے ہیں کہ جہاں وہ حیاتیاتی تنوع یا بائیوڈائیورسٹی کی ہئیت تبدیل کئے بغیر کارپوریٹ تسلط کے ساتھ جنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ڈویلپمنٹ مافیا کے خلاف کس طرح نچلی سطح کی لڑائی کو اٹھا کر قومی اور عالمی سطح پر لے جایا جاتا ہے۔ ان کی یہ سوچ بھی قابل داد ہے کہ دنیا بھر میں مقامی سطح کی کمیونٹی ہمیشہ مقدس اور خود مختار ہونی چاہئے تا کہ وہ اپنے علم اور حقوق کو حاصل کر کے مستقبل کی دنیا کی حقیقی کہانی کا نقشہ ترتیب دے سکے۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ سفر مندرجہ ذیل دس سیریز پر مشتمل ہے۔

سیریز اول: ہڈ بیتی

ایک شاندار اور سمجھدار دماغ، شفاف کردار، شاعرانہ روح اور نچلی سطح کی تنظیموں میں مہارت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھنے والے ڈاکٹر سلطان محمود نے ملکی ترقی کے مسائل اور تحریکوں کے سب سے زیادہ موثر اور محبوب لیڈروں کے جھرمٹ میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ ان کو ملے غیر معمولی قدرتی تحائف میں ایشیا، یورپ، امریکہ، تین براعظموں کی سات جامعات سے حاصل شدہ اعلیٰ ترین تعلیم و تربیت کی بنیاد پر انسان کی غذائی ضروریات اور قدرتی ماحول کے درمیان گہرے تعلق کا ادراک ہے۔ غذائے انسانی میں استعمال ہونے مویشیوں، ماحولیات اور انسانی صحت کے بارے میں وہ آزادانہ گہری تفہیم بھی شامل ہے جو ملکی رویوں کی زبوں حالی کے باعث ہمیشہ زوال پذیر رہی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ مطلق العنان سیاسی اور پدرسری نظام سے کس طرح کی حکمت سے جنگ لڑ کر جیتی جاتی ہے اور کیسے انسانیت اور تخلیق دونوں کو یکجا کیا جاسکتا ہے۔ نیز اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کے لیے ایک عام سے متوسط گھرانے سے اُٹھ کر 17 سے زائید ممالک میں اپنی صلاحیتوں کا کیسے لوہا منوایا۔ یہ قاری کو ان کی زندگی کے سفر کو پڑھ کر ہی اندازہ ہو گا کہ محدود مالی وسائل سے کوئی بھی لمحہ فروغ گذاشت نہ کرتے ہوئے کیسے، "تبدیلی کا ڈھانچہ بنایا جاسکتا ہے"۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

غذائی علاج جیسی اپنی پچھلی مشہور کتابوں کی طرح، مصنف ماحولیاتی حکمت، پر جوش سرگرمی اور بے عیب پیشہ ورانہ سوچ کے ساتھ پھر سے چمک رہا ہے۔ اس سیریز میں مصنف کی نگارشات اس بات کا ثبوت دیتے دکھائی دیتی ہیں جو انسانی خوراک وغذا پر موسمیاتی تبدیلی کے برے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی اور بین الاقوامی کارپوریٹ سطح کی کوششوں کے لیے کیے جانے ضروری ہیں۔ یہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ مصنف نے کس طرح حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور کسان برادریوں کے حقوق کے لیے اپنی کوششوں کو حوصلے کے ساتھ جاری رکھا۔ مصنف نے 1997 میں غذا و صحت کے میدان میں چھلانگ لگائی اور پھر اسے اس وقت تک اوڑھنا بچھونا بنائے رکھا جب تک کہ ورلڈ بنک کے راشد القیوم مرحوم کے مشورے کے پیش نظر ڈاکٹریٹ کے بارہ برس بعد پنجاب یونیورسٹی سے ماحولیات کی ڈگری نہیں لے لی۔ اور پھر انسانی غذا کی پیداوار پر ماحول کے اثرات کا تفصیل سے جائزہ لینا نہیں شروع کر دیا۔

سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا

غذائی تحفظ کی تخفیفی سائنس تقاضہ کرتی ہے کہ پیچیدہ سائنسی و معاشی معاملات کو ان کی سادہ ترین اشکال میں ڈھال کر انسانی مسائل کو آسان تر بنایا جاسکے۔ تخفیفی سائنس کے تنقیدی اظہاریے جیسا شدید پس منظر رکھنے والا ڈاکٹر سلطان محمود نچلی سطح کی متعدد انجمنوں اور تحریکوں کا ایک سنسنی خیز موجد، شریک موجد اور کٹڑ حمایتی بھی رہا ہے۔ نیز افزائشِ حیوانات، جنگلات، پانی اور کسان تنظیموں کے تحفظ کی ان تمام ضروری تحریکوں کا روحِ رواں بھی ہے جو زندہ زرعی معاشرے کا تانا بانا ہیں۔ اور یقین رکھتا ہے کہ اس تانے بانے سے انسانی دنیا کا اہم ترین مسئلہ یعنی بھوک سے نجات والا کپڑا بنا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کو حصول میں اس کی جس مضمون نے سب سے زیادہ رہنمائی کی وہ ان کے گریجوایشن کے مضامین تھے۔ جنہوں نے انسانی غذا میں شامل چالیس فی صد جزو جو حیوانات سے حاصل ہوتا ہے، اس کا ادراک گہرا کیا۔ گوشت، دودھ اور انڈے کی پیداوار اور پھر متناسب پیداوار انسان کو بھوک کے المیے سے دوچار نہیں ہونے دیتی۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود کی زندگی کی کہانی ماحولیات، سماجی سیٹ اپ اور گورننگ سنٹی کو بچانے کی جدوجہد کی وہ زندہ مثال ہے جس میں نصابی اور زمینی حقائق دونوں کام آئے۔ وہ اپنے سیارے کے ماحولیاتی نظام کے کام اور ضرر رساں کارٹیل اور اس کے حامیوں کے تباہ کن اثرات کو گہرائی سے سمجھتا ہے۔ اس کتاب کو پڑھنا ان گہرے مسائل کے اسباب کے بارے میں قاری کے ذہن کو کھولے گا جس میں چند لوگ اپنے برے اعمال کی وجہ سے اکثریت کو دھکیل رہے ہیں نیز اس کے مطالعے سے قاری کو حکومت کے طاقتور تکبر سے نکل کر کسان کی طرف پلٹنے کی امید اور حوصلہ ملے گا۔ یہ خوبصورتی سے لکھی گئی یادداشت ایک زبردست داستان ہے جو زمین، زندگی اور ہمارے قیمتی سیارے کی سالمیت کی خواہش رکھنے والے ہر فرد کو پتا ہونی چاہیے۔ مغربی کارپوریٹ سیکٹر کے ESG کی جانب کاروباری جھکاؤ سے مصنف نے جو کچھ امریکہ، یورپ اور خلیجی ممالک سے سمجھا، وہ اس نے اپنے ایکوکیئر بزنس اور سوشل میڈیا آگاہی والے گروپس اور چینل کے ذریعے آنے والی نسل کو پوری طرح سے آگاہ کر دیا ہے۔ اس سیریز کا 30 کُتب کی شکل میں مخطوطہ بڑی تفصیل سے واضع کرتا ہے کہ جونہی ملک کو کارپوریٹ کلچر کے ذریعے ترقی کی جانب غیر متوازن انداز میں دھکیلا جاتا ہے تو وہ کس طرح ہمارے مجموعی سماجی ڈھانچے کو متاثر کرتا ہے۔ اس سے ملک میں ایک غیر متوازن ماحولیات اور سماجی جنگ چھڑ جاتی ہے۔ جو بالآخر وسائل کی نامنصفانہ تقسیم پر منتج

ہوتی ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اپنے تئیں تمام ماحولیاتی پراجیکٹس میں قابل کاشت زمین، انسانی روزگار اور گرم ہوتے ہوئے کرہءزمین کے باعث گلیشیر پگھل کر طوفانی انداز اختیار کرنے جیسے مضامین کو کافی گہرائی سے دیکھا ہے۔ نیز اس سیکٹر میں پورا جذب ہونے کے لیے اپنی سرکاری نوکری سے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے کر نیسپاک جیسی قومی وعالمی ایجنسیوں کے ماحولیاتی پروگرام کا جارحانہ حصہ بن کر انسانی غذا کی تخفیفی سائنس سے بھرپور کام لیا ہے اور چار سو سے زائید ماحولیات پراجیکٹس کو کامیابی سے ہمکنار کر کے ملک کے عوام اور حکومت کے کام کو نہائیت آسان بنادیا ہے۔

سیریز پنجم: غذائی تحفظ

ڈاکٹر سلطان محمود کی ذاتی کاوشوں کا سارا نچوڑ صرف "غذائی تحفظ" کے ارد گرد ہی گھومتا ہے۔ جسے اصولی طور پر اولین سیریز میں جگہ ملنی چاہیے تھی، لیکن تخفیفی سائنس کا خوگر ہونے کے باعث انہوں نے مناسب جانا کہ پہلے ان اوامر کا ذکر کیا جائے جو غذائی تحفظ یا عدم تحفظ کا باعث بنتے ہیں۔ تبھی انہیں نے اپنے فکری سفر کا آغاز اپنے پسندیدہ مضمون (سیریز دوم غذا و صحت) سے شروع کرنا مناسب جانا اور انسانی صحت پر غذا کی ضروریات اور اثرات کا شروع میں جائزہ پیش کر دیا۔ یعنی باالفاظ دیگر اپنی فکر کی بنیاد انسانی جِبلّت بھوک پر رکھی۔ پھر مناسب انسانی صحت برقرار رکھنے کے

لیے مناسب غذا کی پیداوار، سپلائی چین، قوتِ خرید اور جسمانی ضروریات پر رکھی۔ دھیرے دھیرے اس تخیل کو راسخ کر لینے کے بعد وہ اپنے بنیادی مضمون یعنی ان حیوانات کی جانب پلٹے جو انسانی خوراک میں دودھ، گوشت اور انڈے کی شکل میں روزانہ کی ضرورت کا چالیس فی صد پر مشتمل ہے۔ اس منطقی تعلق سے ان کی فکری گہرائی کا اندازہ لگانا چنداں مشکل نہیں کہ اگر بہترین اور مناسب ماحولیاتی انتظامات کر کے پانی کے ذرائع پر بحث مکمل کر لی جائے تو یہ غذائی تحفظ کی ایک ایسی گارنٹی ہے جو افزائشِ حیوانات کے ذریعے انسانی صحت کی ضامن ہے۔ یہاں یہ بھی واضع ہو جاتا ہے کہ شدید سیلاب ہر سال جو حیوانات کی تباہی لاتے ہیں ان پر موثر قابو پا کر انسان کم سے کم چالیس فی صد غذائی ضروریات کو تو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ان کی یہ منطقی سوچ یورپ اور امریکن جامعات کی فلاحی سائنسیز پر کام کر کے پیدا ہوئی۔ گو کہ ڈاکٹر سلطان محمود کے تیکنیکی کام میں سب سے کم کتب اسی غذائی تحفظ سیریز کا حصہ بنیں لیکن حقیقت بھی یہی ہے کہ عظیم تحقیقات اور کاوشوں کا خلاصہ ہمیشہ مختصر ہوتا ہے۔

سیریز ششم: دیہی ترقی

ویسے تو حیوانات کی افزائش ایک دیہی موضوع ہے جہاں ہمارا 70 فی صد کسان اپنا خون جلا کر صبح شام انسانی غذائیں پیدا کرتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں کے غیر متوازن دیہی ترقی کے میدان کی بجائے

ہمیشہ شہری ترقی و سہولیات کو اولیت حاصل رہتی ہے۔ جس نے ایک جانب اگر غذائی عدم تحفظ کا خطرہ مول لے لیا ہے تو دوسری جانب شہر کی طرف نقل مقانی کی عفریت کو بھی جنم دیا ہے۔ ایسے غیر دانشمندانہ حکومتی اقدامات کا نتیجہ ایک ایسی بے ہنگم معاشرتی زندگی کی شکل میں رونما ہوا ہے کہ جس میں حکومت گاؤں چھوڑ کر شہر میں بسنے والوں کے مسائل کو شہری ترقی کی ناکامی کی شکل میں سہہ رہی ہے اور نہ وہ ان کو خدا ہی مل پا رہا ہے اور نہ وصالِ صنم ہو رہا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو تو خیر چھوڑیں اگر کل کے غریب چین اور بھارت ہی کی مثال لے لیں تو ان کے ہاں غذائی تحفظ شہر و دیہاتی زندگی میں توازن لانے سے ممکن ہوا ہے۔ اور محض بیس برس میں ان دو ممالک کے دو ارب لوگ دن میں ایک کھانے سے دو کھانوں کے قابل ہو گئے ہیں۔ ان دونوں ممالک نے اپنے آبی ذخائر پر ہزاروں ڈیم بنا دیئے ہیں جن سے وہ نہ صرف غذائی تحفظ یقنی بنا رہے ہیں بلکہ اپنی توانائی کی ضروریات بھی پوری کر رہے ہیں۔ حالانکہ عالمی موسمی تبدیلیاں ان پر بھی ویسے ہی اثر انداز ہو رہی ہیں جیسے باقی کرہء ارض پر رونما ہوتی ہیں۔

سیریز ہفتم: سماجی رویئے

ڈاکٹر سلطان محمود اپنے عالمی ایکسپوژر کے باعث خلیجی ممالک میں رواج پا جانے والے حالیہ شعبہ جات میں ماحولیات سے متصلہ کارپوریٹ سیکٹر کی نئی جہت ای ایس جی سے کافی متاثر ہوئے لہذا

انہوں نے ملک عزیز کی اس شعبہ میں لاعلمی کو نشانہ بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اپنی کل نگارشات میں سے سوشل اور گورننس کے شعبہ جات کو ماحولیات کی کتب کے علاوہ خود مختار کتابی درجہ دے دیا اور اس کے لئے انہوں نے سیاست، مذہب، تعلیم، آبادی، تکنیکی تربیت، شہری و دیہی ترقی وغیرہ جیسے اہم موضوعات پر جو کچھ تجربات حاصل کئے تھے اسے اکٹھا کر کے اس سیریز کا حصہ بنا دیا ہے۔ سابقہ اعتبار سے وہ اپنی نگارشات کو حاصل مطالعہ بھی کہتے ہیں، اس مطالعے کا حاصل جو انہوں نے مغرب سے حاصل کیا اور سنجیدہ عملی و علمی سفر کو اپنے وطن میں بھی لاگو کر سکتے ہیں۔ گو کہ وہ اس بات پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ "کامن سینس" اتنی بھی کامن نہیں ہوتی "لیکن امیدؔ واثق رکھنے ہیں کہ جونہی عوام خصوصاً کسان میں تعلیمی کمی دور ہو گی، سماج میں لازمی بہتری آئے گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اس جہت پر ڈاکٹر صاحب ایک اتھارٹی ہیں اور خود اپنے اوپر تنقید کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں کہ میں نے اگر طنز و مزاح کے گڑھ لائلپور یا فیصل آباد میں چوتھائی صدی نہ گزاری ہوتی تو میرے اندر کا اصلاحی جذبہ طنز اور شگفتگی کی شکل میں باہر نہ آتا۔ اس لحاظ سے دیکھیں تو اس سیریز میں نہ صرف سب سے زیادہ کتب ہیں جو ایک منفرد انداز میں مقامی و عالمی سیاست، مذاہب، نیز دیگر سماجی موضوعات پر طنزیہ و فکاہیہ انداز میں تخلیق شدہ تاریخ کا شاندار اور متاثر کن عالمی منظر نامہ

پیش کرتی ہیں جسے ڈاکٹر صاحب نے اپنی طنزیہ و فکاہیہ ندرت اظہار کے باعث اسے میٹھا سچ سیریز کا نام دے دیا ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ مصنف مقامی طور پر قلیل مدتی طاقتوں کی سماجی خرابیوں کے ساتھ ساتھ عالمی سیاست کی خود غرضی کا بھی سامنا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہے۔ یہ سیریز ایک شان اور روشنی کے ساتھ بیشمار سیاسی، سماجی اور منطقی حل بھی فکاہیہ انداز ہی میں پیش کرتی ہے۔ مصنف نے ملک کے نمایاں مزاح نگار کرنل محمد خان اور ظفر اقبال کی طرز سے متاثر ہو کر مزاح لکھنے کا آغاز گو کہ کالج لائف سے شروع کر دیا تھا مگر اس انداز کو مہمیز تب ملی جب وہ نیویارک میں ممتاز صحافی محسن ظہیر کی ادارت میں شائع ہونے والے ہفت روزہ "صدائے پاکستان" سے بحیثیت سب ایڈیٹر منسلک ہوئے۔ نیز انہوں نے لاہور کے چند اخبارات میں اپنے فکاہیہ کالم میٹھا سچ کے نام سے ہی لکھنے شروع کر دیے۔ بقول ڈاکٹر صاحب جگت بازی اور فکاہیہ اندازِ بیان میراثی کو حکومت سے جدا کرتا ہے۔ اور طنزیہ ادب کو سنجیدہ کرتا ہے۔

سیریز نہم: شعر و شاعری

ڈاکٹر سلطان محمود کا بچپن ہی سے شاعرانہ مزاج ہے جسے اظہار کا موقعہ کالج لائف میں کسی ناکام محبت کے جھٹکے سے ملا۔ وہ اپنی جبلت کی افتادِ طبع سے خود ہی نالاں بھی تھے جس کی ایک وجہ یہ تھی کہ انہوں نے نہ صرف کبھی کل وقتی شاعر بننا گوارا نہیں کیا بلکہ شاعر کہلوانے سے بھی صاف انکار

کرتے ہوئے یہ دلیل اختیار کی کہ میں نے کاغذی شیر بننا کبھی بھی پسند نہیں کیا اور دوسری رکاوٹ ان کی سائنس میں اعلی تعلیم بن گئی جو پاکستان کے علاوہ یورپ اور امریکہ سے حاصل شدہ تھی جہاں شاعروں کو کارآمد اور قابل استعمال وقت کا دشمن سمجھ کر تنقیدی چھلنیوں سے گزارا جاتا تھا۔ اس کے باوجود تین چار برس میں عروض سمجھے بغیر سینکڑوں غزلیات کہہ دینا شاید ساحر لدھیانوی کی کتاب "تلخیاں" بنی جو عین ناکام عشق کے دوران ان کے ہاتھ لگ گئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب چونکہ اپنی ہر نگارش کو بچوں کا سا پیار دیتے ہیں اس لئے انہیں بعض دوستوں نے کلام شائع کرنے پر قائل کر لیا جن میں عروض کی استاد محترمہ کنیز بتول کھوکھر کا بڑا ہاتھ ہے جنہوں نے ڈاکٹر صاحب کی لگ بھگ ایک کتاب کے مواد کو عروض پر بھی ڈھال دیا اور جہلم کے ایک استاد شاعر کاشف بٹ نے بھی ناقابل تردید مدد کی۔ ڈاکٹر سلطان محمود جب اپنی فکر کو تحریری شکل دینے لگے تو انہیں معاصرین نے بے حد مشکل سے راضی کیا کہ وہ اپنے چالیس برس پرانے کلام کو بھی اپنی تحریر میں شامل کریں۔ یہ شاید ڈاکٹر صاحب کی غلطی یا صرف نظر ہی سمجھا جائے گا کہ وہ بہترین کلام غیر ممالک میں تو اردو کمیونیٹی کو تو سناتے رہے لیکن ملک عزیز کے اندرونی حلقوں میں قدم تک نہ رکھا۔ البتہ وہ ہمیشہ اپنے برادر بزرگ ڈاکٹر حسن اختر مرحوم، استاد پروفیسر عظمت اللہ خان مرحوم اور دیگر ادبی مقربین کا ذکر بہت شوق اور محبت سے کرتے ہیں۔

سیریز دہم: تصویری مسافت

بھلا ہو ورلڈ بنک کا جس نے ڈاکٹر سلطان محمود کو تصویری بنک بنانے کی عادت ڈال دی۔ حالانکہ انہوں نے محض دس برس کی عمر میں جیب خرچ بچا کر کوڈک کا دس روپے کا کیمرہ 1967 میں ہی خرید لیا تھا اور اپنے بھائی ہمایوں شوکت کے واحد جس تحفے کی وہ قدر کرتے تھے وہ اس کا امریکہ سے لایا ہوا کیمرہ یاشیکا 124 تھا۔ ایسے ہی ان کے استعمال میں وارسا پولینڈ میں روسی کیمرے "زینتھ"، جرمن "یینٹنس" اور جاپانی "نیکن" کیمرے بھی رہے لیکن پھر ڈیجٹل کیمروں اور موبائل کیمروں نے تو انہیں نہال ہی کر دیا۔ ان کے پاس بزرگوں کے علاوہ مشاہیر زمانہ کی بیشمار تصاویر بھی موجود ہیں جو ہر وقت ان کے لیپ ٹاپ اور سیل فونز کی سپیس کھاتی نظر آتی ہیں۔ اس مشکل کے ہاتھوں انہوں نے مجبور ہو کر اور میاں وقار الاسلام کی صلاح لے کر فیصلہ کیا ہے کہ اپنی زندگی کی کہانی کی تصویری دسویں سیریز کیس شکل میں بنائیں گے۔

میٹھا سچ کوٹس

1 ۔رضا سلیم کا سچا واقعہ

بچہ باپ کا تھپڑ کھا کر غصے سے چیخ رہا تھا باپ نے سمجھایا بیٹا باپ تھپڑ مار سکتا ہے۔بچے نے غضب سے جواب دیا نہیں آپ میرے باپ نہیں ہیں میرے باپ حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔DSM

2 ۔پرورش حیوانات Animal Husbandry

پشو پالن

پشو پتی

3۔DSM۔میٹھا سچ 7

بابا بلھے شاہ کی فرینڈ ریکویسٹ آئی ہے۔لگتا ہے میری روحانیت سے متاثر ہو کر اپنا صوفیانہ کلام دوبارہ انسانیت کے نام جاری کرانا چاہ رہے ہیں۔

4۔DSM۔میٹھا سچ 8

گھر میں ذرا دیکھ بھال کے کھانسیں۔ٹی وی پر کرونا بارے مدد کے اعلان کے بعد سے اب تک صرف لاہور کی 4 بیویاں اور 3 خاوند 14 روز کیلئے قرنطینہ بھجوائے جا چکے ہیں۔

5۔ پچھلے 61 طنزیہ پوسٹیں ملا کر اب 69 سے شروع کی ہیں

میٹھا سچ DSM69

قادر پٹیل کے بیان پر ہمارے تبصرے کی ضرورت نہیں۔ کہتے ہیں شیخ رشید پہلے کرائے کے جاسوس تھے اب کرائے کے لاؤڈ سپیکر ہیں۔

6۔DSM۔ میٹھا سچ 70

لوہے کے چنے سعد رفیق کا گلا ڈیڑھ سال سے پھاڑے بنا گلٹیوں سے بھر گیا ہے۔

پی ٹی آئی رحم کرے اور اسے بولتے رہنے کی اجازت دے دے تا کہ پیارا سرجری سے تو بچ جائے۔

7۔DSM۔ میٹھا سچ 71

اردو کی خدمت کرنیوالے لکھاریوں کی علمی "فراخدلی" کلام اردو عنوان انگریزی، کلام میں موٹاپا کثیر الکلامی، پرایا مال اپنا، ادب کی بے ادبی۔ پر ساہنوں کی۔

8۔ آٹھ مارچ پر میرا نعرہ

"میری زندگی میری مرضی "

ان الفاظ کو جوڑ کر بہترین فقرہ بنانے والے کی عظمت کو سلام خلیل، دلیل، ذلیل، قبیل، علیل اور 9 ۔ جمیل۔

10۔DSM۔میٹھا سچ72

جھوٹ سچ کا فیصلہ تو ہوتا رہے گا مگر خلیل اور ماروی کی لڑائی نے عورت مارچ کو بہت اہمیت اور شہرت بخش دی ہے۔

1۔میٹھا سچDSM 👏

اردوان اگر چند روز اور یہیں رہے تو وہ عقیدت سے رو پڑیں گے جب ان کو پتہ چلے گا کہ قائد اعظم کا خاندان بھی ترکی سے ہجرت کر کے انڈیا آیا تھا۔

2۔میٹھا سچ 🙏 DSM 😂

مہمان تو اللہ کی رحمت ہوتا ہے مگر اب وہ اپنے ساتھ نکتہ بھی لگانے لگ گیا ہے۔

3۔ میٹھا سچ 🙏 DSM 😂

انکل بدروح صرف اس لئے جنت میں جانے سے انکاری ہیں کہ ان کو خالص دودھ ہضم نہیں ہوتا۔

4۔ میٹھا سچ 🙏 DSM 😂

نعیم الحق کے جنازے میں عمران خان کی عدم شرکت کا ناقدین نے بہت برا منایا ہے۔ وہ اب فیصلہ کرلے کہ دوست نہیں تو کم از کم مخالفین کے جنازے میں ضرور جایا کرے۔

5. Mona Raza to Samina Rasheed

Too much laugh will make me die.

DR SULTAN MAHMOOD

This must be a common cause of death of all elites.

5. مونا رضا سے ثمینہ رشید تک

بہت زیادہ ہنسنا مجھے مار جائے گا۔

ڈاکٹر سلطان محمود

یہ تمام اشرافیہ کی موت کا مشترکہ سبب ہونا چاہیے۔

6۔ قیوم نیازی

سر ایک جانب آپکی وژنری تحریک "جاگو" اور دوسری جانب "پانی کی ٹینکی" کیا تحریک کو ایسے ہی پانی دینگے۔

7۔ ایک سائنسی پہیلی۔

بوجھو تو جانیں۔۔۔۔

ایک مقامی ریچھ اپنے گھر سے نکل کر، پچاس کلو میٹر جنوب کی طرف جاتا ہے۔ پھر پچاس کلو میٹر مشرق کی طرف۔ اور پھر پچاس کلو میٹر، شمال کی طرف جاتا ہے تو وہیں پہنچ جاتا ہے، جہاں سے چلا تھا۔

ریچھ کا رنگ کیا ہے؟

انجینئر ریاض احمد اُپل

از ڈاکٹر سلطان محمود

ایک بار ایسا ہی سوال کلاس روم میں استاد صاحب نے پوچھا تھا تو ایک بد تمیز شاگرد نے جواب دیا کہ سر میرے بڑے بھائی کا رنگ ہلکا سا گورا تھا مگر وہ آدھا پاگل بھی تھا۔ یقیناً ریچھ کا رنگ بے حد گورا ہو گا اور وہ جنگل سے نکالے دیئے جانے کے سبب مکمل پاگل بھی ہو چکا ہو گا۔

8۔ 😂 میٹھاسچ 🙏 DSM 😑

نواز شریف کے دل کے 22 فیصد حصے کو خون نہیں مل رہا(عطا تارڑ)

اس لئے کہ ابھی مزید 22 فیصد عوام باقی تھی کہ اقتدار چھن گیا۔

9۔۔میٹھاسچ 🙏 DSM 😂

ٹرمپ، مودی اور عمران کو مار کر عجائب گھر میں رکھا جائے (فضل الرحمان) جبکہ انہیں زندہ ہی انکے سامنے والی دیوار میں چنوا دیا جائے۔

10۔میاں وقار

جگر اور گردوں کے اکثر امراض انہیں عطائی ڈاکٹروں کی دین ہیں اور جب یہ مریض پروفیشنل ڈاکٹرز کے پاس پہنچتے ہیں تو بہت دیر ہو چکی ہوتی ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

نہیں مجھے ہنسی کسی اور بات پہ آئی ہے۔ جس طرح پچھلے دنوں آپکے ذہن میں امریکہ پھنس گیا تھا لگتا ہے آج عطائی ڈاکٹر آن پھنسے ہیں۔ماہرین

نفسیات اس مرض کو اوسی ڈیobsessive compulsion disorder کہتے ہیں ویسے گبھرائیں مت اصلی معالج موجود ہیں۔

از میاں وقار

آپ پھنسوائیں نفسیاتی ڈاکٹروں سے مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔ھاھاھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بیچارے تو اپنے آپ میں ہی پھنسے رہتے ہیں ان سے بھی دور رہنا چاہیے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

جی درست کہا۔ جیسے موٹاپے کا علاج کرنے والے ڈاکٹر کا پیٹ بمشکل کرسی نے اٹھار کھا ہوتا ہے یا دانتوں کا ڈاکٹر اپنی بتیسی بڑے دھیان سے دھو کر فرج میں رکھتا ہے اور آنکھوں کا ڈاکٹر مریض کا نسخہ لکھنے سے قبل عینک ڈھونڈ رہا ہوتا ہے یا گائنی والی کسی اچھی گائنی سے اپنے لئے وقت لے رہی ہوتی ہے۔ وعلیٰ ھذا القیاس۔

DSM-1۔ میٹھا سچ 73

حقوق نسواں کی آڑ میں گنتی کی چند فاحشائیں دراصل اپنے نعرے کے جواب میں مردوں سے یہ نعرہ سننا چاہتی ہیں "تیرا جسم میری مرضی"۔

DSM-2۔ میٹھا سچ 74

"میکلوڈ روڈ پر ایک گورا صرف اس لئے غش کھا کر فٹ ہاتھ پر گر گیا کیونکہ اسکی نظر سامنے پڑی کتاب پر پڑ گئی" تین ماہ میں ڈاکٹر بنئے۔

DSM-3۔ میٹھا سچ 75

عظیم وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کرونا وائرس کو برفباری کی قسم کی آفت سمجھتے ہوئے اس عالمی بلا کو بھی پروو فیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ذریعے قابو کرنے کا حکم دیا ہے۔

DSM76-4۔ میٹھا سچ

کپتان بھارتی فلم پانی پت میں جھوٹے تاریخی واقعات دیکھ کر شدید برہم ہوئے اور طیش میں یہ کہتے ہوئے ٹی وی بند کر دیا کہ اچھا ہوا ہم نے بھارتی فلموں پر پابندی لگا رکھی ہے۔

میرا کپتان کتنا صاف گو ہے بچارہ۔

ثمینہ راشد

سچ میں معصوم ہے۔ جھوٹ بول ہی نہیں پاتا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اگر اللہ نے واقعی سچ میں برکت رکھی ہے تو یقیناً پاکستان پر اللہ کی رحمت غالب آئے گی۔

DSM-5۔ میٹھا سچ 77

ہمارے ہاں جب بھی خصوصی قانون، خصوصی عدالت یا خصوصی ادارہ بنتا ہے تو وہ دراصل پچھلوں کی ناکامی کا اعلان اور متوازی قانون، متوازی عدالت یا متوازی ادارہ ہی ہوتا ہے۔

6۔ برائے رضوان خالد چوہدری

افسوس یہ ہے کہ آپ جیسا بیدار مغز بندہ اور پڑھا لکھا شخص اگر "دوٹوک جذباتی" نہ ہوتا تو اب تک بہتوں کا بھلا کر چکا ہوتا۔

DSM-7۔ میٹھا سچ 78

شہزادہ ہیری اور میگھن نرے احمق نکلے کہ بادشاہی چھوڑ بھاگے۔ ہم تو ایک مرلے کے لئے قتل کر کے پھانسی چڑھ جاتے ہیں اور مرلہ وہیں پڑا رہ جاتا ہے۔

8 ۔ شہزادی آیت الزہرا

خودکشی کا کوئی ایسا طریقہ بتاؤ جس میں کوئی جانی نقصان نہ ہو۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اخلاقی طور پر مر جائیں تو پھر کم از کم جان تو بچی رہے گی۔

9۔ الحمدللہ پاکستان میں تو کرونا وائرس پھیلا نہیں اس لئے ان محترم ہومیوڈاکٹر ماسٹر کو کیوں نہ حکومت شمالی کوریا کو تحفے کے طور پر دے دیا جائے تاکہ یہ صاحب اپنے فیس بک والے دعوے کو آزما بھی لیں، وہاں کے مریضوں کو قتل ہونے سے بچا بھی لیں نیز پاک کوریا تعلقات کی مضبوطی کا باعث بھی بن جائیں۔ اس طرح ملک کا نام روشن ہونے کے بھی کافی چانس ہونگے انشاءاللہ۔

10۔DSM۔ میٹھا سچ 79

کسی بھی عورت کو آنٹی کہنے سے قبل اپنی عمر پانچ برس سے زائد نہیں ہونی چاہئیے۔

1۔DSM۔ میٹھا سچ 80

بھارتی پروفیسر کرشنن کے مطابق نیوٹن اور آئن سٹائن نو سر باز تھے کیونکہ کشش ثقل کی لہریں ہندو کی دریافت ہیں۔ اس لئے ان لہروں کا نام "نریندر مودی لہریں" ہونا چاہئیے۔

2۔DSM۔ میٹھا سچ 81

جس بیماری کا نام ہی کرونا (کرونا) ہو تو پھر 5 سال سے کم اور 50 سال سے زیادہ والے لوگ مریں نہ تو اور کیا کریں؟

DSM-3 ۔۔ میٹھا سچ 82

باباجی کہتے ہیں رشتہ داروں کو خوش رکھنا زندہ مینڈکوں کو تولنے کے برابر ہے۔ ایک کو پلڑے میں رکھو تو دوسرا کود جاتا ہے..!!(منقول)

DSM4 ۔ میٹھا سچ 83

میں کرونا وائرس سے اتنا نہیں ڈرتا جتنا حکومتی انتظامات کا پول کھل جانے سے ڈر رہا ہوں۔

DSM-5 ۔ میٹھا سچ 84

اگر صحافت جنگ گروپ کے کاروبار کی بجائے مشن ہوتا تو عزت و تکریم بھی ساتھ ساتھ چلتی۔

DSM6 ۔ میٹھا سچ 85

مودی نے انکشاف کیا ہے کہ بھگوان دنیش کا ہاتھی کا سر غماز ہے کہ بھارت میں ہزاروں سال قبل کا سمیٹک سرجری دریافت ہو چکی تھی۔ ہنسنا نہیں۔

DSM-7 ۔ میٹھا سچ 86

ہنسا نہیں۔ دنیش شرما بھی کہتے ہیں کہ سیتا جی کی پیدائش ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی زندہ مثال ہے۔
"سائنس "ہندو مذہب کی نئی پنج۔

DSM8۔ میٹھا سچ 87۔

ہنسے بنا پڑھیئے کہ بھارتی وزیر کہتے ہیں کہ گائے وہ مخیر العقول جانور ہے جو صرف آکسیجن ہی خارج کرتا ہے اور جج کہتے ہیں کہ اسکا گوبر تابکاری سے بچاتا ہے۔

DSM9 ۔ میٹھا سچ 88

اگر ہوٹلوں پر کھانوں کا ذائقہ تبدیل ہو گیا ہے تو حیران نہ ہوں یہ عارضی ہے کیونکہ باورچیوں نے اپنے ہاتھ دھونے شروع کر دیئے ہیں۔

DSM10 ۔ میٹھا سچ 89

سائنس پر ہندو حق ملکیت سے زیادہ بڑے دعوے مسلمانوں نے کر رکھے ہیں۔ مثلاً ابن فرناس نے ہوائی جہاز ایجاد کیا اور ابن حزم نے گیلیلیو سے بھی پہلے بتایا کہ زمین گول ہے۔

DSM-1 ۔ میٹھا سچ 90

بھارت نے کرونا وائرس کی ویکسین اور دوا دریافت کر لی۔ گائے ماتا کا پیشاب ویکسین اور گوبر دوا کا کام کرے گا۔

DSM-2 ۔ میٹھا سچ 91

ہندو کو گائے کرونا سے بچا رہی ہے اور مسلمانوں کو خواب میں زیارت رسول میں بتائی گئی دعائیں۔ بر صغیر کے عوام اب بھی بھائی چارے سے باز نہیں آئے۔

3۔ زہرا بتول زہرہ

دل کرتا ہے کہ کمنٹ نہ کرنے والوں کے منہ پر عارف لوہار والا چمٹا مار دوں۔۔۔۔

آپ بھی اپنا خیال کمنٹ کریں۔۔۔۔ اجازت ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

کچھ ڈرتے ہیں کہ غیر حاضری اچھی کہ زیادہ سے زیادہ چمٹا منہ پر پڑنا ہے لیکن اگر کمنٹ پسند نہ آیا تو میڈم کہیں چمٹا ناسوں میں نہ دے دیں۔ اس طرح تکلیف زیادہ ہو گی۔

DSM-4 ۔ میٹھا سچ 92

اگر پیشگی پتہ چل جائے کہ کل قیامت آجانی ہے تو ہم سب سے پہلے مصلے مہنگے کرینگے (منقول)

DSM-5 ۔ میٹھا سچ 93

جو قوم پاک بھارت جہازوں کی لڑائی دیکھنے چھت پر جا چڑھتی ہو اس کو کپتان کرونا وائرس سے محتاط رہنے کا کہہ رہا ہے۔

DSM-6۔ میٹھا سچ 94

بھارت کے بابا رام دیو کو کرونا کا مرض تو معلوم نہیں لاحق تھا کہ نہیں مگر علاج کے طور پر گائے کا پیشاب پی پی کر اتنی طبعیت خراب کر بیٹھا کہ ہسپتال داخل ہونا پڑا۔

DSM-7 ۔ میٹھا سچ 95

تمام دنیا بند، مریض گھر سے دور، مگر گھر میں جنگی صورتحال۔ جا کرونا تیرا بیڑہ غرق۔ اس سے اچھا تھا کہ بیمار ہو کر ان سے دور قرنطینہ میں پڑے رہتے۔

DSM-8 ۔ میٹھا سچ 96

کرونا پھیلانے میں میرا قطعاً کوئی ہاتھ نہیں میں تو تیس برس قبل ویسے ہی صرف بیس کرونے لے آیا تھا پاکستان ڈنمارک سے۔

DSM-9 ۔ میٹھا سچ 97

بیوی کے سامنے ڈٹ جاتا ہوں اور جب بھی حق بات کرتا ہوں تو پھر نجانے کیوں کئی روز تک کچھ دکھائی نہیں دیتا۔

10۔ میٹھا سچ DSM98

اگر ایسا ہوا کہ پوری دنیا میں کرونا وائرس سے ایک بھی یہودی نہ مرے اور پھر علاج بھی وہی تلاش کرلے تو پھر تو اسے حق ہے نہ کہ اپنی مرضی کی قیمت وصول کرلے (منقول)

---

1 میٹھا سچ۔98۔

XXXXXXX

2۔ میٹھا سچ 99

مسجدوں مندروں میں سائنس کو گالیاں دینے والے اب سائنسدانوں کے انتظار میں سرخ قالین بچھائے پھولوں کے ہار لئے کھڑے ہیں۔

DSM-3 ۔ میٹھا سچ 100

ایک اور نج ٹرین کی قیمت میں 150 ایف 16 آتے ہیں اور ایک ایف 16 کی قیمت میں 10 ہزار وینٹی لیٹر آتے ہیں۔(بشکریہ مسعود انور)

DSM-4 ۔ میٹھا سچ 101

میاں شہباز شریف آج رات واپس تشریف لا رہے ہیں۔ انکو آتے ہی 14 دن قرنطینہ میں رکھنے کے بعد کورونا کی سرکوبی پر بھیج دیا جائیگا۔

DSM-5 ۔ میٹھا سچ 102

نون لیگ کو موت سے بچانے کیلئے کسی ایجنسیوں کے بندے کی ضرورت تھی لہذا شہباز شریف نے بھائی یا پارٹی کی موت پر پارٹی کو فوقیت دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

6 🙏 DSM- 😂 ۔ میٹھا سچ 103

اِن دِنوں کارِ عاشقی ہے یہ
دُور رہیئے، یہی مُحبّت ہے

7 🙏 DSM- 😂 ۔ میٹھا سچ 104

کیا پی پی میں مراد شاہ جیسے "شہباز" بھی ہیں؟ بیچارا اکیلا ہی باقیات بھٹو کا کرپشن زدہ چہرہ دھوئے جا رہا ہے مگر میل ہے کہ اترنے کا نام نہیں لے رہی۔

8 🙏 ۔DSM 😂 ۔میٹھا سچ 105

روسی حکومت نے عوام کو گھروں میں پابند رکھنے کیلئے سڑکوں پر 800 شیر چھوڑ دیئے ہیں۔ ہماری عورتوں کیلئے تو کاکروچ اور مردوں کے لئے پنگو کتا ہی کافی رہے گا۔

9 🙏 ۔DSM 😂 ۔میٹھا سچ 106

معلوم نہیں حکومت کے وزیر مشیر کرونا سے ڈر کر لاک ڈاون ہو گئے ہیں یا لفافہ صحافی انہیں قصداً سزا دے رہے ہیں۔

1۔DSM ۔میٹھا سچ 107

گھر بیٹھے خاوندوں سے متاثرہ بیویاں یہ آپس میں معنی خیز گفتگو کرتی سنی گئی ہیں کہ یا اللہ ہر طرح کے کورونا وائرس سے جان چھڑا۔

2۔DSM ۔میٹھا سچ 108

مرد بیچارے اتنا کورونا وائرس سے نہیں ڈر رہے جتنا گھرونا اور گھورنا وائرس سے ڈر رہے ہیں۔

3۔سعدیہ علی

یہی طریقہ شوہر حضرات کے لئے بھی ہے ایک وقت میں ایک سبزی بنوانی ہے ہر دو گھنٹے بعد ایکٹویٹی بدل دینی ہے ایک دن میں دو سے زیادہ کام نہیں کروانا ہیں۔ جیسے ہی ماتھے پر بل نظر آئیں فوراً فون پکڑا دیں زیادہ چڑچڑانے کی صورت میں دو چمچے پینا ڈول دے کر تکیہ پکڑا کر بیوٹی سلیپ کے لئے بھیج دیں۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اور بیویوں کو ہر دو دو گھنٹے بعد چائے بنوا بنوا کر ہلکان کر دیں جونہی ماتھے پر بل پڑے تو فوراً اس کے بہن بھائیوں کی تعریفیں شروع کر دیں۔

DSM-4 ۔ میٹھا سچ 109

کورونا کہیں عورتوں کی سازش تو نہیں۔ لگ جائے تو عورت سے دگنے مرد مرتے ہیں اور اگر مرد گھر بیٹھ جائے وہ ویسے ہی ڈر کر مر جاتا ہے۔

DSM-5 ۔ میٹھا سچ 110

ہماری تقریباً ساری صحافت ہی زرد ہے لیکن لفافے صحافی رؤف کلاسرا نے آج اپنے آپ کو اس دور کا "پلاسٹک کا شورش کاشمیری" منوالیا ہے (بشکریہ عماد احمد)

DSM-6 ۔ میٹھا سچ 111

XXXXX

DSM-7 😂 ۔میٹھا سچ 112

لاک ڈاون سے کورونا سے تو شاید جان چھوٹ جائے مگر بعد میں لمبی لمبی نیند سے جان کیسے چھوٹے گی بھلا؟

DSM ۔ 8 😂 ۔میٹھا سچ 113

بند ریلوے کے ڈبے، کمشنر و ڈپٹی کے سرکاری گھر، ریسٹ ہاؤسز، لیڈروں کی حویلیاں اور درگاہیں اگر انہی کے خرچے پر قرنطینہ میں بدل دیں تو یہ خود کورونا کو نہ آنے دیں۔

۔9

فارسی	اردو ترجمہ
شہر خالی، جادّہ خالی، کوچہ خالی، خانہ خالی	شہر خالی، رستہ خالی، محلہ خالی، گھر خالی
	پیالہ خالی، میز خالی، ساغر و پیمانہ خالی
جام خالی، سُفرہ خالی، ساغر و پیمانہ خالی	

اگر چار سالہ پرانا یہ عشقیہ فارسی گیت آج کے لاک ڈاون پر صرف اس لئے فٹ آتا ہے کہ اس میں خالی خالی دنیا کا ذکر ہے تو کل کلاں تیسری عالمی جنگ یا قیامت پر بھی بآسانی فٹ کیا جا سکے گا۔ ۔

🙏 DSM 10 😂 ۔میٹھا سچ 114

کپتان صاحب کچھ ہنسی مزاح، کچھ جھوٹ یا کچھ ڈرامہ بھی کر لیا کرو۔ ان باتوں کی عادی بیچاری عوام بد ہضمی کا شکار ہو رہی ہے۔

1۔ آپکی اجازت سے۔۔114

فارغ بیٹھا تھا سوچا چلو تحقیق کر لیں۔ ابھی تک میری معلومات کے مطابق پاکستان میں کرونا وائرس کی دس اقسام پائی جا رہی ہیں:

1. ایران والا... "سید کورونا شاہ بُخاری"
2. تبلیغی... حاجی "کورونا دامت برکاتہم
3. یورپ سے آیا... "مسٹر کورونا وائٹ"
4. سعودیہ والا۔۔۔۔"سیدی الشیخ تل کورونا الاسیری"

5. بھارتی۔۔۔۔"شری کورونا چدم برم""

6. روس سے آنیوالا۔۔۔۔"میخائل کو کورونووچ""

7. چین سے بھیجا جانے والا۔۔۔۔"شی شاو کورونا پی پاو"

8. امریکی۔۔۔۔"رابرٹ موکورونے دوم"

9. افغانستان۔۔۔۔"گل کورونا آفندی" اور

10 لاپرواہی والا پاکستانی..."مختار کورونوی وڑ جانی دا"

مزید تحقیق جاری ہے۔

Reference:

Mahmood, S, et al. 2020. J. Wakhyatology. Faisalabad. p: 302.

2 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 115

لاعلمی اور غربت بھی کئی بار نعمت بن جاتی ہے جیسے کہ ہمارے پاس کورونا ٹیسٹ کٹ کافی تعداد میں نہ ہونے سے اس عفریت کی شدت کا پتہ ہی نہیں چل رہا۔

3 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 116

کرنسی نوٹوں کے علاوہ جونہی افواہ اڑی کہ اخبار بھی کورونا پھیلا سکتا ہے تو مشورہ آیا کہ بیگم سے کہیں اخبار پڑھ کے سنا دیا کرے۔

🙏 DSM 4 😂 ۔میٹھا سچ 117

پاکستان انتہائی پڑھے لکھے ممالک میں سر فہرست آ گیا ہو گا۔ گیارہ کروڑ تو کورونا ہی میں پی ایچ ڈی ہیں۔

DSM ۔5 ۔میٹھا سچ 118

ریلوے، اورنج لائن، بی آر ٹی، میٹرو وغیرہ کے ڈبوں کو عارضی طور پر کورونا وارڈز میں تبدیل کرنے سے کم از کم انکی دیکھ بھال تو ہو جائیگی۔

6۔ سعدیہ علی کہتی ہیں کہ وزیر اعظم ہاوس سے سرور کو نوکری سے نکال دیں رات سے درخواست اپلوڈ نہیں ہو رہی ہر بار یہی جواب ملتا ہے کہ سرور کام نہیں کر رہا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

سعدیہ علی

اگر کورونا وائرس کی آئسولیشن کے دنوں میں آنٹی نادرہ شناختی کارڈ نہیں بنا پا رہیں اور انکل سرور بخار میں پھٹک رہے ہیں تو ان میاں بیوی کی طبیعت درست کرنے کے لئے پھر پڑوسن آنٹی وائرس سے پھٹکاریں پڑوانا پڑینگی۔

😂 7۔جب غربت دروازے پر کھڑی ہو تو عشق بھی پچھلی کھڑکی سے کود جاتا ہے۔

8۔ 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 119

آجکل صبح صبح شاپنگ ایسے کی جا رہی ہے کہ جیسے کورونا لیٹ اٹھتا ہے۔

9 🙏 ۔ DSM ۔میٹھا سچ 120

Bed to Bath to Chair and then again to Bed ...

A Vicious Circle ...

10 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 121

تمام مذاہب بھی تو اب تیرے سامنے شرمندہ ہو رہے ہیں۔چلے بھی جاؤ کورونا کیوں رہا سہا ایمان گنواتا ہے پگلے۔اب رلائے گا کیا؟

DSM 1 میٹھا سچ 122

لوگوں کی مدد کے لئے راشن بانٹنے کیلئے اسلحہ بھی ساتھ رکھیں اور تقسیم کرتے ہی بھاگ نکلیں ورنہ غریبوں کی لوٹ مار کے بعد راشن دکانوں پر جا بکے گا۔

2۔ بچپن میں ہم جہانگیر ترین تھے۔ کچن سے چینی چوری کر کے کھا جاتے تھے۔

ارشو جی

ڈاکٹر صاحب۔ اس پوسٹ کو ڈیلیٹ کر دیں۔ اس نے ابھی بھی 12 روپے کم کر دیئے ہیں۔ چور کون ہے جلد ہی پتا چل جائے گا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ارشو جی

جب تک اصل چور تک نہ پہنچ جائیں تب تک سامنے والے کو تو پکڑ کر رکھیں۔ ۔

ارشو جی

Sultan Mahmood

You don't have any right to defame someone...nor you are permitted to character assassination....so please delete it....

Sultan Mahmood

You are educated person... if you behave like this then ....so correct your attitude and remove it.

Sultan Mahmood

ارشو جی

سلطان محمود ، آپ کو کسی کو بدنام کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ نہ ہی آپ کو کردار کشی کی اجازت ہے۔ لہٰذا اسے حذف کر دیں۔ سلطان محمود

آپ پڑھے لکھے آدمی ہیں۔ اگر آپ کا ایسا برتاؤ ہے تو پھر تو اپنا رویہ درست کریں اور اسے ہٹا دیں۔ مجھے دوبارہ نہ کہنا پڑے۔ بہتر ہو گا کہ مثبت کردار ادا کریں۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ارشو جی

محترم کیا یہی مثبت کردار رہ گیا ہے کہ جو ناپسند ہو اسے لتاڑتے جاؤ اور اگر ویسا ہی کام اپنا ساتھی کرے تو معافی تلافی۔ نہ صاحب اگر جہانگیر ترین صاف رہ کر کھرب پتی ہو گیا ہے تو نواز، شہباز، زرداری، اسحق، فضل الرحمان، شرجیل میمن، الطاف حسین وغیرہ کو بھی درگزر کر کے معاف کر دینا چاہئیے۔ دوسری بات اگر آپ کو میری پوسٹ پر اعتراض ہے تو زبردستی ڈیلیٹ مت کرائیں۔ یا تو جاندار انداز میں منطقی مخالفت کریں یا پھر چپکے سے آگے بڑھ جائیں وگرنہ انفرینڈ کر دیں۔

سلطان محمود یہ پوسٹ ڈیلیٹ کروا کر ہی ان فرینڈ کروں گا۔ فکر نہ کریں۔

نامکمل علم کی بنیاد پر یا سنی سنائی باتوں کو آگے بڑھانا پراپیگنڈا کہلاتا ہے۔Defamation Act کسی بھی شہری کو اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔

جن لوگوں کے نام لیکر آپ اس پوسٹ کو ڈیفینڈ کر رہے ہیں یہ وہ ہیں جنھوں نے ٹیکس کے پیسے کو لوٹا۔ دوسری سائیڈ پر جہانگیر ترین آج بھی ان چوروں کے مقابلے میں 12 روپے کلو کم ریٹ حکومت کو آفر کیا ہے۔ آپ کی باتوں سے تعصب اور جنوبی پنجاب سے مخالفت کی بدبو آ رہی ہے۔

اگر آپ کے پاس کوئی ثبوت ہیں تو ضرور سوشل میڈیا پر لائیں۔ میں آپ کے ساتھ کھڑا ہونگا۔ بصورت دیگر آپ کو اپنے رویے پر نظر ثانی کرتے ہوئے معافی مانگنی چاہیے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ارشو جی

اوہو اب سمجھا آپ جنوبی پنجاب کی سیاست کے تعصب کا شکار ہیں۔ میں چونکہ سارے پاکستان سے ایک جیسی محبت کرتا ہوں اس لئے مجھے پرواہ ہی نہیں ہوتی کہ کون کیا سوچتا ہے۔ محترم معذرت آپ کے حکم کو بجا نہیں لا سکتا۔

ارشو جی

https://m.facebook.com/story.php?story_fbid=136587741252453&id=100047036844135

سلطان محمود آپ یہ پوسٹ پڑھ لیں۔ پی ٹی آئی کے لوگ آپ سے گالی گلوچ کریں۔۔ آپ اس سے پہلے ہی اس کو ڈیلیٹ کر دیں۔ آپ کو یہ لگ رہا ہو گا کہ میں جہانگیر ترین کو ڈیفینڈ کر رہا ہوں۔ حقیقت میں آپ کو ان چیزوں سے دور رہنے کا کہہ رہا ہوں۔ شکریہ کے ساتھ۔ چلیں۔ پھر آپ کی مرضی

از ڈاکٹر سلطان محمود

حضور آپکی کیئر اور خدشے کے پیچھے چھپی محبت کا شکریہ۔ چلیں تماشہ دیکھتے ہیں پی ٹی آئی کے ظرف کا بھی۔ پوری پی ٹی آئی میں میں صرف عمران کا حامی ہوں۔ میں لاہور سے ہوں اور علاقائی تعصب کو اپنے لئے لعنت سمجھتا ہوں۔ سارے پاکستان میں کام کرتے وقت بیشمار دفعہ لسانی، علاقائی، مذہبی

وصنفی تعصب کا شکار رہا ہوں مگر ماتھے پر بل لائے بغیر ان کے معاملات سنے اور ان ہی کے رہنماوں کی بد نیتی ان پر واضح کرتا رہا۔ تمام محب وطن آج بھی میری عزت کرتے ہیں۔ اگر پی ٹی آئی کا ناسمجھ نوجوان مجھ پر تنقید کرلے گا زیادہ سے زیادہ گالی گلوچ پر اترے گا تو کم از کم وہ اپنے تئیں ننگا ہو کر دکھا دے گا جس سے الٹا میرے ہی موقف کو تقویٰت ملے گی۔ محترم کوٹ ادو میں ڈیوٹی کے دوران مجھے ایک بار بینظیر پر تنقید کے ضمن میں شدید ترین تعصب کا سامنا کرنا پڑا مگر وقت نے الٹا اسی شخص کو اسی کی کمیونٹی کے سامنے بے عزت کر کے مجھے بولنے کا موقع نہیں دیا۔ میں حقائق کے ان چند جاننے والوں میں سے ہوں جو گواہ ہیں کہ پاکستان کے پسماندہ طبقات میں انہی کے اپنے رہنماؤں کا ہاتھ ہے۔ باہر کے لوگوں کا نہیں۔

پھر ان فرینڈ کر گیا۔

3۔ برائے سعد حسن ملتان

سعد حسن جی درست فرمایا نیویارک ہی ہے۔ شکر ہے آپ نے بتا دیا کہ سکرین شارٹ ہے ورنہ میں کہنے ہی والا تھا کہ گیارہویں والے کی کرپا سے بائیں طرف کے گیارو ہیں نیلے پلازے کی گیارہویں منزل کے گیارہویں فلیٹ میں میں گملہ نمبر گیارہ کا گیارہواں پھول سونگھتے ہوئے گیارہ تاریخ کو صبح گیارہ بجے جب گیارہواں گانا گنگناؤں تو آپ میرے پاس چلے آنا تاکہ میں واپسی کا کرایہ آپ سے لے کر لاہور واپس آسکوں۔

🙏 DSM۔ 4 ۔{ }میٹھا سچ 123

پرائمری میں تھے زلزلہ آیا، میٹرک میں سیلاب، یونیورسٹی پہنچے تو ڈینگی، کمانے لگے تو کورونا آ گیا، اور شادی ہوتے ہی دجال مل گیا۔ منقول

🙏 DSM۔ 5 😂 میٹھا سچ 124

لاک ڈاون میں سستی کے باعث داڑھی رکھنے والے بھی نہ کہیں کہہ دیں کہ خواب میں حضور صلعم کی زیارت کے بعد داڑھی کا حکم ہوا تھا۔

6۔ سعدیہ علی

اگر بھٹو زندہ ہے تو اسے کورونا ہو سکتا ہے اگر اسے کورونا ہو گیا تو کورنٹین کیسے کریں گے ؟۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

سوال پیچیدہ مگر جواب سادہ سا ہے۔ زمینی و ذہنی صفائی ستھرائی سے دونوں کا خاتمہ کر دیں۔

7۔ DSM ۔ میٹھا سچ 125

تمام تر خوبیوں کے باوجود اگر کوئی منحوس ترین شخص دیکھنا ہو تو عامر لیاقت حاضر ہے۔

🙏 DSM۔ 8 😂 میٹھا سچ 126

پہلے عورت عمر چھپاتی تھی اور مرد آمدن۔ مگر جب سے مرد نے آمدن بڑھا کر بتانی شروع کی ہے اب اسکے لئے عشق چھپانے مشکل ہو رہے ہیں۔

9۔ DSM 😂 میٹھا سچ 127

بے فکر اور گندے ماحول میں زندگی گزارنا نیز BCG ویکسینیشن سے بنی ہماری قوت مدافعت کی وجہ ہی سے شاید کورونا ہمارے ہاں بے بس ہے۔

10۔ وسیم عباس۔

کیا بے وفائی بال سفید کر سکتی ہے؟ ۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

یہ تو پتہ نہیں مگر بال سفید ہونے سے دوسرا بے وفائی پر اتر سکتا ہے۔

1۔ میٹھا سچ 128۔DSM

تازہ تحقیق کے مطابق دو شخص کم از کم 13 فٹ پرے رہیں۔ عقل والوں کو بس اشارہ ہی کرنا تھا کیونکہ زیادہ تر بیڈ روم 12x12 فٹ کے ہوتے ہیں۔

DSM-2 ۔ میٹھا سچ 129

ہر سو سال بعد وبا، دس سال بعد سیاسی افراتفری، سال بعد امتحان، ہر ماہ لاکھوں کے خرچے اور روزانہ صبح بیوی کی زیارت۔

DSM-3 ۔ میٹھا سچ 130

خان جب خوش ہوتا ہے تو بیویاں بدلتا ہے

جب ناراض ہو تو وزارتیں بدلتا ہے (عادل اعوان)

4۔ میاں وقار

کچھ لوگوں کی وزڈم اتنی ڈیپ ہوتی ہے کہ اکثر تو انہیں خود ہی سمجھ نہیں آتی کہ وہ آخر کہنا کیا چاہتے ہیں ۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اردو کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے

اس پوسٹ کو اگر آپ یوں لکھتے تو زیادہ بہتر نہ رہتا؟

"سم پیپل کی وزڈم اتنی ڈیپ ہوتی ہے کہ آفٹن تو انہیں خود ہی انڈر سٹینڈ نہیں ہوتا کہ وہ سپیک کیا کرنا وانٹتے ہیں "

🙏 DSM 5 ۔ میٹھا سچ 131

کورونا لاک ڈاون کو زیادہ گالیاں کراچی کے اس پانی مافیا سے پڑی ہیں جو مدت سے لیاری، ملیر وغیرہ کا گھریلو پانی انڈسٹری کیلئے چوری کر رہا تھا۔

6 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 132

ہربل، طب یونانی وہومیوپیتھی نالاں ہیں کہ طب جدید کورونا علاج میں انہیں وقعت نہیں دیتی۔
ارے بھائیو فارما مافیا کو پکڑو جو آپکے طریقہ علاج کو سائنس ہی نہیں مانتا۔

7 🙏 DSM 😂 میٹھا سچ 133

ممکن ہے مستقبل میں کورونا والی سرکار۔ یا پیر مرشد سخی کرونا سائیں کے نام کے مزارات بھی وجود میں آجائیں۔ ماخوذ

8 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 134

ترقی یافتہ ممالک بھی کتنے احمق ہیں جو امیر سے ٹیکس لے کر غریب کو سبسڈی دیتے ہیں۔ تبھی انکے حکمران مال بھی نہیں بنا سکتے اور اوپر سے کھنچائی بھی کراتے ہیں۔

🙏 DSM 9 😂 ۔میٹھا سچ 135

ہماری قوم کو فرشتہ صفت حکمرانوں کی اتنی عادت ہو گئی تھی کہ اب عمران جیسے "جھوٹے" کی حکومت میں گھٹن محسوس ہوتی ہے۔ ظفر اقبال

🙏 DSM 10 😂 ۔میٹھا سچ 136

اور مسلمان تقوے کی طرف دھیان دینے کی بجائے پکوڑے اور شربت کے بارے میں سارا دن خجل ہوتے رہینگے۔ 😂 😂

DSM1 ۔میٹھا سچ 136

رمضان المبارک خوش آمدید۔ جب ہم تقویٰ، عبادت اور غریب کی مدد سے پہلے پکوڑے، بھارتی فلم اور دگنے منافعے کا سوچیں گے۔

DSM 2 ۔ میٹھا سچ 137

پاکستانیوں کی بہتر قوت مدافعت دیکھ کر گوروں کا بھی روزانہ تین چمچے دھول، ملاوٹ والے دودھ کے ساتھ کھانے کا فیصلہ (عارفہ وسیم)

DSM۔ 3 ۔ میٹھا سچ 138

بچے بھی کتنے معصوم ہوتے ہیں۔ کل گاجر کا جوس دیا تھا، پھر تربوز کا۔ آج سوچا دودھ پلا دیتے ہیں تو ایک بولا بابا کیا یہ گائے کا جوس ہے؟

DSM4 ۔ میٹھا سچ 139

لاک ڈاون کا بیڑہ غرق جس نے ہماری دہائیوں کی اس مشقت پر پانی پھیر دیا ہے جس میں ہم اپنی پیدائشی سستی و نکمے پن کو قابو کر کے کارآمد شہری بنے ہوئے تھے۔

DSM 5 ۔ میٹھا سچ 140

بجلی کے دو لاکھ کے ناجائز بل پر لائن مین سے مک مکا چل رہا ہے۔ اللہ کے کرم سے جلد ہی وہ پچاس ہزار لیکر کمپیوٹر ریکارڈ صاف کر دیگا انشاءاللہ۔

DSM 6 ۔ میٹھا سچ 141

لاک ڈاون اس لحاظ سے بھی رحمت ثابت ہوا ہے کہ "ویلی مہیلاوں" نے بھی کچن میں گھسنا سیکھ لیا ہے اور دو چار ڈشیں بھی بنانی آگئی ہیں۔

DSM 7 ۔ میٹھا سچ 142

ہمارا گھر تو سدا سے رات کلب اور دن ہسپتال تھا، پھر لاک ڈاون نے کلب ٹائم صبح 4 تک کر دیا مگر اب رمضان مبارک میں رات کا دن اور دن کی رات ہو گی۔

DSM 8 ۔ میٹھا سچ 143

آجکل بچپن کی تصویروں کا مقابلہ چل نکلا ہے۔ اب ہم کیا کریں ہمارے وقتوں میں تو کیمرہ ایجاد ہی نہ ہوا تھا ابھی۔

ناصر توقیر

جو کولمبس کے ساتھ تھی وہی شیئر کر دیں۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ناصر توقیر

اس تصویر کا کولمبس بیغیرت نے مجسمہ آزادی بنوالیا تھا۔

ریاض احمد اپل

ڈاکٹر صاحب، وہ سڑک کے کنارے پہ کنستر کیمرے تو ہوتے ہوں گے، جس کی سائڈ پر پاجامے کی ایک ٹانگ لٹکائی جاتی تھی۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

انجنیئر ریاض احمد اپل

جی وہ تصویر موجود ہے ڈھونڈھ رہا ہوں عنقریب شئیر کرونگا۔ ہاں یاد آیا۔ اس وقت پورے پیسے نہیں تھے لہٰذا کیمرہ مین نے میری پینٹ پھاڑ کر اس کی ایک سائڈ کی ٹانگ کا دوسرا کیمرہ بنالیا تھا۔

عبدالرحمان غازی

ڈاکٹر صاحب۔ بازو ڈال کر تصویر بنانے والا تو تھا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

عبدالرحمان غازی جی وہ بنوائی تھی جب ایم سی ھائی سکول کوتوالی روڈ میں پڑھتا تھا مگر عین وقت پر کیمرہ مین کا بازو ہل گیا اور میرے پیچھے سے گزرنے والی کھوتی رہڑی کی تصویر آ گئی۔ ۔

افضل ملک

تسی ایڈے بڈھے وی نئیں

ازڈاکٹر سلطان محمود

شکریہ سر۔ بس روزہ نباہ رہا ہوں افضل ملک

نورالازمان رفیق

ڈھیروں ہیں مگر بلیک اینڈ وائیٹ۔ دس روپے والے کوڈک کیمرے سے لیکر کلر ڈپولورائیڈ سے پینٹکس تک۔ میں ذرا شغلیہ مارکیٹنگ کر رہا تھا۔

احمد ندیم بٹ

ڈاکٹر صاحب اب آپ اتنے پرانے بھی نہیں ہیں۔ قائداعظم اور علامہ اقبال کی بچپن کی تصویریں موجود ہیں۔ آپ دکھانا نہیں چاہتے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

جی وہ گوروں نے کھینچی ہونگی مجھ پر تو حضرت شاہ ولی اللہ نے پابندی لگا رکھی تھی۔ احمد ندیم بٹ

احمد ندیم بٹ

سلطان محمود شاہ ولی اللہ اکبری منڈی کے سامنے ؟

ازڈاکٹر سلطان محمود

احمد ندیم بٹ

نہیں وہ میرے بچپن میں ڈاکٹر مارٹن لوتھر کنگ کے ساتھ والے گھر میں رہتے تھے۔ ۔

9 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 144

اگر ڈرامہ "تم میرے پاس ہو" نہ دیکھنے پر ہم زندہ و تابندہ ہیں تو اللہ کے فضل سے "ارطغرل" نہ دیکھنے پر بھی بخشش ہو ہی جائے گی۔

10 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 145

لاک ڈاون کی "برکت" سے فیروز گیلانی کا سفر نامہ امریکہ کا مطالعہ مکمل ہونے پر "محترم کورونا" کا بھی وقت دلانے کا شکریہ۔

DSM1 ۔میٹھا سچ 155

ہر لڑکے کو ایک ہی وقت میں دو شادیاں کرنی چاہئیں اور دونوں سے صرف ایک ایک بچہ۔ خلاف ورزی پر ایک شادی اور بغیر بچے کے۔

DSM2 ۔ میٹھا سچ 156

کیا فوج میں کوئی ریلوے کا ماہر نہیں؟

DSM3 ۔ میٹھا سچ 157

روایتی میڈیا تو خیر بکاؤ مال ہے اور ایک لفافے کی مار۔ مگر سوشل میڈیا بھی یاد رکھے کہ اب اوپر سے لفافہ نہیں چھتر آنے کا وقت ہوا چاہتا ہے۔

DSM4 ۔ میٹھا سچ 158

یہ کاپی کرنا بھول گیا ہوں۔

5 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 159

رمضان میں کھانوں کی تصویریں لگانے والوں کے نزدیک روزہ کھابے کا نام ہے جس کا تزکیہ نفس سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔

DSM-6

۔مطربہ شیخ

سحری میں تمھارے ساتھ میٹھا پراٹھا کھانا چاہتی ہوں، لسی پینا چاہتی ہوں۔میری سادگی دیکھ کیا چاہتی ہوں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

اتنی سیدھی بھی نہیں ہیں آپ سحری کے بعد تو بندہ بندی ویسے ہی خرچ ہو چکے ہوتے ہیں۔ایک معمولی سی گپ بھی نہیں لگا سکتے کجا کہ "اٹھکیلیاں" کرتے پھریں۔ ۔

7 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 160

ماننا پڑے گا کہ فردوس عاشق ایک آہنی خاتون تھیں جو ان کا کام دو مردوں کو سنبھالنا پڑا ہے۔

8 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 161

اللہ کی بے آواز لاٹھی اتنی جلدی چلتے نہیں دیکھی جتنی مولانا طارق جمیل کی ہتک کرنے والوں پر پڑتے دیکھی۔دجال میڈیا لے لے اب، اوپر جو تا اور نیچے ڈنڈا۔

9 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 162

تعجب ہے کہ دنیا بھر میں اداروں کی بندش سے ملکی معیشت ڈوب جاتی ہے مگر ہمارے ہاں ملک فائدے میں رہتا ہے۔اب پی آئی اے اور ریلوے ہی دیکھ لیں۔

10 🙏 DSM۔ 😂 ۔میٹھا سچ 163

کورونا وائرس بھی فیس بک کے خاموش تماشائی دوستوں جیسا ہے۔نہ دکھائی دیتا ہے اور نہ جگہ چھوڑتا ہے۔ہے بھی اور نہیں بھی۔

DSM1 ۔میٹھا سچ 164

محکمہ ماحولیات پنجاب کی 10 ماہ تک سرکاری بجٹ سے چھیڑ چھاڑ نہ کرنے پر نیچے سے پہلی پوزیشن پر آنا غماز ہے کہ نہ پیسے کو ہاتھ لگائیں گے اور نہ کام کو۔

DSM2 ۔میٹھا سچ 165

چڑیا گھر میں جانوروں نے ہنگامی اجلاس میں مطالبہ کیا ہے کہ اگر انسان ہمیں ملنے نہیں آسکتے تو انہیں پنجروں میں ہی بند کر کے ادھر لے آئیں تاکہ دل تو لگا رہے۔

DSM3 ۔میٹھا سچ 166

کورونا ہمارا کیا کر لیگا ہم تو فضائی آلودگی اور گندے پانی سے سالانہ دس لاکھ ہلاکتوں پر کبھی پریشان نہیں ہوئے۔ نہ ملاوٹ والی غذا ہمارا کچھ بگاڑ پائی ہے۔

DSM4 ۔ میٹھا سچ 167

روزے یا فاقے

ناصر احمد

قرآن و حدیث کی رو سے چار گناہ کرنے والے کی کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی اور نہ دعا قبول ہوتی ہے۔ جھوٹ بولنے والے کی، رشوت لینے دینے والے کی، ملاوٹ کرنے والے کی اور سودی نظام اپنانے والے کی۔

DSM5 ۔ میٹھا سچ 168

لاہور کے سخت لاک ڈاون میں آدھا شہر کھلا رہا، نرم میں پورا کھل گیا ہے۔ اب جب مکمل ہٹے گا تو کہیں ہم چارپائیاں سڑک پر نہ لے آئیں۔

DSM6 ۔ میٹھا سچ 169

کاپی کرنا بھول گیا۔

DSM 7 ۔ میٹھا سچ 170

نومبر 20 سے جون 21 کے بیچ پیدا ہونے والے بچے حلال تو تسلیم کئے جائینگے مگر برتھ سرٹیفیکیٹ جاری نہیں ہو گا کیونکہ وہ سوشل ڈسٹنس کی خلاف ورزی ہیں۔

DSM8 ۔ میٹھا سچ۔171

دنیا کے تمام مذاہب کے پیروکار اللہ کو سجدے کے بعد سب سے پہلے سائنسدانوں کی جانب سے کورونا کے علاج کی خوشخبری کا انتظار کرتے ہیں۔

DSM9 ۔ میٹھا سچ 172

اگر ہم میٹھے سچ کی پوسٹوں کی تعداد آدھی اور غذا و صحت والی دگنی کر دیں تو قارئین شائد پھر بھی خوش نہ ہوں مگر ہمیں علمی ہیضے سے علمی قبض ضرور ہو جائیگی۔

DSM10 ۔ میٹھا سچ 173

کورونا کے باعث ہاتھ دھو دھو کر جو ڈیڑھ گنا زیادہ پانی خرچ ہوا ہے اب اس کی بچت پورا سال نہ نہا کر ہی پوری کی جا سکتی ہے۔ ۔

DSM1 ۔ میٹھا سچ 174

وہی ہوا جس کا ڈر تھا۔ لاک ڈاون کی برکت سے بھارت 2 کروڑ بچے پیدا کر کے پہلے اور پاکستان 50 لاکھ کیساتھ چوتھے نمبر پر رہیگا۔

DSM2۔ میٹھا سچ 175

احمقوں کے نزدیک تعلیم کا مقصد علم نہیں بلکہ تن آسانی سے حاصل شدہ وہ ڈگری ہے جس سے نوکری اور پیسہ ملتا ہے۔

DSM3۔ میٹھا سچ 176

مشکل وقت میں کام آنے والے کو بھول جانے والے ضروری نہیں اناء پرست ہی ہوں۔ وہ نسلی بے غیرت بھی تو ہو سکتے ہیں۔

DSM4۔ میٹھا سچ 177

دنیا کی 50 فیصد دولت 1 فیصد لوگوں کے پاس ہے جو صرف 62 خاندان ہیں۔ 10 بڑی ملٹی نیشنلز کے پاس 180 ممالک کے برابر دولت ہے۔ پاکستان میں 1 فیصد کے پاس 99 فیصد ہے: آکسفیم

5۔ Samina Rasheed

Couples in Lockdown are in a dilemma,

whether they are…

‘Made’ for each other..

‘Mad’ for each other.. or

Mad at each other….

or..

‘Maid’ for each other..??

DR SULTAN MAHMOOD

First is true for pre-marriage couples, 2nd for newly married, 3rd for middle aged couples and you know 4th group is the old age group. 😜 😜

ثمینہ رشید

لاک ڈاؤن میں جوڑے مخمصے کا شکار،

… آیا کہ وہ

ایک دوسرے کے لیے 'بنائے گئے ہیں

ایک دوسرے پر پاگل

ایک دوسرے کے لیے 'پاگل'...

یا

ایک دوسرے کے 'نوکر'..؟؟

ڈاکٹر سلطان محمود

پہلے شادی سے پہلے کے جوڑوں کے لیے، دوسرا نئے شادی شدہ جوڑوں کے لیے، تیسرا درمیانی عمر کے جوڑوں کے لیے اور آپ کو معلوم ہے کہ چوتھا گروپ بڑھاپے کا گروپ ہے۔

6 🙏 DSM۔ 😂 ۔میٹھا سچ 178

مدرز ڈے پر ماں کو یاد کر کے کئی لوگ تصویر بھی لگا رہے ہیں۔ جو لڑکیاں تصویر نہیں لگا رہیں کیا ان کو شبہ ہے کہ وہ بڑھاپے میں ماں جیسی نظر آنا شروع ہو جائینگی؟ ۔

7 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 179

جتنے دن مزار بند ہیں، آئیں ذرا اللہ سے مانگنے کی ٹرائی تو کریں۔ ۔

8 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 180

ناول صنف ادب کی ایک ایسی نئی قسم ہے جس کی بنیاد سچ پر رکھ کر پھر ساری عمارت کا چھتہ جھوٹ سے بنا جاتا ہے۔ناول رومانوی، جاسوسی، تاریخی جیسا بھی ہو اس کو اگر نچوڑا جائے تو افسانہ برامد ہو گا اور اگر اس افسانے کو مزید کشید کریں تو بمشکل تین چار سطروں کا سچ نتھر کر سامنے آتا ہے۔اور انہی چار سطروں کو اگر طنزیہ انداز میں بیان کریں تو "میٹھا سچ" بن جاتا ہے۔تو پھر کیا فائدہ اس طوفانی رفتار سے اڑنے والے وقت میں ایک منٹ کے مطالعے پر ایک ہفتہ لگانے کا؟ سوائے کہ کچھ نئے الفاظ آپ کو استعمال کرنے آجاتے ہیں۔

چند سطروں کے ایک سچ پر پوری کہانی گھڑ لیں تو افسانہ، یا کئی سو صفحات کا جھوٹا چھتہ بن لیں تو ناول بن جائیگا۔بہتر ہے کہ اڑتے وقت میں "میٹھے سچ" پر اکتفا کریں۔

9 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 181

ان خواتین کا شکریہ جو عید کی لمبی خریداری کے ذریعے مرد کا حرام پیسہ چپکے سے برانڈز کی تجوری میں ڈال آتی ہیں۔ ۔

10 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 182

خوامخواہ کے زہریلے ساتھیوں سے فاصلہ رکھنے میں مدد دینے کے لئے "اے کورونا تیرا بہت شکریہ ۔ ۔"

DSM1میٹھا سچ 183

اگر کپتان کسی مصلحت سے نواز، زرداری اور دیگر قومی مجرموں سے قوم کی لوٹی دولت واپس نہیں لے پا رہے تو انہیں مر لینے دیں "اللہ خود پوچھ لیگا "

DSM2۔ میٹھا سچ 184

اعتکاف سے انکا واٹس ایپ ملا ہے۔۔

عبادت کے ہیں دن، انتظار کیجئیے۔

ایس ایم فائق

DSM3۔ میٹھا سچ 185

انگریزی لغت کو بھی نئے لفظ مل گئے۔۔

Chipped / Non-Chipped

4۔میٹھا سچ DSM186

کورونا تو ایک مردہ جراثیم ہے۔ ہمیں تو وہ سیاستدان ملا جس کی لاش بھی زندہ ہے۔ ۔

5۔سیاست کی بازی گری توبہ توبہ۔۔

بچو نگڑے بھی شعلہ نوا ھو گئے ھیں۔۔

(شورش کے وقت میں بلاول نہیں تھا)

6۔۔میٹھا سچ 187 🙏 DSM 😂

عبادت کی رات تھی اور پاکستانیوں کے ہاتھ کرنل کی بیوی چڑھ گئی۔(منقول)

7۔۔میٹھا سچ 188 🙏 DSM 😂

ہم بھی کیا زبردست لوگ ہیں۔ کورونا کے پچاس مریضوں پر روزانہ رات کو اذانیں دیتے تھے مگر اب تیس ہزار مریضوں کا سن کر شاپنگ کر رہے ہیں۔

8۔۔میٹھا سچ 189 🙏 DSM 😂

گو ہاتھ میں جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے۔۔

رہنے دو ابھی آیان و بلاول میرے آگے۔۔۔۔

میں شہید آیان ہوں مجھے مردہ مت کہو۔۔

(زرداری کا مرنے سے ایک روز قبل بیان)

9۔عامر رائے

سیدھی عورت کو گائے اور سیدھے مرد کو گدھا کہتے ہیں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

دونوں کے برابری والے حقوق کا خیال رکھتے ہوئے اچھا کیا ہے کہ دونوں کے لئے "گ" سے شروع ہونے والے الفاظ چنے۔ اگر ان خطابات کا کسی دوسری زبان میں ترجمہ کرنے کی کوشش کرینگے تو یہ غیر مساویانہ سلوک بن جائے گا۔ دونوں کی ایک اور منفی خصوصیت کے لئے بھی یہی حرف استعمال ہوا ہے۔ خود بوجھ لیں۔

10۔جنید بھٹی

میری گرل فرینڈ کہتی ہے کہ اگر تم مجھ سے سچا پیار کرتے ہو تو اپنا ہاتھ کاٹ دو۔

میں کیا کروں اب؟

ازڈاکٹر سلطان محمود

اگر اسے ٹنڈ ابوائے فرینڈ منظور ہے تو آپ بھی لکھ دو کہ مجھے لنگڑی لڑکی پسند ہے ۔

1۔۔میٹھا سچ 190 🙏 DSM 😂

2۔۔میٹھا سچ 191 🙏 DSM 😂

کورونا خطرے کے باعث 'تعلیم' کا شادی ہال اور سینما کے درجہ پر فائز ہونے کی وجہ سے آج 65 ویں دن بھی لاک ڈاون ہے مگر حجام کی بہر حال اپنی عظمت ہے۔

3۔۔میٹھا سچ 192 🙏 DSM 😂

ایک طرف تخیلاتی میڈیا پر ترکوں والا عثمان اور دوسری جانب زمینی حقائق میں ملک ریاض کا عثمان۔ جائیں تو جائیں کہاں ۔

4۔۔میٹھا سچ 193 🙏 DSM 😂

اگر چین کے پاس لیاقت، بو گرا، خواجہ ناظم، غلام محمد، محمد علی، سکندر، ایوب، یحیی، بھٹو، ضیاء، بینظیر، نواز، مشرف اور زرداری ہوتے تو دیکھتے کیسے ترقی کرتا۔

5۔۔میٹھا سچ 194 🙏 DSM 😂

ہمارا ایک ایسا بھی معصوم وزیر اعظم گزرا ہے جس بیچارے کو ایٹمی دھماکے اور ممبئی دھماکے کا فرق بھی نہیں پتہ تھا۔

شیری ملک

آپ کو سیاست نہیں آتی آپ کاپی پیسٹ پوسٹ کرنا چھوڑ دیں اپنے کام سے متعلقہ پوسٹ کرے جو ہمیں اچھی لگتی ہے جس کی لاٹھی اسکی بھینس۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

کاکے یار میں وہ فیس بکی دانشور نہیں ہوں جو کاپی پیسٹ کر کے وقتی گزارا کر رہے ہیں۔ آپ بچپن سے باہر نکلیں گے تو تب بھی بڑی مشکل سے سمجھیں گے ہمیں۔ میں آپکی پیدائش سے قبل یونیورسٹی یونین کا صدر تھا۔ سیاست تو ہمارے سامنے ہاتھ باندھے کھڑی رہتی ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

کیا بکواس لکھی ہے جو سمجھ میں بھی نہیں آ رہی۔ تم بھی بھاڑ میں جاو ہماری طرف سے۔ صاف ستھرے اور بڑے لوگوں میں تم جیسے چوچے کو رکھنا ویسے بھی ہماری بے عزتی ہے۔ پر اں مر خبیث۔

6۔۔میٹھا سچ 195 🙏 DSM 😂

پیپلیوں کے لیے سنتھیا کی ٹویٹ کا اردو ترجمہ بھی لکھنا ضروری ہے۔ بیچارے پٹواریوں سے بھی جاہل ہیں۔ (ملک مدثر بشیر)

7۔۔میٹھا سچ 196 🙏 DSM 😂

اس بار میں نے کورونا کی شرعی حجت کے باعث حج کا ارادہ نہیں کیا۔ پہلے ہمیشہ کوئی اور بہانا لگاتے تھے۔

8۔۔میٹھا سچ 197 🙏 DSM 😂

"یہودی ایجنٹ" نے تیل سستا کر دیا مگر "مدنی مالکان" نے پمپ بند کر دیئے (ماخوذ) لیکن "جنتی قوم" بوتلیں لیکر کیوں قطاروں میں کھڑے ہیں؟ کیا منہ سے آگ نکالنی ہے ۔

9۔۔میٹھا سچ 198 🙏 DSM 😂

بجٹ خسارہ کم کرنے کیلئے ہم یہی قربانی دے سکتے ہیں کہ ہر قسم کے میک اپ کی درآمد بند کر کے ہزار ارب روپیہ ہی بچالیں۔ کورونا نے عورتوں کی اصلیت تو بتا ہی دی ہے ۔

10۔۔میٹھا سچ 199 🙏 DSM 😂

دنیا میں اگر وزیر اعظموں کے تبادلوں یا ڈیپوٹیشن پر بھجوانے کا قانون ہوتا تو ہم 3 سال کیلئے نیوزی لینڈ کی وزیر اعظم جیسنڈرا آرڈن اور عمران کا باہمی تبادلہ کرا لیتے ۔

DSM1۔میٹھا س200

کراچی میں پیزا والے کے رونے پر ڈاکوؤں نے نا صرف سب کچھ واپس کر دیا بلکہ گلے لگا کے دلاسہ بھی دیا۔ نواز وزرداری بھائی ساری قوم رو رہی ہے آپ بھی عوام پر ترس کھالیں۔

یاسر چوہان

آپ کہہ رہے ہیں کہ تھوڑی غیرت چندہ خور نیازی کو بھی دلا دیں تا کہ چندے کے پیسوں سے لندن میں جائیداد خریدنے کے بجائے یہ پیسے عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

یاسر چوہان

کپتان کا مجھے یقین ہی کہ امانت کا ایک پیسہ بھی ذات پر خرچ نہیں کرتا۔ اس کا نواز شریف اور زرداری سے اس معاملے میں کوئی میچ بنتا ہی نہیں اس لئے میں کس بنیاد پر اسے بیغیرتی کا طعنہ دوں ؟

یاسر چوہان

آپ کا کہنا ہے کہ عمران خان اپنی ذات یا بہنوں کے نام پر پیسہ خرچ نہیں کرتا اور نہ ہی ترکی یا دبئی میں جائیداد لیتا ہے۔ اب تو اس کی اپنی لندن میں جائیداد بھی نکل آئی ہے۔ جس بندے کا کوئی کام دھندا نہیں، اس کے پاس لندن میں جائیداد کہاں سے آئی ؟

ازڈاکٹر سلطان محمود

یاسر چوہان

مجھے اس سستی بحث میں نہیں پڑنا میں پی ٹی آئی کا کارکن نہیں۔

یاسر چوہان

جی، میں حق اور سچ کی بات کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ آپ کا سوال سمجھ میں آرہا ہے کہ ایک شخص جس کا کوئی واضح ذریعہ معاش نہ ہو، وہ بیرون ملک جائیداد کیسے حاصل کر سکتا ہے۔ یہ ایک اہم اور جائز سوال ہے اور ایسی صورتحال میں شفافیت اور قانونی تحقیقات کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ عوام کو درست معلومات مل سکیں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

یاسر چوہان

میں اپنی سمجھ کے مطابق حق سچ ہی لکھتا ہوں۔ ہاں جہاں بات جھوٹ ثابت ہو جائے معذرت بھی کرتا ہوں۔ میں ہرگز بھی کپتان کا بلاگر نہیں مجھے جیسے آپ برداشت نہیں کرتے کپتان کے چمچے تو میرا جینا حرام کر دیں۔ میں پاکستان کا بلاگر ہوں جس نے عمران کو مزار پر سر جھکاتے دیکھ کر شدید تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ اور بھی بیشمار مقامات پر اس پر تلخ تنقید کی۔ ورنہ پی ٹی آئی کا نہ ہونے کے سبب چمچے مجھے جینے دیتے۔ اسی طرح پاکستان کو فوکس کر کے میں برابر وزن پر نواز، زرداری، بھٹو، ضیاء، مشرف، فضل الرحمان، قادری، ایم کیو ایم و جماعت وغیرہ کو بھی لتاڑ تا رہتا ہوں اور دبی دبی تنقید فوج کے سیاسی کردار پر بھی کرتا ہوں۔ گہری سمجھ والے لوگ مجھے بہر حال غیر جانبدار ہی سمجھتے ہیں آگے آپکی مرضی۔ کیونکہ میں تو اپنے موجودہ افکار سے پیچھے ہٹنے والا ہرگز نہیں۔

یاسر چوہان

آپ کا کہنا درست ہے کہ احتساب کا عمل صرف سیاستدانوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ ہر وہ شخص، چاہے وہ سیاستدان ہو، جج، جنرل، صحافی، بیوروکریٹ، یا کوئی اور عہدے دار، جس نے ملک اور قوم کو نقصان پہنچایا ہو، اسے جوابدہ ہونا چاہیے۔ شفاف اور غیر جانبدارانہ احتساب ہی قوم کی ترقی اور انصاف کی بنیاد بن سکتا ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اکثر صرف سیاستدانوں کا احتساب کیا جاتا ہے جبکہ دیگر افراد بچ جاتے ہیں۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے سبھی کو یکساں معیار کے تحت جوابدہ بنانا ضروری ہے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

یاسر چوہان

ہم تو پاکستان کے مقابلے پر کسی کو معافی نہیں دیتے۔ میں تو اپنے والد محترم مرحوم کو پیپلز پارٹی کی حمایت پر سخت باتیں کر جاتا تھا، پرویز صاحب کی حمایت پر نانا مرحوم سے ٹکرا جاتا تھا۔
شہباز شریف کی کمپنی میں ملازمت کے باوجود اس کے خلاف جو معرکتہ آرا کالم لکھے اور پھر اسی دور میں چھپوائے بھی بھلا ایسی ہمت کس میں تھی؟ ضیاء اور مشرف کے خلاف لکھنے پر مجھے دھمکی بھی ملی۔ تو بھائی ہماری نظر میں دودھ میں ملاوٹ کرنے والے، مجاہدین کو روکنے کے لئے آزاد کشمیر کی سرحد پر باڑ لگوانے والے اور قطر کے جھوٹے خط پیش کرنے والے ایک جیسے مجرم ہیں۔ باقی آپکی سوچ آپکے ساتھ اور اس کا آپکو حق بھی ہے۔

DSM2۔ میٹھاس 201

سندھ حکومت نے 2 ارب ٹڈی دل وفاقی فنڈ میں سے 60 کروڑ کی لگژری گاڑیاں خرید لی ہیں اب بڑے افسران ٹڈیوں کو گاڑی تلے کچل کچل کر ماریںگے۔

3 ثناء خواجہ۔

This is very inhumane post Dr Sultan I couldn't accept this from your side. She is a Gynecologist and charged higher than any other Dr. So, she only performed her duties. Making this type of Joke is not something funny.

یہ انتہائی غیر انسانی پوسٹ ہے ڈاکٹر سلطان میں آپ سے اس بات کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ اگر کوئی گائناکالوجسٹ ہے اور کسی بھی ڈاکٹر سے زیادہ چارج لیتی ہے، اس لیے اس نے صرف اپنے فرائض سرانجام دیے۔ اس قسم کا مذاق بنانا کوئی مضحکہ خیز بات نہیں ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ثناء خواجہ

محترمہ سوری کہ آپ سے خاتون کی تضحیک برداشت نہیں ہوئی جس کا ہمارا ارادہ بھی نہ تھا۔ مگر ڈاکٹر یاسمین نے سبھی لاہوریوں کی ریڑھ مار کر رکھ دی اس پر بھی تبصرہ فرمائیں۔ میں بیس برس سے انکے ساتھ منسلک ہوں وہ دھونس میں آکر اکثر آپے سے باہر ہو جاتی ہوتی ہیں۔

DSM4۔ میٹھا سچ 202

اگر پیٹی بھائیوں نے فائز عیسی کے حق میں فیصلہ دیدیا تو یقین کر لیں عدلیہ میں نواز شریف مافیا اب بھی بیحد مضبوط ہے۔

DSM5۔ میٹھا سچ 203

گھر میں قرآن مجید بند پڑا ہے اور اسلام ڈراموں سے سیکھا جا رہا ہے۔

بشکریہ محمد بشیر

نادیہ اسلم 6۔

اب تو پاپولر شاعری بھی ہاتھ سے گئی۔

DSM7۔ میٹھا سچ 204

جس طرح ہم غریبوں کی مائیں بہنیں بیٹیاں سانجھی ہوتی ہیں ویسے ہی سیاستدانوں کا ابا سانجھا ہوتا ہے۔

بشکریہ چیمہ صاحب

DSM8۔ میٹھا سچ 205

ماسک این 95 میں 95 موریاں ہوتے ہیں۔ ماسک پہنا ہو تو کرونا موری نمبر 96 سے بھی داخل ہو سکتا ہے: ڈورے مون

DSM9۔ میٹھا سچ 206

قائداعظمؒ کے وقت میں اگر کورونا آتا تو وہ 14 نکات کی بجائے کے حوالے سے کووڈ۔19 نکات پیش کرتے۔ زرتاج گل

DSM۔10۔ میٹھا سچ 207

نئی ڈکشنری: گائے سے گائینا کولوجسٹ، ڈینٹ سے ڈینٹسٹ، کوویڈ 19 سے 19 نکات، برا سے بیورو کریسی، بندر سے بندر گاہ، موچ سے موچی، چوم سے چومسکی نیز ریاض سے ریاضی۔

DSM-1۔ میٹھا سچ 208

دبئی سے ممبئی تک سمندری ٹیوب کے دو ہزار کلو میٹر کے رستے میں اگر ٹرین خراب ہو گئی تو مسافر منزل پر پہنچنے کے انتظار کے دوران مچھلیاں پکڑیں گے۔

DSM2۔ میٹھا سچ 209

دوست پوچھتے ہیں کہ کیا آپ نے پیاز میں سوراخ کر کے سرسوں کا تیل ڈال کر بتی جلانے سے مچھر بھگانے کا تجربہ کر لیا ہے؟ اب کیا دسوں کہ گنڈے تے بتی دا بست و بند کر لیا سی پر سریوں دا تیل منگن تے پھینٹی لگ گئی اے بیگم کو لوں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 1210

محض داڑھی رکھ کر اپنے آپ کو جنتی سمجھنے والے ایک حکیم صاحب ہماری پوسٹ میں اسلامی شخصیت کے ذکر پر یوں بدکے جیسے ان پر تنقید کے بعد اب میں مسلمان بھی نہیں رہا۔

DSM4۔ میٹھا سچ 211

افغانستان نے تیل گیس کی قیمت کم کر کے نہ جانے کس ملک کے منہ پر طمانچہ رسید کیا ہے لیکن کم از کم ہمارے ہاں تو کسی نے محسوس نہیں کیا حالانکہ پڑا یہ ہماری ہی عوام کے منہ پر ہے۔ ہم اور افغانستان دونوں ہی امریکہ کی طفیلی ریاستیں ہیں لیکن امریکہ نے دونوں سے چین مخالف مختلف کام

لینے کے لئے مختلف نوعیت کے معاوضے طے کر رکھے ہیں۔ ہمارے ہاں الیکشن چوروں کے ذریعے اسٹیبلشمنٹ کو کانا کر کے سی پیک روکا جا رہا ہے اور افغانستان کو امیر بنا کر نیز اسلحے سے لیس کر کے چین اور ایران کو بتی دی جائے گی۔

DSM-5۔ میٹھا سچ 212

انٹرنیٹ پہ جب کوئی حسینہ چند دن کی فرینڈ شپ کے بعد سیدھی انباکس میں آ جائے تو تیار رہیں وہ آپ سے پانچ دس ہزار روپے مانگنے والی ہے۔

آہو۔۔۔۔

ایک پبلک سروس میسج۔۔۔۔۔۔

DSM6۔ میٹھا سچ 213

ویسے تو تمام حواص خمسہ کا روزہ ہونا چاہئے مگر سب نے آپس میں میثاقِ دنیا کر کے صرف معدے کو ہی سزا دینے کا فیصلہ کر رکھا ہے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 214

دو بار بیڈ روم کے بلب چیک کر چکا ہوں کہیں کیمرہ ہی نصب نہ ہو۔ اگر جج محفوظ نہیں تو ہم کیا چیز ہیں؟

DSM8۔ میٹھا سچ 215

ایک اور بہترین ہیرا گلوبٹ تھا جو اب ہم میں نہیں رہا۔ لیکن مریم اور نگ زیب تو ابھی موجود ہیں انہیں بھی ایچی سن کی پرنسپل لگایا جاسکتا ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 216

عائشہ مسعود

دنیا میں وہ دور شروع ہو چکا ہے کہ مزاحمتی قوتیں قربانیاں دے کر برسوں سے مسلط مافیا کو اپنی موت آپ مرنے پر مجبور کر دیں گی۔

ڈاکٹر

کیا واقعی؟ یہ خواب کس نے دکھایا محترمہ؟ ایسا ہو جانا ایسے ہی جیسے دریا سمندر سے الٹا چل کر پہاڑوں پر واپس جا چڑھے۔

DSM10۔ میٹھا سچ 217

برائے مہربانی رفتار میں ایک صفر کم پڑھا جائے۔ 4800 نہیں 480 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ غلطی سے گاڑی کی رفتار والا فارم 45 گم ہو گیا تھا لہٰذا فارم 47 پر ہی گزارہ کرنا پڑا۔

یونس

اب تو ہم پڑھ چکے۔

ڈاکٹر

وہ تو آپ مطالعہ پاکستان بھی پڑھ چکے ہیں اس پوسٹ کو فارم 47 ہی سمجھ لیں۔

DSM{H}1۔ میٹھا سچ 216

نگاہیں آج بھی اس قلندر کو تلاش کرتی ہیں جس نے کہا تھا گرم موسم میں کرونا مر جائے گا اور اگر جلدی مارنا ہے تو گرم پانی پیو۔

ڈاکٹر رعنا ہادی

DSM2۔ میٹھا سچ 217

اچھا کیا کپتان نے پرانا پاکستان زرداری کو بیچ نہیں دیا تھا ورنہ ملک ریاض نے جس طرح نیا پاکستان خرید لیا ہے اس طرح تو دونوں ہی ہاتھ سے نکل جاتے۔

DSM3۔ میٹھا سچ 218

ویسے آپس کی بات ہے کہ مجھے کپتان کے پاس دو سو ماہرین رکھنے والے دعوے پر شروع دن سے ہی شک تھا کیونکہ مجھ سے کبھی عمران نے رابطہ ہی نہیں کیا۔

DSM4۔ میٹھا سچ 219

عورت کی لگائی بجھائی زیادہ موثر ہے یا مرد کی؟ اکثریتی مردوں کو بہنوئی اچھا سمجھتے ہیں مگر ہم زلف برا۔ بھلا کیوں۔

DSM-5۔ میٹھا سچ 220

اگر فیس بک ٹویٹر کسی پاکستانی کی ایجاد ہوتے تو پوسٹس کے نیچے "در فٹے منہ" اور "مگروں لتھ" کا آپشن ضرور ہوتا۔

بشکریہ سلمٰی رانی

DSM6۔ میٹھا سچ 221

بلاول کا سیاسی قد نہیں بڑھ رہا تھا بالآخر اسے بھی دہشت گردوں سے قتل کی دھمکی لگوانی پڑی۔

DSM7۔ میٹھا سچ 222

اگر برطانوی عوام دھن کمانے کے سو بہترین گر سیکھنا چاہیں تو جلد ہمارے سابق وزیر اعظم سے ٹیوشن لینا شروع کر دیں۔ پھر نہ شکوہ کریں کہ بتایا نہیں تھا۔

DSM8۔ میٹھا سچ 223

خان کی حکومت بڑی روادار ہے عید الفطر کے چاند پر سائنسدانوں کا ڈنگ ٹپا دیا اور عید الاضحیٰ پر ملاؤں کو۔

DSM9۔ میٹھا سچ 224

عمران نے وزارتیں بڑی سوچ سمجھ کے دی ہیں۔ ہوائیاں چھوڑنے والے کو ہوابازی، گرم انجن جیسے بندے کو ریلوے، مخول کرنیوالی کو ماحولیات اور سائنسی غبارے کو وزارت سائنس۔

DSM-10۔ میٹھا س 225

یا اللہ جنس بدلے بغیر ہر پوسٹ پر مجھے ہزاروں لائکس، تبصرے اور شئیر ملیں۔ زکربرگ مجھے ملنے پاکستان آئے تاکہ ناقدین جل مریں۔

DSM1۔ میٹھا سچ 226

کورونا کیخلاف کامیابی پر حکومت کو مبارکباد مگر اس کی شکست کا تعلق ہمارے گندے رہن سہن کے باعث بلند قوت مدافعت اور بین الاقوامی مدد کی بندش سے بھی ہے۔

2 میاں وقار

ڈاکٹر سلطان محمود آج آپکے ذخیرہ شدہ 4500 پیغامات کو انگلی لگ گئی اور خزانہ ہاتھ لگ گیا تو کئی ایک شیئر کرنے پڑے۔ شکریہ۔

3۔ ٹھرک یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں غور و فکر کرنے والا انسان۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اور سنسکرت میں عالم فاضل جبکہ رومن میں اس کا مطلب ہے صوفی بزرگ۔

DSM-4۔ میٹھا سچ 227

صرف قربانی ہی سنت ابراہیمی نہیں بیوی کو ریگستان میں چھوڑ کر آنا بھی سنت ابراہیمی ہے بڑی عید پر اس کو بھی یاد رکھیں۔

DSM5۔ میٹھا سچ 228

جن کے پیٹ میں عمرانی مروڑ اٹھتے ہیں وہ حکومت کے لاک ڈاون پر کوئی نہ کوئی اعتراض گھڑ لیتے ہیں۔ اگر ایسے ہی چلنا ہے تو ایک بار کپتان "ڈانگ ڈاون" کر کے ہی دیکھ لے شاید انہیں افاقہ ہو جائے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 229

کچھ نادان دوستوں نے حاسدانہ بہکاوے میں آکر ہمیں ایجنسیوں کا بندہ اور کچھ نے عمران کا بلاگر قرار دے رکھا ہے۔ ہم اسے اعزاز سمجھیں یا گناہ بے لذت؟

DSM7۔ میٹھا سچ 230

مفتی رشید احمد لدھیانویؒ کو کسی نے فون کیا کہ کوئی بندہ بھیج دیں قربانی کی کھال لے جائے۔ حضرت نے فرمایا کچھ دیر کے لیے خود بندہ بن جاؤ۔ (بشکریہ اظہر خالد)

DSM8۔ میٹھا سچ 231

آج ہمارا لائف سٹائل وہی ہے جس سے بزرگ نفرت کرتے تھے۔ رات تین بجے سونا، فجر نہ پڑھنا، دوپہر کو "ناشتہ"، مہمان سے بیزاری، باہر کے کھانے، لچر ڈرامے، آدھے لباس، ناجائز کمائی۔

DSM9۔ میٹھا سچ 232

اگر خان نے بروقت لفافے تقسیم کرنے والی ہڈی ڈال دی ہوتی تو صحافیوں نے پہلے سو دن ہی میں عوام سے نیا پاکستان منوا لینا تھا۔

10۔28جولائی2018

میٹھا سچ 41:ڈرے مرے

41 میٹھا س کا اس جگہ ہونا سمجھ نہ آیا؟40 والی لائین ہی نہیں،،، انعم

عمران کی کامیابی میں دور کا وٹیں ہیں۔

DSM1میٹھا سچ 233

سائنس کی برکت سے عبادت پہ بھی نکھار آ گیا ہے۔ آن لائن ہوم ڈلیورڈ بکرے، آن لائن چارہ، آن لائن قصائی، صفائی بذمہ ملاذمہ، گوشت لینے والے خود بخود آ گئے۔ فریزر زفل، جانور دیکھے تک نہیں، ہینگ لگی نہ پھٹکڑی اور رنگ بھی چوکھا آ گیا۔ ثواب بھی سارا ہمیں ملے گا۔

۔میٹھا سچ DSM2234

سڑک کنارے کسی جھاڑی پر اگر لال دوپٹہ پھینک دیں تو ہر گاڑی والا وہاں عورت سمجھ کر بریک ضرور لگائے گا۔

3 ۔DSM ۔ہم "ثناء" لکھتے رہے وہ "چنا" پڑھتے رہے۔۔۔

اس آٹو کوریکشن نے "نیپاک" کو "ناپاک" کر دیا۔۔۔

DSM4۔ میٹھا سچ 235

ہائے آٹو کوریکشن یہ کیا؟

ننھا= ننگا، لڑکی= کھڑکی، غفور= لنگور، چوں= چوم، نواسی= معاشی، جوہر= جوہڑ، نصرت= نفرت، دروغ= فروغ، نوکری= ناشکری، کبری= بکری

DSM5۔ میٹھا سچ 236

"ساہڈے بابے چنڑے پاندے تے گوریاں دے بابے پنگھڑے پاندے"

DSM6۔ میٹھا سچ 237

صرف کچے گھروندوں کی بستی والے ہی کبھی بارش نہ ہونے کی دعا نہیں مانگتے بلکہ کنکریٹ کے شہر کراچی والے بھی یہی دعا کرتے ہیں۔

DSM7۔ میٹھا سچ 238

حب الوطنی اس یقین کا نام ہے کہ تم جس ملک میں پیدا ہوئے وہ باقی دنیا سے بہتر ہے (برنارڈ شا) اور ایمان بھی اسی یقین کا نام ہے کہ تم کسی مذہب کے اندر پیدا ہو گئے وہ باقی سارے مذاہب سے بہتر ہے۔

DSM8۔ میٹھا سچ 239

سعودیہ سے فنڈ کھانے والے علماء سوء نے مشترکہ پریس کانفرنس میں اعلان کیا ہے کہ جدھر مائی باپ ادھر ہم لہٰذا آج سے ہمیں بھی یہودی ایجنٹ سمجھا جائے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 240

سیاسی و مذہبی دانشوری کے شوقیہ فنکار سستی بجلی کے معاہدے اور آقا کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کئے جانے پر خاموش سے ہیں۔ ہم ان کے دکھ کی گھڑی میں ساتھ ہیں۔

DSM10۔ میٹھا سچ 241

پاکستانی ملاوں کے پیٹ میں اگر عربی نوالے نہ ہوتے تو اتنی سوچ میں تو نہ پڑے ہوتے کہ اب کیسے عوام سے ایک بار پھر منافقت کر کے عربوں کے تلوے چاٹنے ہیں۔

۔میٹھا سچ 266 DSM 😂

اکیلا دکیلا نمبر اس لئے ہائی لائٹ کیا۔ انعم

سیریز: ہشتم

سوا دو لاکھ کے جوتے پہننے والی مریم نواز غریبوں کو حقوق دلوانے آئیں تاکہ وہ بچے کھچے امیروں کی دولت لوٹ کر نئے جوتے خرید سکیں اور انہی کے سروں پر مار بھی سکیں۔

DSM1۔ میٹھا سچ 279

اللہ نہ کرے مریم بینظیر بن کر ابھرے۔ اب عوام میں ایک اور باپ بیٹی کی شہادت کا صدمہ سہنے کی سکت نہیں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 280

فوج کا سیاست میں ملوث ہونا برا ہی ہو گا مگر جب راء، موساد، سی آئی اے یا دیگر دشمنوں کی زبان میں کوئی پاکستانی بھونکے تو اس پر لعنت بھیجتا ہوں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 281

کیپٹن صفدر کی گرفتاری کو پی پی کی صوبائی حکومت پر ڈالنے جیسی حرکت سے ثابت ہوا کہ کپتان کے مشیر ابھی سیاسی طور پر بالغ نہیں ہوئے۔

DSM4۔ میٹھا سچ282

پہلے پیاز چھیلتے ہوئے آنسو نکلتے تھے اب خریدتے ہوئے نکلتے ہیں(منقول)

DSM5۔۔ میٹھا سچ283

جو ڈی پی پر اپنی تصویر نہیں لگاتے کیا واقعی "کوجے "ہوتے ہیں؟

DSM6۔ میٹھا سچ284

وہ جو عورت کو سمجھ چکے ہوں ذرا یہ پہیلی بھی تو بوجھ کر بتائیں کہ گول پزا، مربع شکل کے ڈبے میں ڈال کر کھاتے ہوئے تکون کیوں بنایا جاتا ہے؟

DSM7۔ میٹھا سچ285

اگر آنے والے وقت میں دنیا پر ڈیجیٹل کرنسی کا راج ہو گیا تو نوٹ سونگھ سونگھ کر جمع کرنے والے ٹھرک کیسے پورا کریں گے؟

DSM8۔ میٹھا سچ286

بڑا نصیب تھا کہ ہوئی مصطفیٰ کی آمد۔۔۔

کب ہو گی مرے کردار میں اب انکی آمد؟۔۔۔

DSM9۔ میٹھا سچ 287

جب لڑکی دیکھنے جائیں تو پہلے گھر سے اپنا لڑکا بھی دیکھ کر جائیں۔(منقول)

DSM10۔ میٹھا سچ 288

آج میں آپ کو دنیا کی 9 بہترین کیز کے بارے میں بتاتا ہوں۔۔

اے کی

او کی

تینوں کی

میںوں کی

اونوں کی

ھور کی

ہویا کی

ساہنوں کی

فیر کی

ایسی اور معلومات کے لیے میرے اگلے اعلان کا انتظار کریں۔

DSM1۔ میٹھا سچ 289

سرد موسم شروع ہوتے ہی ملک کو ٹڈی دل سے محفوظ ملک قرار دے دیا گیا ہے کیونکہ سردی میں یہ مخلوق خود بخود مر جاتی ہے۔

2۔ میٹھا سچ DSM290

امریکہ والے بیچارے تو موجودہ گڑبڑ پر یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ جو کروا رہا ہے امریکا کروا رہا ہے۔

3۔ ۔ میٹھا سچ DSM291

میاں وقار صاحب ذرا یادداشت پر زور دیکر سوچیں کہ کہیں شاعری گھٹی میں ملا کر تو نہیں پلا دی گئی تھی آپکو۔ نیز یہ بھی دیکھیں کہ آپ نے شاعری ہوش سنبھالنے کے بعد شروع کی تھی یا اپنی ہی شاعری پڑھ کر ہوش کھو بیٹھے تھے۔

4 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 292

I show love to whom I'm impressed and never bother they are impressed by me or not.

میں ان سے محبت کا اظہار کرتا ہوں جن سے میں متاثر ہوں اور کبھی اس کی پرواہ نہیں کرتا کہ وہ مجھ سے متاثر ہیں یا نہیں۔

5۔ریحانہ کنول
ناک اور منہ کی بجائے ٹھوڑی پہ ماسک لگانے والے جینیئس مجھے انفرینڈ کر دیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

درست کہا مادام۔شادی والی پھپھو کہتی ہیں کہ کیا یہ داڑھی کا نیا کٹ ایجاد ہوا ہے؟اکثر حکومت مخالف تو کورونا کو چکاوہ دینے کے لئے ماسک محض ایک کان ہر لٹکا کر یوں گھومتے ہیں جیسے کورونا وائرس نے انکا ایک کان ہی پکڑنا ہے۔سچی ایسے لوگوں کا تو دوسرا کان کھینچ لینے کو دل کرتا ہے۔

6 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 293

ہم جب بھی کسی چور پر تنقید کرتے ہیں تو اس کے احمق اوران پڑھ چمچے ہمیں فوراً مخالف کا حامی سمجھ لیتے ہیں اور جب اس مخالف کی کمزوریوں کا ذکر کرتے ہیں تو ہمیں پہلے والے کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے۔ یہ ہمارا قومی مزاج بن چکا ہے جسے ہم بدلنے کے لئے تیار نہیں۔ حالانکہ پڑھا لکھا اور باشعور اسے سمجھا جانا چاہئیے جو ملک کی بہتری کا سوچے، طویل المدتی سوچ رکھے اور سچ جھوٹے میں تمیز کر سکے۔ ہم مسلمان اپنے آپ کو بت پرستی سے پاک تو سمجھتے ہیں مگر اس سے کہیں زیادہ خطرناک چیز شخصیت پرستی کا شکار رہتے ہیں۔ اللہ ہمیں عقل و خرد کا مالک بنادے۔ آمین۔

ڈاکٹر سلطان محمود

7 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 294

ماہ جبین

دوستی اور چائے کی خوبی انکی تیزی اور حدت میں ہے نہ کہ زیادہ مٹھاس میں۔

ایسا جواب دیں جو بالکل ہی پوسٹ کے الٹ ہو (ذہنی مشق)

ڈاکٹر سلطان محمود

دوستی بھی چائے کی طرح جلد ٹھنڈی ہو جانے والی چیز ہے لہٰذا جتنی مٹھاس چوس سکتے ہیں چوس لیں۔

8۔ میٹھا سچ 295 🙏 DSM 😂

ہر ٹی وی چینل پر کامیڈی کے نام پر میراثیوں کی فوج دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ عوام کو گہری پریشانی سے باہر نکالنے کا میڈیا کے پاس یہی ایک حل رہ گیا ہے۔

فائزہ خان

مزاح کے نام پہ عجیب و غریب پروگرام ہو رہے۔ جن میں مزاح نہیں بھانڈ پن زیادہ نظر آتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

قوم کو شستہ طنز و مزاح سے ہٹا کر بھانڈ پنے پہ لگا دیا ہے اور وہ بھی پروفیسر ٹائپ لوگوں نے جیسے آفتاب اقبال اور جنید۔

9 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 296

ایوب سے نواز شریف تک ہر حکومت کو مہنگائی و غداری کے نام پر الٹایا گیا مگر یہ دونوں بڑھتے ہی چلے گئے۔ خدا کیلئے اب حکومت کے خلاف مہم حب الوطنی کے نام پر چلائی جائے۔

10 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 297

مینار پاکستان کو پانی اس لئے دیا ہے کہ یہ بڑا ہو کر برج الخلیفہ بن جائے۔ فردوس عاشق اعوان

DSM1۔ میٹھا سچ 298

جن گھرانوں میں باپ بچوں کو مناسب وقت نہیں دیتے وہاں خالہ سے محبت اور پھپھو سے نفرت امی جان کا فن اور مہارت بن جاتی ہے۔ (نصف منقول)

DSM2۔ میٹھا سچ 299

نواز زرداری نے بڑی ہوشیاری سے پوری قوم کو ماموں بنا دیا ہے اور اپنی انگلی نسل کو ملکی سطح کی سیاست میں داخل کر دیا ہے۔ اب فضلو اور شہباز منہ دیکھتے رہ جائیں گے۔

DSM3۔ میٹھا سچ 300

صدر وزیر اعظم کے ہاتھ قرضوں کی رقم آگئی تو لے بھاگے، ایک وزیر کے ہاتھ ریل کا انجن اور دوسرے کے طیارہ آیا لے بھاگے، وزیر اعلیٰ کے ہاتھ ماتحت کی بیوی آگئی لے بھاگا اور اب کارکن بیچاروں کی اوقات ہی جلسے کی کرسیاں تھیں تو وہ وہی لے بھاگے۔ جیسے پیر ویسے مرید۔

DSM4۔ میٹھا سچ 301

استعفے یا لطیفے؟

فردوس عاشق اعوان

DSM 5۔ میٹھا سچ 302

اتفاق سے ہمارے ملک میں پی ڈی ایم، ایم آر ڈی، پی این اے وغیرہ جیسی وہی جماعتیں سیاسی تحریکیں چلاتی ہیں جن کی جماعتوں کے اپنے اندر جمہوریت نہیں ہوتی۔

DSM6 ۔ میٹھا سچ 303

جب علامہ مرحوم نے کہا کہ "وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ" تو کیا ان کا اشارہ بیوی کی طرف بھی تھا؟

DSM7۔ میٹھا سچ 304

ہم کم علمی اور کج فہمی کے باعث خاصے کو تاہ عقل اور جذباتی بن گئے ہوئے ہیں اور اپنے ہیرو کی گائے کے گوبر کو گاجر کا حلوہ بنا کر پیش کرتے ہیں بلکہ مخالف کے گاجر کے حلوے کو گائے کا گوبر بنا ڈالتے ہیں۔

DSM8۔ میٹھا سچ 305

تمام تر دولت اور ترقی کے باوجود ٹرمپ بھی نواز شریف ہی نکلا۔ ٹرمپ عملاً وہی کچھ کہہ رہا ہے جو نواز شریف نے زبانی کہا تھا کہ "مجھے کیوں نکالا"۔

DSM9۔ میٹھا سچ 306

بڑی مشکل سے جو "اپنے ہتھ بٹیرا" آیا تھا وہ بھی حزب اختلاف کے ہاتھ سے اڑ گیا ہے اور عمران کے مضبوط موقف کے سامنے شہدائے کوئٹہ کے وارثین کو ہتھیار بنانے والے اپوزیشن سمیت شکست کھا گئے ہیں۔

DSM10۔ میٹھا سچ 307

منٹو نے شاید مفتی قوی کے لئے ہی یہ کہا تھا کہ جیسے زمانے سے شناخت چھپانے کے لئے طوائف پردہ کرتی ہے اسی طرح بعض مرد اندر کا شیطان چھپانے کے لئے داڑھی رکھ لیتے ہیں۔

DSM۔1۔ میٹھا سچ 319

احمد شہزاد

ہم فیس بک یونیورسٹی میں ہیں۔

ہمارے سبجیکٹس ہیں:

پوسٹالوجی، کمنٹالوجی، لائکالوجی، ہنسالوجی۔

آپ کے کیا ہیں؟

ڈاکٹر سلطان محمود

ہم فیس بک یونیورسٹی کا ڈاکیہ یعنی رائیڈر ہیں اور شعبہ سکرولوجی، شئیرالوجی (اشترالوجی)، تبصرالوجی، مسخریالوجی میں کام کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پارٹ ٹائم حسینوں کے ساتھ پونڈولوجی بھی کر لیتے ہیں۔ غل غپاڑہ کرنے والوں کی پھڑکالوجی کی تاک میں بھی رہتے ہیں۔ اس عہدے پر شدید مصروفیت کے باعث ایک کام البتہ بالکل نہیں کر سکے جس کے باعث زیادہ لائیک نہیں کئے جاتے اور وہ ہے لڑکیوں والی فیک آئیڈیالوجی ورنہ لائیکالوجی کے انبار لگ جاتے۔

DSM2۔ میٹھاس320

ماسک تو اب ڈھکوسلہ ہی بن گیا ہے۔ ناک کھلا، منہ کھلا مگر ٹھوڑی پر اس طرح کسا ہوا کہ جیسے ٹھوڑی کے گرنے کا خطرہ ہو۔

DSM3۔ میٹھاسچ321

پہلی گل کہ ساری غلطی میری نئیں۔۔۔

جے گر میری وی اے تے میں منی نئیں۔۔۔

DSM4۔ میٹھا سچ322

تعداد کے لحاظ سے دنیا کی پہلی سب سے بڑی جمہوریت بھارت کی پارلیمان میں ایک تہائی لوگ جرائم پیشہ ہیں جبکہ بیس فیصد سزائیں بھی بھگت چکے ہیں۔ ایسا ہی کچھ دنیا کی سب سے امیر جمہوریت امریکہ میں بھی ہے۔ رہی ہماری بات تو شاید ہم ان دونوں سے سبقت لے جا چکے ہوں۔

DSM5۔ میٹھا س323

پی ڈی ایم کی گیارہ میں سے آٹھ پارٹیاں چند بسیں منگوا کر پتلی گلی سے نکل لیں اور نواز، زرداری اور فضل الرحمان کی بدعنوانی میں حصہ دار نہ بنیں۔ کیونکہ بفرض محال اگر پی ڈی ایم کامیاب ہو بھی گئی تو ان تینوں نے آپ آٹھوں کو خود پاسے کر دینا ہے۔

DSM6۔ میٹھا سچ324

مذہب سے دوری کے باعث زیادہ تر جوڑے ایک دوسرے کو جان لینے کے بعد جلد ہی بدظن ہو جاتے ہیں۔ اگر انہیں مغرب جتنی آزادی دیدی جائے تو اکثریت دو تین سال سے زائد اکٹھے بھی نہ رہیں شاید۔ سوشل میڈیا جلد مشترکہ خاندانی نظام توڑ دیگا۔

DSM7۔ میٹھا سچ325

اے میرے وطن کے استادو اور ملازمو! تم بدعنوان پارلیمانی نمائندوں جیسے کرپٹ نہیں کہ راتوں رات تمہاری تنخواہ دگنی تگنی کر دی جائے۔ تم کوئی جج، جرنیل، سیاستدان، چینی دوائی مافیا یا قبضہ گروپ ہو کہ تمہاری تنخواہ بڑھائی جائے۔ تمہارے اندر شعور ہوتا تو کوئی طاقتور مافیا ہی بن جاتے۔ اب ہور چوپو اور سوچو کہ کیوں خوامخواہ ڈنڈے کھانے طاقت کے مرکز اسلام آباد چل نکلے تھے؟

DSM8۔ میٹھا سچ326

طوائف کا جسم، بن شادی تعلقات، کھیل میں جوا، سیاست میں منافقت، صحافی کا جھوٹ، ڈاکٹر کا بکنا، سرکاری فائل کی قیمت، فنڈز میں خرد برد، خفیہ ایجنڈا، سفارشی تعیناتی، قتل کے بدلے جنت، جعلی ڈگری، نقلی ریسرچ، غذا میں ملاوٹ، جہیز کی طلب، رشوت لینا دینا، خوشامد، تکبر، ناانصافی، ٹیوشن لگوانا، میک اپ کرنا وغیرہ کبھی معاشرتی ناسور سمجھے جاتے تھے لیکن اب ترقی کے زینے بن گئے ہیں۔

Who Cares?

DSM9۔ میٹھا س327

عام بندہ انکی نقل میں کرپشن کرنے کی بجائے اپنی چادر ہی میں رہے۔ کوئی ضروری ہے کہ ہر کوئی ہر معاملے میں اوپر کی جانب ہی دیکھے۔

اے بھائی ذرا دیکھ کے چلو۔۔۔

اوپر ہی نہیں نیچے بھی۔۔۔

دائیں ہی نہیں بائیں بھی۔۔۔

DSM10۔ میٹھا سچ328

اہل اردو کی بات میں جو ہلکا سا پنجابی تعصب ہوتا ہے اسے اگر سو سے ضرب دیں تو ہمارے پنجابی والدین والی سوچ بن جائے گی جو خود پنجابی کو بد تمیزی کی زبان سمجھتے ہوئے بچوں سے اردو بولتے ہیں۔

DSM1۔ میٹھا سچ329

سرکاری ملازم دفتر جانے کی تنخواہ مگر کام کرنے کی رشوت لیتا ہے۔ جب خزانے میں پیسہ نہیں بچتا تو پھر کام نہ کرنے کی پنشن لیتا ہے اور مرنے پر اس کا جیون ساتھی شکرانہ وصول کرتا ہے۔

DSM2۔ میٹھا سچ330

عورتوں پر جھوٹا الزام ہے کہ وہ راز پہ پردہ نہیں رکھ سکتیں۔ وہ تو صرف ایک عورت سے ذکر کرتی ہیں جس پھاپھے کٹن کے پیٹ میں بات نہیں ٹھہرتی۔

DSM3۔ میٹھا سچ331۔

میں اس کی آنکھوں پر مر گیا ورنہ۔۔۔

مجھے سرحد پر جان دینی تھی۔۔۔

اویس علی

DSM4۔ میٹھا سچ332

اردو لغت

گرو، گڑیا، گرارئیاں۔

گڈ، گڈو، گنڈیریاں۔

بیوی، بیوہ، بیماریاں۔

English Grammer

Let, Letter, Latrine.

Bet, Better, Batteries.

Cut, Clutter, Clitoris.

DSM5میٹھا سچ 333

کل جب شیر علی جلسے کے سٹیج سے رو رو کر دعا کر رہا تھا کہ اے اللہ نواز شریف کے گناہ معاف کر دے تو مجھے ایبو فیس یاد آ گیا جس نے کہا تھا کہ جب امیر آدمی اللہ سے گڑ گڑا کر معافی مانگے تو سمجھ جائیں کہ وہ معافی سے زیادہ چوری پر یقین رکھتا ہے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 334

24اپریل21

نون سے شین لیگ جنم لینے ہی والی ہے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 335

بد عنوان رہنماؤں کو کونسی شرم وحیا آجاتی ہے انکے لیے تو وطن سے دغابازی باعث فخر ہے۔ جیتے رہیں انکے پیروکار جو خود لعنتیں سمیٹ کر انہیں بیغیرتی بھرا اعتماد عطا کرتے ہیں (بشکریہ مومنہ ہاشم)

DSM8۔ میٹھا سچ336

اگر چھوٹے چوروں کے ذریعے بڑے چور منتخب کرنے کو سینٹ کا الیکشن کہیں تو پھر علی بابا چالیس چور والا محاورہ درست کر کے علی بابا104 چور کہنا پڑے گا۔

DSM9۔ میٹھا سچ337

ہارچوری کرنے یا آٹھ سو کلو چوری کی ایفیڈرین بیچنے جیسے چھوٹے گناہوں پر کسی سیاستدان کی شہرت بھلا کیسے خراب ہو سکتی ہے؟حمزہ شہباز

DSM10۔ میٹھا سچ338

ہماری سیاسی تاریخ میں پہلی بار۔۔۔۔

ایک کھلاڑی زرداری پر بھی بھاری۔۔۔

۔ میٹھا سچ339DSM1۔

کیا منگنی کو مینگنی کہہ سکتے ہیں کیونکہ شادی کے بعد پتہ چلتا ہے کہ کوئی فائدہ نہیں ہوتا اس دودھ کا جس میں بکری نے مینگنیاں ڈال دی ہوں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 340

کسی کو تھپڑ اور جوتا، اور کوئی ووٹو ووٹ۔۔۔

اپنے نصیب کی بات ہے، اب پچھتاوے کیا ہوت۔۔۔

(ایس ایم فائق)

۔ میٹھا سچ DSM341۔3

Happy Woman Day

By the way, women are always happy. Question is for men, how to be happy?

یوم خواتین مبارک ہو۔

ویسے خواتین ہمیشہ خوش رہتی ہیں۔ سوال مردوں سے ہے، خوش کیسے رہیں؟

DSM4۔ میٹھا سچ 342

رات جاگ کر گھروں کو کلب بنانے اور دن کو سو کر ہسپتال بنانے والی نئی پود کی ہمت کو مبارک کہ اللہ کے بنائے دن رات کے اوقات پھیر کر دکھا دیئے۔ قدرت سے دور ہو کر محض مصنوعی زندگی گزارنے کی پرواہ نہ کریں اور اگر دنیا و آخرت میں کامیابی نہ بھی ملے تو دل چھوٹا نہ کریں اور یہ پڑھیں:

بہادر شاہ ظفر کے سارے شہزادوں کے سر قلم کر کے اس کے سامنے کیوں پیش کیئے گئے؟

قبر کیلئے زمین کی جگہ کیوں نہ ملی؟

آج بھی اسکی نسل کے بچے کھچے لوگ بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔

کیوں؟؟

پڑھیں اور اپنی نسل کو بھی بتائیں۔

تباہی ایک دن میں نہیں آجاتی۔

صبح تاخیر سے بیدار ہونے والے افراد درج ذیل تحریر کو غور سے پڑھیں۔

زمانہ 1850ء کے لگ بھگ کا ہے مقام دلی ہے۔ وقت صبح کے ساڑھے تین بجے کا ہے سول لائن میں بگل بج اٹھا ہے۔ پچاس سالہ کپتان رابرٹ اور اٹھارہ سالہ لیفٹیننٹ ہینری دونوں ڈرل کیلئے جاگ گئے ہیں۔ پچاس سالہ کپتان رابرٹ اور اٹھارہ سالہ لیفٹیننٹ ہینری دونوں ڈرل کیلئے جاگ گئے

ہیں۔ دو گھنٹے بعد طلوع آفتاب کے وقت انگریز سویلین بھی بیدار ہو کر ورزش کر رہے ہیں۔ انگریز عورتیں گھوڑ سواری کو نکل گئی ہیں سات بجے انگریز مجسٹریٹ دفتروں میں اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھ چکے ہیں۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے سفیر سر تھامس مٹکاف دوپہر تک کام کا اکثر حصہ ختم کر چکا ہے۔ کوتوالی اور شاہی دربار کے خطوں کا جواب دیا جا چکا ہے۔ بہادر شاہ ظفر کے تازہ ترین حالات کا تجزیہ آگرہ اور کلکتہ بھیج دیا گیا ہے۔ دن کے ایک بجے سر مٹکاف بگھی پر سوار ہو کر وقفہ کرنے کیلئے گھر کی طرف چل پڑا ہے۔ یہ ہے وہ وقت جب لال قلعہ کے شاہی محل میں "صبح" کی چہل پہل شروع ہو رہی ہے۔

ظلِ الٰہی کے محل میں صبح صادق کے وقت مشاعرہ ختم ہوا تھا جس کے بعد ظلِ الٰہی اور عمائدین خواب گاہوں کو گئے تھے۔

اس حقیقت کا دستاویزی ثبوت موجود ہے کہ لال قلعہ میں ناشتے کا وقت اور دہلی کے برطانوی حصے میں دوپہر کے لنچ کا وقت ایک ہی تھا۔

دو ہزار سے زائد شہزادوں کا بٹیر بازی، مرغ بازی، کبوتر بازی اور مینڈھوں کی لڑائی کا وقت بھی وہی تھا۔

اب 2020 میں آتے ہیں:

پچانوے فیصد سے زیادہ امریکی رات کا کھانا سات بجے تک کھالیتے ہیں۔ آٹھ بجے تک بستر میں ہوتے ہیں اور صبح پانچ بجے سے پہلے بیدار ہو جاتے ہیں۔ بڑے سے بڑا اڈاکٹر چھ بجے صبح ہسپتال میں موجود ہوتا ہے پورے یورپ امریکہ جاپان آسٹریلیا اور سنگاپور میں کوئی دفتر، کارخانہ، ادارہ، ہسپتال ایسا نہیں جہاں اگر ڈیوٹی کا وقت نو بجے ہے تو لوگ ساڑھے نو بجے آئیں۔

آجکل چین دنیا کی دوسری بڑی طاقت بن چکی ہے پوری قوم صبح چھ سے سات بجے ناشتہ اور دوپہر ساڑھے گیارہ بجے لنچ اور شام سات بجے تک ڈنر کر چکی ہوتی ہے۔

"اللہ کی سنت کسی کیلئے نہیں بدلتی اسکا کوئی رشتہ دار نہیں نہ اس نے کسی کو جنا، نہ کسی نے اس کو جنا جو محنت کریگا تو وہ کامیاب ہو گا"

عیسائی ورکر تھامسن میٹکاف سات بجے دفتر پہنچ جائیگا تو "دن کے ایک بجے تولیہ بردار کنیزوں سے چہرہ صاف کروانے والا، بہادر شاہ ظفر مسلمان بادشاہ ہی کیوں نہ ہو" ناکام رہے گا۔

حیرت ہے ان حاطب اللیل دانش وروں پر جو یہ کہہ کر قوم کو مزید افیون کھلا رہے ہیں کہ پاکستان ستائیسویں رمضان کو بنا تھا کوئی اسکا بال بیکا نہیں کر سکتا کیا سلطنتِ خداداد پاکستان اللہ کی رشتہ دار تھی اور کیا سلطنت خداداد میسور (ٹیپو سلطان کی سلطنت) اللہ کی دشمن تھی۔

جس ملک کے ووٹر ذہنی غلام ہوں، پیر اور شاہ غنڈے ہوں مولوی منافق ہوں، ڈاکٹر بے ایمان ہوں، سیاستدان، اور پولیس ڈاکو ہوں، کچہری بیٹھک ہو، ججز بے اعتبار ہوں، لکھاری خوشامدی

ہوں، اداکار بھانڈ ہوں، ٹی وی چینل مسخرے ہوں، تاجر بے ایمان اور سود خور ہوں، اساتذہ حرام خور ہوں، دکاندار چور ہوں، عوام بے اکرام ہوں اور جہاں تین سال کی بچی سے پچاس سال تک کی عورتوں ریپ عام ہو اور مجرموں کو سیاسی دباؤ میں آکر چھوڑ دیا جائے۔

کیا اس قوم کو تباہ و برباد ہونے سے دنیا کی کوئی طاقت بچا سکتی ہے جس میں کسی کو تو اس لئے مسند پر نہیں بٹھایا جا سکتا کہ وہ دوپہر سے پہلے اٹھتا ہی نہیں، اور کوئی اس پر فخر کرتا ہے کہ وہ دوپہر کو اٹھتا ہے، جبکہ کچھ کو اس بات پر فخر ہے کہ وہ دوپہر کے تین بجے اٹھتے ہیں۔

جو بھی کام آپ دوپہر کو زوال کے وقت شروع کریں گے وہ زوال ہی کی طرف جائے گا۔ کبھی بھی اس میں برکت اور ترقی نہیں ہو گیا اور یہ مت سوچا کریں کے میں صبح صبح اٹھ کر کام پر جاؤں گا تو اس وقت لوگ سو رہے ہونگے میرے پاس گاہک کدھر سے آئے گا۔ گاھک اور رزق اللہ رب العزت بھیجتے ہیں۔

وطن عزیز کی بقاء اور ترقی کی خاطر اس پبلک ویلفیئر پیغام کو اپنے حلقہ احباب میں ضرور پھیلائیں۔

نبی کریمؐ نے فرمایا کہ صبح میں برکت ہے مگر ہماری آدھی سے زائد نحوست ماری قوم دن چڑھے سوتے رہنے کو فیشن سمجھتی ہے۔ اب تو بعض گھرانے رات کو کلب اور دن کو ہسپتال کا نظارہ پیش کرتے نظر آتے ہیں۔

DSM5۔ میٹھا سچ 343

قوم نے ہر حکمران کے وعدوں سے درجنوں دفعہ دھوکا کھایا ہے مگر اب کی بار کی ناکامی پوری مڈل، کارپوریٹ کلاس اور اوورسیز پاکستانیوں کی ناکامی ہوگی۔ لہ ' ذا عمران سے عرض ہے کہ اس خواب کو ٹوٹنے سے ہر قیمت پر بچانا ہوگا۔

DSM6۔ میٹھا سچ 344

کبھی تعلیمی معیار پر بھی توجہ کریں اب پی ایچ ڈی کرنے والا بھی چار درست لفظ نہیں لکھ پاتا۔ درست اردو جانتا ہے نہ انگریزی۔ نوکری

بھی نہیں ملتی مگر پھر بھی کہتا ہے "پی ایچ ڈی" ہوں۔

DSM7۔ میٹھا سچ 345

ملک کچھ اس طرح سے بدلنے لگا ہے کہ لوگ گائے بھینس کو چرانے میں شرم محسوس کرنے لگے ہیں اور کتے کو گھمانے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ منقول

DSM8۔ میٹھا سچ 346

گاوں میں نیم کے پیڑ کم ہو رہے ہیں اور گھروں میں کڑواہٹ بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ اور ادھر زبان میں مٹھاس کم ہوتی جا رہی۔ اور جسم میں شوگر بڑھتی جا رہی ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 347

تعداد کے لحاظ سے دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت بھارت کی پارلیمان میں ایک تہائی لوگ جرائم پیشہ ہیں جبکہ بیس فیصد سزائیں بھی بھگت چکے ہیں۔ ایسا ہی کچھ دنیا کی سب سے امیر جمہوریت امریکہ میں بھی ہے۔ رہی ہماری بات تو شاید ہم ان دونوں سے سبقت لے جا چکے ہوں۔ منقول

DSM10۔ میٹھا سچ 348

کل ڈاکٹر کے پاس گیا۔ میری بیماری، آمدن اور اس سے متعلق تمام تفصیلات لینے کے بعد ڈاکٹر بولا "آپ زیادہ سے زیادہ ایکسر سائز کریں، کولڈ ڈرنکس خریدنے کے بجائے نلکے کا سادہ پانی پئیں، گھر کا بنا سادہ کھانا کھائیں بازار سے کھانا اور فاسٹ فوڈ بالکل نہ خریدیں، جہاں بھی جائیں اپنی گاڑی یا ٹیکسی استعمال نہ کریں پیدل جائیں یا بس میں سفر کریں، گوشت نہ کھائیں سبزیاں اور دالوں کا استعمال کریں۔ میں نے گھبرا کر اور پریشان ہو کر سر ہلا دیا اور تشویش سے دریافت کیا "ڈاکٹر صاحب؛ یہ سب تو ٹھیک ہے، مگر مجھے ہوا کیا ہے"؟

ڈاکٹر صاحب نے چشمہ اتارا اور بڑے دردناک لہجے میں گویا ہوئے۔

"بھائی! تیری پنشن بہت کم ہے"

---

1 نقلDSM۔ میٹھا سچ348

اگر بیٹیاں خاوندوں پر حکمرانی کرنا شروع کر دیں تو بیٹے بیویاں کیسے قابو کریں گے ؟

2 نقلDSM۔ میٹھا سچ349

ہمیں حکومت کا ہر کام ناپسند ہے سوائے سرکاری نوکری کے۔

3 نقلDSM۔ میٹھا سچ350

واؤ۔ بیس زبانیں بولنے والے بھارت کو غیر ملکی انگریزی زبان سے متحد رکھا جا رہا ہے۔

4 نقلDSM۔ میٹھا سچ351

پولیس کو دیکھ کر تحفظ کی بجائے خوف کا احساس کیوں ہوتا ہے؟

5 نقلDSM۔ میٹھا سچ352

ہم انتہائی عجلت میں بھی رہتے ہیں مگر وقت پر کہیں پہنچتے بھی نہیں۔

6 نقلDSM۔ میٹھا سچ353

مقدس مقامات بھی دلچسپ ہیں۔ باہر غریب بھیک مانگتے ہیں اور اندر امیر۔

DSM7۔ میٹھا سچ354

پارسائی کی پوشاک اور ماتھے پر کلنک کے ٹکے سے بہتر ہے کہ کردار داغدار نہ ہو لباس بھلے سے غریبانہ ہی ہو۔

DSM8ن۔ میٹھا سچ355

ہمارے بزرگوں نے سات سو برس قبل پرنٹنگ مشین کی ایجاد کی دل کھول کر مخالفت کی۔ آج ان کی آہیں رنگ لائی ہیں اور ہماری نئی نسل نے حلالی ہونے کا یوں ثبوت دیا ہے کہ کتاب اور اخبار سے دور ہو کر براہ راست چھلانگ سوشل میڈیا پر لگا دی ہے۔

DSM9ن۔ میٹھا سچ356

تحریک انصاف میں عمران اور علوی ہی نئے ہیں باقی سب تو چھٹے پھونکے ہوئے ہیں۔ اب یہ "نویں پرو ہنے" سبھی پرانے الیکٹیبلز کے تبرے بھی سہہ رہے ہیں۔

DSM10ن۔ میٹھا سچ357

ملک میں کوئی بھی نظام لے آئیں چلانا تو "انہوں" ہی نے ہے۔

DSM1۔ میٹھا سچ 358

میڈیا سے پتہ چلتا ہے کہ رمضان المبارک میں اصل چیز روزہ نہیں بلکہ یہ ہے کہ سحری اور افطاری میں کیا کچھ کھانا ہے مگر روزے کی حالت میں کیا کرنا ہے یا کیا نہیں کرنا، یہ بات اب اپنی اہمیت کھو چکی ہے۔ ہم شہروں میں سحری کے انتظار میں جاگتے ہیں اور افطاری کے انتظار میں سوتے ہیں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 359

میلنڈا گیٹس کو اس شکایت پر خاوند سے طلاق لینی پڑی ہے کہ اس نے کمپنی کے نام کو عملاً الگ الگ "مائیکرو" اور "سافٹ" کیوں کیا؟

DSM3 میٹھا سچ 360

چاند بھی بول پڑا۔

DSM4۔ میٹھا سچ 361

سب پڑھنے والوں کو عید مبارک۔ میں سوشل میڈیا پر اس لئے بھی مرتا ہوں کہ ان کے ساتھ بھی پیغام رسانی ہو جاتی ہے جسے منہ لگانے سے انا ء مجروح ہو جاتی ہے۔

5 ۔ میٹھا سچ 362DSM

کر سیو لیا اور دھڑا دھڑ سبھی مبارک دینے والوں کو پیسٹ کرتے چلے گئے۔ مگر اتنا دھیان ضرور رکھا کہ ایک اسلامی گروپ کے ان ڈاکٹروں کو نہ بھیجوں جو ایک مشترکہ دوست کے عید سے چند ہم نے بھی پرسوں ایک اسی طرح کا میسج روز قبل وفات پر تعزیتی پیغامات بھیج رہے تھے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 363

صرف بھارت ہی میں چائے والا وزیر اعظم نہیں ہمارے ہاں بھی پانڈی کا پوتا وزیر اعظم اور سینما کے ٹکٹ بلیک کرنے صدر رہ چکا ہے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 364

جرمن تحقیق کے مطابق صبح جلد اٹھنے والے طویل عمر پاتے ہیں۔ مگر معروضی حقائق کے مطابق ان کی عمر میں اضافے والی ساری مدت دوسروں کو جگانے، دوپہر تک ناشتے، گھر والوں اور دوستوں کے انتظار نیز رات کی رنگینی دیکھے بغیر ہی بے ثمر کاموں میں ضائع ہو کر آرام سے اٹھنے والوں کے برابر پہنچ جاتی ہے۔

DSM8۔ میٹھا سچ 365

ماں بہن کی غلیظ گالیاں دینے یا اخلاق سے گری گفتگو کرنے والے شخص سے عموماً یہ کہا جاتا تھا کہ یار غیر پارلیمانی گفتگو نہ کرو۔ لیکن آج تو ان گالیوں کو پارلیمانی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔

DSM9۔ میٹھاس366

ہمارا تقویٰ کردار سے نچڑ کر دکھاوے میں آن بسا ہے اس لئے زبانی اور صوتی بصری اسلام کو بھی اگر اسمبلی کی چھتوں دیواروں سے نکال باہر کیا گیا تو ہم دنیا کے سامنے کیسے ثابت کرینگے کہ ہم میں اور بھارت کے ہندو تو امیں کبھی کچھ فرق بھی تھا؟

10۔ میٹھاسچ DSM367

مفتی کا جرم سوشل میڈیا کی طاقت سے طشت از بام ہوا وگرنہ ایسے کام تو مسجدوں، مندروں، گرجاوں وغیرہ میں صدیوں سے ہو رہے ہیں اور آئندہ بھی چلتے رہیں گے۔

اشمل ہاشمی

مفتی کو ڈیفینڈ کر رہے ہو یا باقیوں پہ بھی ہاتھ ڈالنے کا کہہ رہے ہو۔

ڈاکٹر سلطان محمود

بات جدھر مرضی لے جاؤ۔ آزاد ہو۔

اشمل ہاشمی

لکھنے والا بھی تو آخر کسی مقصد سے لکھتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

دیکھو جب میں نے مفتی کا "جرم" کہہ دیا تو وہ ڈیفینڈ تو نہ ہوا۔ رہی باقیوں پر ہاتھ ڈالنے والی بات تو وہاں میں نے دنیا کے سبھی مذہب پسندوں پر چوٹ ماری ہے کیونکہ یہ لوگ اللہ رسول سے زیادہ اپنے پیٹ کے لئے لڑتے ہیں۔ مگر در حقیقت میں نے سوشل میڈیا کی طاقت اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔

ارسلان10

DSM-1۔ میٹھاس368۔

اقبال نے سچ کہا تھا کہ۔۔۔

"وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ"

ہمارے کیفے میں بھی پریاں چار گھنٹوں میں لائیکس کی ڈبل سنچری کر لیتی ہیں مگر "جن" بیچارے چار چار دن میں بھی سنچری نہیں بنا پاتے۔ اور پھر یہی رویہ ان دوستوں کا بھی ہے جو بیوی کی بات کا تو جواب نہیں دیتے مگر یہاں صنف نازک کے لئے کومنٹس کے دریا بہا دیتے ہیں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 369

ایلزبتھ میگھی اختلاف کے حوالے سے۔

توں ملکہ برطانیہ دی تے کت خانہ ساڈے والا۔ ہور عیش کر ہندوستانی دولت تے ساڈے نواز شریف دے بنک اکاؤنٹاں تے۔ ایس بک بک نالوں تے چنگا سی منڈا رئیں کڑی نال ویاہ چھڈ دی۔

ہن شوہدی نوں دا جواب وی سن لو۔ ہن چائی دا تے ایہہ وے کہ دونویں فیصل آباد آو سن تے اپنا فیصلہ لہور ہائی کورٹ توں کرا لین۔ سوری دیاں۔

یا فیر روحیل اصغر کولوں پنجابی گالاں سخ کے ساڈی اسمبلی وچ بہہ کے رج لڑن تے جیو لائیو توں حسن جلیل کمنٹری کرے۔

اردو ترجمہ

ملکہ بنی بیٹھی ہے برطانیہ کی مگر لڑایاں ہم جیسی۔ اور عیش کرو ہندوستانی دولت اور نواز شریف کے بنک اکاونٹس پر۔ اس بک بک سے تو بہتر تھا کہ یہ لڑکا کے کسی ارائیں کڑی سے شادی کرا دیتی۔

اب اس مظلوم بہو کا جواب بھی سن لیں۔ اب چاہیئے تو یہ ہے کہ دونوں فیصل آباد آبسیں اور اپنا فیصلہ لاہور ہائی کورٹ سے کرا لیں۔ لڑا کیاں۔

یا پھر روحیل اصغر سے پنجابی گالیاں سیکھ کر ہماری پارلیمان میں بیٹھ کر لڑیں اور جیو کی لائیو نشریات پر حسن جلیل کمنٹری کریں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 370

عمران کے "ابسولیوٹلی ناٹ" کہہ دینے سے باہر امریکہ اور بھارت "حریان و پریشیان" ہیں اور اندر ان کے کوے۔ اب نواز شریف کے تابوت میں کیلیں ٹھکتی سب کو نظر آنے لگ گئی ہوں گی شاید۔

DSM4۔ میٹھا سچ 371

طب جتنی ترقی کرتی چلی جارہی ہے دنیا کی تیز رفتار دوڑ اتنے ہی نئے نفسیاتی عوارض جنم دے رہی ہے۔ ابھی ہم بغض معاویہ کے مائنڈ سیٹ سے باہر نہیں نکلے تھے کہ اب پچھلے چند برسوں سے "بغض عمرانی" کے نام سے نئے عارضے نے جنم لے لیا ہے۔

DSM5۔ میٹھا سچ 372

"ہمارا وزیر اعظم خاصہ نااہل ہے جو اپنا ماضی بھی نہیں بدل سکتا "

پاکستانی جنتیوں کی پریس کانفرنس۔۔۔

DSM6۔ میٹھاس373

واقف ہے خوب جھوٹ کے فن سے یہ آدمی۔۔۔۔

یہ آدمی ضرور سیاست میں جائے گا۔۔۔

(راحت اندوری)

عمران نہ کبھی سیاستدان تھا اور نہ بن سکتا ہے۔

(آصف علی زرداری)

DSM۔ میٹھاسچ374

تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ زیادہ ذہین شادی نہیں کرتے اس لئے عورت ہی نہیں مرد بھی ذرا کم ذہین ہونے چاہئیں تا کہ اپنی جبلی ضرورت کو نارمل انداز سے تو پورا کر سکیں۔

سنبھال سنبھال کیوں رکھتے ہو۔۔۔

اچار ڈالنا ہے کیا محبت کا۔۔۔

8۔ میٹھا سچ DSM375

پیپلز پارٹی اب تحریک انصاف کی بی ٹیم بن چکی ہے۔ اب کہاں ہے بلاول کی "سلیکٹڈ سلیکٹڈ" کی رٹ؟ بجٹ پاس ہونے کا موقع دینے کے لئے نون لیگ بھی اسمبلی سے غیر حاضر رہ کر اب تحریک انصاف کی اتحادی بن چکی ہے۔ حکومت و اپوزیشن کا اسمبلی کے اندر اور باہر رچایا گیا یہ الگ الگ تماشہ ثابت کرتا ہے کہ عوام احمق اور بے شعور انسانوں کا محض ایک ریوڑ ہے جسے پیٹ کے چکر میں ڈال کر سرکس والے ہاتھی جیسا کام لیا جا رہا ہے۔

DSM9۔ میٹھا س376

ایک نارمل جوڑا شادی کے کچھ سالوں بعد پاگل ہو سکتا ہے تو کیا دو پاگل شادی کے بعد نارمل ہو سکتے ہیں؟

DSM10۔ میٹھا سچ377

ہماری موجودہ اپوزیشن پر "سو جوتے سو پیاز" والی مثال صادق آ رہی ہے جو اپنے ہر طرح کے ہتھکنڈے آزمانے کے بعد اب بوٹ چاٹنے پر آ گئی ہے۔ البتہ یہ کریڈٹ زرداری کو جاتا ہے جس

نے حقیقت حال کے ادراک کے بعد سبھی سے منوالیا ہے کہ اس حکومت کو مدت پوری کرنے دی جائے۔

Arslan18

1۔DSM۔میٹھا سچ378

لڑکا گرل فرینڈ سے کہتا ہے کہ لڑکیاں ایک دوسرے سے مختلف مگر بیویاں سبھی ایک جیسی ہوتی ہیں۔لڑکی جواباً مسکرا کے کہتی ہے کہ شوہر بھی تو ایک جیسے ہوتے ہیں انہی بیویوں سے ڈرنے والے پٹھو۔تو لڑکا جھٹ سے کہتا ہے کہ تبھی تو میں تم سے شادی نہیں کر رہا کہ کہیں تم بھی بیوی ہی نہ نکل آؤ۔

DSM2۔میٹھا سچ379

باباجی کی اس بات میں کتنا وزن ہے کہ عوام چاہتی ہے حکمران ولی اللہ ہو جائیں لیکن ہم یونہی حرامزدگیاں اور خرمستیاں کرتے رہیں۔حالانکہ سبھی حکمران عوام ہی سے نکلتے ہیں۔

DSM3۔میٹھا سچ380

اگر زبان کا ذائقہ اور خود نمائی جیسے محرکات نہ ہوتے تو قربانی کی رسم اور ختنوں کی رسم میں بس معمولی فرق رہ جاتا تھا۔

زبان کے چسکے اور خود نمائی کے علاوہ کھالیں بیچنے کا بھی لالچ ہے جس نے قربانی کے اصل سبق کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ اصل افسوس یہ ہے کہ چونکہ ہمارا مولوی بھی یہی کام پسند کرتا ہے اس لئے اس نے قربانی کی روایت کو مذہبی لبادے میں زبردستی زندہ رکھا ہوا ہے۔

DSM4۔ میٹھا سچ 381

لندن میں گالی گلوچ کے واقعہ پر میں دونوں دھڑوں کی گندی زبان اور ممکنہ سازش کا ناقد ہوں مگر حیرت ہے ان عظیم دانشوروں کے دماغ کی "اونچائی" پر جو کسی ایک پارٹی کا دفاع کر رہے ہیں۔

DSM5۔ میٹھا سچ 382

جازان سعودیہ میں مسلسل بارش سے بڑی تعداد میں سانپ بلوں سے نکل آئے ہیں۔ کمال ہے کہ ثابت ہو گیا کہ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔ ہمارے ہاں تو بارش کے بعد صرف گڈوئے نکلتے ہیں۔

DSM6۔ میٹھا سچ 383

بیل کی ایک لات کی مار تھی یہ باندری۔

بیل کی قیمت بڑھ رہی تھی تو لات کیوں مارتا؟ وہ انسان تھوڑی ہے کہ محسن کو ہی رگڑ جاتا۔

DSM7۔ میٹھا سچ384

عید کے روز سے ہماری کھانے کی میز پر آم زیادہ رکھے جا رہے ہیں۔ یہ ہماری اہمیت بڑھ رہی ہے یا قربانی کا گوشت رکھنے کے لئے فریج خالی کی جا رہی ہے؟

DSM8۔ میٹھا سچ385

کیڑے نکالنے والوں کی خیر۔ گلاب کہا تو کانٹے کی نسبت سے ناراض ہو گئے، کنول کہا تو جوہڑ میں اگنے پر ناراض۔ گوبھی کا پھول کہنا ویسے بھلا نہیں لگتا۔ اب آپ بتائیں کہ ہم انہیں کون سا پھول کہیں تا کہ وہ خوشی سے پھول بھی سکیں۔

DSM9۔ میٹھا سچ386

بھٹو صاحب چونکہ زندہ ہیں اس لئے ان کو ویکسینیشن کرا دی گئی ہے۔ اب حکومت کے جاری کردہ ایس او پیز کی روشنی میں کوئی بھی بے خطر ان سے مل سکتا ہے، کھانا کھا سکتا ہے بلکہ ان کے ساتھ رات بھی گزار سکتا ہے۔

DSM10میٹھا سچ387

حکمرانوں کے "نظریات" اور "بیانیے":

1۔ قمر باجوہ: "مضبوط گرفت" اور "سی پیک"

2۔ عمران: "چھوڑوں گا نہیں" اور "گھبرانا نہیں"

3۔ نواز شریف: "قرضے ہڑپ" اور "کھانا لگانا"

4۔ زرداری: "کامیاب قاتل" اور "ٹین پرسنٹ"

5۔ بلاول: "نانانانا، امی امی" اور "زرداری کا باجا"

6۔ مریم: "بیوٹی پارلر" اور "ابو بچاؤ"

7۔ شہباز: "شوبازی" اور "پائی جان"

8۔ فضل الرحمان: "کرسی" اور "لسی"

9۔ مشرف: "ڈرپوک کمانڈر" اور "مٹروہ"

10۔ ضیاء: "کرایے کا سپاہی" اور "بغل میں چھری"

11۔ ایوب: "صنعتکاری" اور "ایبڈو"

12 شاہد خاقان عباسی: "LNG" اور "ائیر بلیو"

13۔ عثمان بزدار: "پاکپتن کا گونگا" اور "ہکا بکا"

14۔ مراد علی شاہ "جئے بھٹو" اور "فنڈز فنڈز"

15۔ جان کمال: "تابعداری" اور "امامت"

16۔ شیخ رشید: "ٹن ٹن ٹن" اور "ٹن ٹن ٹن"

17 عارف علوی: بلی کے بھاگوں" اور ""his master's voice"۔

18۔ فردوس عاشق: "پہلوانی" اور "بل بتوڑی"

19۔ اسد عمر: "عمرانی ارسطو" اور "گرگٹ"

20۔ سراج الحق: "حکم حاکم" اور "خالی جھولی"

21۔ پرویز الٰہی: "گیٹ نمبر 4" اور "1122

22۔ شجاعت حسین: "عقل کا ہیضہ" اور "مٹی پاؤ"

23۔ طاہر القادری: "مردہ پرستی" اور "چندے

24۔ چوہدری نثار: "ایجنٹی" اور "وگ

25۔ راناثناءاللہ: "ٹن ٹن ٹن" اور "یاوہ گوئی

26۔ بھٹو: "حرص اقتدار" اور "جذباتیت

27۔ جونیجو: "پیر پرستی" اور "میں منتخب"

28۔ مجیب: "چھ نکات" اور "مکتی باہنی"

29" ۔ بینظیر: "آکسفورڈ" اور پرمانٹ پریگینینٹ پرائم منسٹر PPP"

30۔ فواد چوہدری: "حکومتی چپڑی" اور "ڈگڈگی"

Arslan19

DSM1۔۔میٹھا سچ388

Medical conditions in poetry

Angina / Heart attack

دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی

کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

شور برپا ہے خانہ دل میں

کوئی دیوار سی گری ہے ابھی

Liver Cirrhosis

چاک جگر کے سی لیتے ہیں

جیسے بھی ہو، جی لیتے ہیں

Suicidal Ideation

چھوڑ دے ساری دنیا کسی کے لیے

یہ مناسب نہیں آدمی کے لئے

Hallucination

تو جہاں جہاں چلے گا

میرا سایہ ساتھ ہو گا

Arrhythmia

دھیرے دھیرے مچل اے دل بے قرار، کوئی آتا ہے

یوں تڑپ کے نہ ہم کو ستا بار بار، کوئی آتا ہے

Drug dependency

ہنگامہ ہے کیوں برپا

تھوڑی سی جو پی لی ہے

Ulcer

سینے میں جلن، آنکھوں میں طوفان سا، کیوں ہے

اس شہر میں، ہر شخص، پریشان سا، کیوں ہے

Conjunctivitis

میرے نینا، ساون بھادوں

پھر بھی میرا من پیاسا

Insomnia

یاد میں تیری جاگ جاگ کے ہم

رات بھر کروٹیں بدلتے ہیں

Mute

میں لاکھ جتن کر ہار رہی

میرا سیاں موسے بولے نہ

Agoraphobia

یہ زندگی کے میلے، یہ زندگی کے میلے

دنیا میں کم نہ ہونگے، افسوس ہم نہ ہونگے

Fatal Road Accident

اک دل کے ٹکڑے ہوئے ہزار

کوئی یہاں گرا، کوئی وہاں گرا

Parkinson disease

تصویر بناتا ہوں، تصویر نہیں بنتی

مجھ سے تو میرے خواب کی تعبیر نہیں بنتی

Paralysis

خدا کا واسطہ دے کر منالوں،

دور ہوں لیکن

تمھارا راستہ میں روک لوں،

مجبور ہوں لیکن

کہ میں چل بھی نہیں سکتا ہوں

اور تم، دوڑ جاتے ہو

Heart transplant

وہ دل کہاں سے لاؤں

تیری یاد جو بھلا دے

Dementia

یہ کہاں آ گئے ہم

ہوں ہی ساتھ چلتے چلتے

Vertigo

سر جو ترا چکرائے یا دل ڈوبا جائے

آجا پیارے پاس ہمارے، کاہے گھبرائے

DSM2میٹھا سچ389

دنیا کی آبادی میں بے تحاشہ اضافے پر ہم مسلمانوں کو خصوصاً خوش ہونا چاہئیے کہ کسی تردد کے بغیر ہی ہم اس صدی کے آخر تک تیزی سے پھیل کر دنیا کا پچاس فیصد ہو جائیں گے چاہے روٹی ملے نہ ملے۔

DSM3میٹھا سچ390

موجودہ زمانے کی دو نئی اصطلاحات "سلیکٹیڈ" اور "ووٹ کو عزت دو" ہیں۔

4. 🙏 DSM۔میٹھا سچ391

ہمارے ایک جاننے والے صاحب

پل اور پھاٹک

5 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ392

پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں:

1۔ دل گھبرا رہا ہو تو سیون اپ کو دوا کے طور پر پیا جاتا ہے۔

2۔ کھانے کے بعد بآواز بلند ڈکار "بجا" کر شکر الحمدللہ کہا جاتا ہے۔

3۔ ڈکار کو ہاضمے کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

4۔ بزرگ بچوں کے سامنے بآواز بلند ہوا خارج کرتے ہیں۔

5۔ سرِ عام قمیض سے زور سے ناک صاف کیا جاتا ہے۔

6۔ بازار میں دیوار کی طرف منہ کر کے کھڑے کھڑے پیشاب کر کیا جاتا ہے۔

7۔ ایک دوسرے کو گھور کر دیکھا جاتا ہے۔

8۔ انگریزی رسم الخط میں اردو لکھی جاتی ہے۔

9۔ پڑھے لکھے شخص کو برا سمجھا جاتا ہے۔

10 ۔ قرآن اور سائنس کا مقابلہ کیا جاتا ہے۔

11۔ آٹھ سالہ بچی کو اسی سال تک کا مرد گھورتا ہے۔

12۔ مرنے کے بعد ہر ایک کو نیک سمجھا جاتا ہے۔

13۔ بزرگوں کو قبر میں بھی زندہ سمجھا جاتا ہے۔

14۔ لوگوں پر کالا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے۔

15۔ گھوڑے کو جنسی طاقت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

16۔ میراثی کو سائنسدان پر ترجیح دی جاتی ہے۔

17۔ چار طرح کے نظام تعلیم بیک وقت رائج ہیں۔

18۔ عورت کو محض جنسیت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

19۔ مرد کی اہمیت کمائی کے لحاظ سے مقرر کی جاتی ہے۔

20۔ گاؤں کو خالص غذاؤں کا مرکز سمجھا جاتا ہے۔

21۔ شہری عورتوں کو بے حیا سمجھا جاتا ہے۔

22۔ ہر حرام کمانے والا بھی اپنی کمائی حلال سمجھتا ہے۔

23۔ حرام کی کمائی سے حلال گوشت تلاش کیا جاتا ہے۔

24۔ بزرگوں کو عقل کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

25۔ رٹہ لگانے سے تعلیم میں پہلی پوزیشن مل جاتی ہے۔

26۔ مسلمانوں کا ہر فرقہ اپنے آپ کو راہ حق پر جانتے ہوئے جنتی سمجھتا ہے۔

🙏 DSM6 😂 ۔ میٹھا سچ 393

ویسے تو کسی کو اپنی موت کا پتہ نہیں لیکن بڑھاپے کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ انسان کثرت سے موت، جنازے، قبر، فرشتے، حساب، دوزخ، جنت وغیرہ کو یاد کرنے لگ جاتا ہے۔ لیکن سب سے بڑا دنیادار وہ ہوتا ہے جو شدت سے موت سے ڈرتا ہے لیکن اپنے خوف کو کم کرنے کے لئے اپنے آپ کو خود ساختہ جنتی بنالیتا ہے اور نفسیاتی طور پر اپنے آپ کو حوروں، دودھ شہد کی نہروں اور پھلوں میووں کے دلچسپ ذکر میں الجھائے رکھتا ہے۔ یوں وہ اپنی موت کے خوف کو عیاشی میں لپیٹ کر اپنے دل کو طفل تسلیوں میں مشغول رکھنے لگ جاتا ہے۔ 🙏

7 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 394

ہمارا تاجر ہمیشہ سے ٹیکس اور نماز میں سے کسی ایک کا انتخاب کرتا آیا ہے۔

8 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 395

طالب علم سے تاجر تک ہم کام کے وقت آرام کرتے ہیں اور آرام کے وقت کام۔ تبھی اس 'برکت' کے باعث ہم دن دگنی رات چوگنی ذلت کا شکار ہیں۔

9 🙏 DSM 😂 ۔میٹھا سچ 396

گورے حاکم سے لڑ کر ہم نے آزادی حاصل کر لی اب کالے حاکم سے جس دن جان چھڑا پائیں گے تو جانیں گے۔

10 🙏 DSM 😂 ۔ میٹھا سچ 397

پینڈورا پیپرز ابھی رات کو کھلیں گے لیکن عوام کارس چوسنے والی سنڈیوں نے عمران خان پر پیشگی حملہ کر دیا ہے۔

تری انگوٹھی ہماری انگلی جکڑ چکی ہے۔۔۔

تو جا رہا ہے تو اس نشانی کا کیا بنے گا۔۔۔

جی جیسے ایک دیہاتی نے سیون اپ کا نام بدلتے ہوئے سکس اپ اور ون ڈاؤن رکھ دیا تھا 🤓

ہم ہمیشہ پاکستان کے تناظر میں بات کرتے ہیں ہمیں پارٹیوں کی گھٹیا سیاست سے کوئی سروکار نہیں DSM 🙏

رزاق احمد: اچھا لگا یہ سن کے۔

DSM: 😀 جی درست کیوں کہ 2008ء تا 2018ء تک decade of destruction تھا

1۔DSM398۔ میٹھا سچ

ایک بار میں نے لکھا کہ مشتاق احمد یوسفی کبھی ہمارے ہاں نہ آئیں گے کیونکہ وہ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ مجھے جن چیزوں سے سخت چڑ ہے ان میں جذباتی مرد، غیر جذباتی عورت اور کافی ہے۔

جبکہ ہمارے ہاں میسر ہی یہی سب کچھ ہے۔

399۔ میٹھا سچ DSM2

ہمارے ایک دوست نے فیس بک پر اپنا سٹیٹس اپ ڈیٹ کرتے ہوئے اپنی تازہ ڈگری کا اعلان ان الفاظ میں کیا۔

"Mfill"

3 ۔ میٹھا سچ 400

ویسے صدر مملکت کو کیسے پتہ چلتا ہے کہ 25 کروڑ عوام میں سے وہ پچاس خواص کون سے ہیں جنہیں یوم آزادی پر تمغہ دینا ہے؟

401۔ میٹھا سچ 4

جو لوگ میاں صاحب کی ویزہ درخواست مسترد ہونے کا جشن منا رہے ہیں، وہ جان لیں کہ میاں صاحب کے پاس دوبئ میں پلمبر کا اقامہ بھی موجود ہے۔

5۔ میٹھا سچ۔402

بابا مسعود

میری بیوی 4 مختلف آئی ڈیوں سے میرے ساتھ ایڈ ہے اور میسنجر پر چیٹ بھی کرتی ہے مگر جب وڈیو کال کا کہتا ہوں تو فرار ہو جاتی ہے۔ جب بھی کوئی چیٹ کال آتی ہے تو چیک کرتا ہوں۔ بیوی کے ہاتھ میں اگر موبائل ہے تو چیٹ کال اس کی بھی ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر

ایڈ تو ہم نے بھی کیا تھا انہیں بچوں سمیت لیکن جب کوئی "کھوج" نہیں ملا تو ہمیں "چل جھوٹا" کہہ کر ہماری وال سے رخصت ہو گئیں۔ اب میں مختلف مہیلاوں کی تصویریں لگا لگا کر انہیں چھیڑتا ہوں لیکن خوش قسمتی سے وہ مجھے ابھی تک جھوٹا ہی سمجھ رہی ہیں۔

6۔403 میٹھا سچ

عمران اس لحاظ سے بھی خوش قسمت ہے کہ وہ اپنی ناتجربہ کاری سے ایک غلطی کرتا ہے تو مخالف اپنی تجربہ کاری سے تین غلطیاں کر جاتے ہیں۔

7۔ میٹھا سچ 404

وڑائچ صاحب مہنگائی کی وجہ یہ ہے کہ تمام صوبوں میں مسلط حکومتیں حصہ وصول کرتی ہیں سوائے سندھ کے جہاں بلاول اور اس کی پھوپھو اپنی جیب سے عوام کو سبزی فراہم کر رہے ہیں۔

8۔ میٹھا سچ 405

اگر دس بارہ سال تک گاڑی چلانے والے کو سیٹ بیلٹ لگانی نہیں آتی تو پچھتر سال سے ملک چلانے والوں سے سیکھ لے۔

9۔ میٹھا سچ 406

محترمہ طاہرہ کاظمی کی مدبرانہ بات کا تمسخر نہیں اڑانا چاہئے کیونکہ انہوں نے کوئی زیادہ لمبی نہیں چھوڑی۔ دراصل انہوں نے تیس برس کی "مختصر" سی جو چھوٹ دی ہے وہ مغرب کی طرح بغیر نکاح کے جوڑوں کے رہنے سے شاید متاثر ہوئی ہیں کہ جو بچے پیدا کئے بغیر تیس تیس سال لذت لیتے رہتے ہیں۔ اس طرح انہیں مستقل میاں بیوی والی چخ چخ بھی آپس میں نہیں سہنی پڑتی۔ پھر تیس برس میں دس جوڑیاں بدلنے کے دوران یا تو کسی بے احتیاطی سے بچہ پیدا ہو جاتا ہے یا پھر وہ آخر میں خود بچہ پلان کرتے ہیں بشرطیکہ پیدا کرنے کے قابل رہ جائیں تو۔

10۔ میٹھا سچ 407

ایک دفعہ کا ذکر ہے شیرنی کے گھر باندری پیدا ہو گئی، شیروں کا سارا قبیلہ شرم سے مر گیا۔ کہانی ختم

1۔ میٹھا سچ 408DSM

شیخ

آئی ایم ایف کی قسط روکنے کے لئے شوکت ترین نے فرمایا کہ یہ کام ہم ایسی فنکاری سے کریں گے کہ کسی کو پتہ ہی نہیں چلے گا۔ کیا ایسے شخص کو اٹھا کر بحیرہ عرب میں نہیں پھینک دینا چاہئیے؟

ڈاکٹر

واقعی جس کی ملک دشمنی کا پتہ چل جائے اس سے ایسا ہی سلوک روا رکھنا چاہئے اور اگر ملک دشمنی ڈھکی چھپی ہی رہے تو پھر پچاس روپے کے بیان حلفی پر ملک سے بھگا دیا جانا زیادہ بہتر ہے۔

2۔ میٹھا سچ 409

جونیئر بھٹو ناچ گانا کر کے وقت گزار رہا ہے اور زرداری کو للچائی نظروں سے دیکھنے کے لئے کانوں میں مندریاں ڈالے آوارہ گھومتا رہتا ہے۔ اب صرف یہی بھٹو زندہ ہے۔

3۔ میٹھا سچ 410

خواتین کو کیا پریشانی ہوتی ہے وہ چیزیں جو مرد اکثر بھول جاتے ہیں مردوں کو کیا پریشانی ہوتی ہے وہ چیزیں جو خواتین ہمیشہ یاد رکھتی ہیں۔

جارج برنارڈ شا۔

ڈاکٹر

کاش انسان آدم کی طرح براہ راست جنت سے گرا کرتے اور ان کی دوسری جنس پیدا ہی نہ ہوئی ہوتی۔ دونوں اصناف نے ایک دوسرے کو مصیبت میں ڈال رکھا ہے۔

4۔ میٹھا سچ۔411

برائے قیوم شیخ

دراصل ہم منافق لوگ ہیں۔ بات مرضی کی ہو تو کہنے والا سمجھدار لگنے لگ جاتا ہے ورنہ احمق۔ انسان اتنا تو جرأت مند ہو کہ کھل کے کہہ سکے کہ میں نواز شریف کو پسند کرتا ہوں۔ دوسروں کا نام لے کر نون لیگ کی تعریف کرنا دراصل وہ ہچکچاہٹ ہے جو ثابت کرتی ہے کہ آپ محض ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے نواز شریف کی تعریف کرتے ہیں لیکن اندر سے اسے چور ہی سمجھتے ہیں۔

5۔ میٹھا سچ 412

محمد اطہر

آفت کی اس گھڑی میں یا تو جماعت اسلامی، الخدمت یا پھر فوجی جوان ہی نظر آرہے ہیں جبکہ ٹائیگر فورس یا جیالے اور متوالے پتہ نہیں کہاں گم ہیں؟ کیا یہ لوگ صرف اپنے لیڈروں کے جلسے بھرنے کے لئے ہوتے ہیں؟

ڈاکٹر

"سیاہ ست" میں خدمت کا ایک خاص مقام ہے جو جماعت اسلامی کے سوا کسی کے پاس نہیں۔ کاش 1958ء میں پٹھان کوٹ کے مقام پر سید مودودی نے سیاہ ست میں آنے کا فیصلہ نہ کیا ہوتا تو ڈاکٹر اسرار جیسے کئی قیمتی مشاہیر سے بھی ہاتھ نہ دھوتی۔

6۔ میٹھا سچ 412

ڈاکٹر سلطان برائے ڈاکٹر صداقت

میاں صاحب کو ملکی دولت کی لوٹ مار کی شیم کا دبیز پردہ چہرہ باہر نکالنے نہیں دیتا۔

فیصل

ڈاکٹر صداقت صاحب آپ نے بہت اچھی پوسٹ کی ہے دوسری پارٹیوں کے لوگ خوب دفع کرتے ہیں ہر غلط بات کو بھی justify کر دیتے ہیں، مگر نون لیگ والے چپ سادھے بیٹھے ہیں۔

ڈاکٹر

فیصل بھائی یہ چپ انہیں ایسے ہی نہیں لگی۔ وہ بھی کسی حد تک اپنی محرومیوں کا ذمے دار نواز شریف کو سمجھنے کے قابل ہو گئے ہیں۔

7۔ میٹھا سچ 413

صداقت

مسٹر سیف اللہ بے شرم وہ ہوتے ہیں جو گھر آئی پیرنی کو بھی نہیں چھوڑتے۔ شریف تو خان کی منہ سے نکلنے والی غلاظت سے بچتے پھرتے ہیں۔

ڈاکٹر

سر آپ ہی اپنی تقریر میں کہا کرتے تھے کہ جب کسی کے پاس دلائل ختم ہو جاتے ہیں تو وہ ذاتیات پہ اتر آتا ہے۔ کیا وہ محض تقریر ہی تھی؟

8۔ میٹھا سچ 414

ڈاکٹر

حیرت ہے کہ "مقابلہ خیرات"

بلاول نے بھی ڈیڑھ کھرب اکٹھا کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اگر قرضوں خیرات وزکات اور سمگلنگ کی رقم کو جوڑا جائے تو ایسی

کی موجودگی میں ہم بیکار میں تعلیم، کاروبار اور برآمدات وغیرہ پر جان ہلکان کرتے پھر رہے "صنعتوں" ہیں۔

9۔ میٹھا سچ 415

صداقت

میلا بے بی روز بروز خطرے ناک کیوں ہوتا جا رہا ہے؟

ڈاکٹر
کیوں کہ یہ دو سو سال قبل کیلبری فونٹ سیکھ گیا تھا۔

10۔ میٹھا سچ 416

مبارک ہو وڑائچ صاحب اب آپ اپنے نواسے کے برابر پپو کے بھی غلام ہو گئے۔

1۔ میٹھا سچ۔

جب تک ہمارے آرمی آفیسر امریکہ سے ٹریننگ لیتے رہیں گے ہم امریکی چنگل سے باہر نہیں آ سکتے۔ جرمنی فرانس تو امریکہ ہی ہوا بالفاظ دیگر۔ چین روس جائیں گے تو فارم 47 والے نالائق اوپر چڑھا دیئے جائیں گے۔ رہ گیا پاکستان تو یہاں بھی تو امریکی ہی بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ الگ بات کہ کمپنی بہادر میں پرانے وقتوں کے تو پچیوں کا قبضہ لگتا ہے۔

2۔ میٹھا سچ

ہمارے پاس تو سینکڑوں جہاز جرنیلوں، سیاستدانوں، نوکر شاہی، ججوں، تاجروں، پیروں اور صحافیوں کی صورت میں موجود ہیں۔ انہیں بیچ سمندر غرق کرنے کی ضرورت ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

3۔ میٹھا سچ

نسلی سے مراد اچھی تربیت اور انصاف پسندی ہو سکتی ہے یہ چیزیں نسل سے بھی چلتی ہیں ورنہ تو نوع کے گھر کنعان بھی پیدا ہو سکتا ہے۔

ڈئیر کنیز یہ نوح ہے نوع نہیں۔

ہو سکتا ہے چمار کا بیٹا اچھی تربیت لے لے اور نواب کی بیٹی میں انصاف پسندی ہو اور دو غیر خاندان مل کر کسی اچھی اولاد کو جنم دے دیں۔ ایسا بچہ بچی بھی نسلی کہلائیں گے کیا؟ جبکہ ایک جاگیر دار اور دوسرا بقول آپ کے کمی کمین۔

4۔ میٹھا سچ۔

پوچھنا یہ تھا کہ جن علاقوں میں دریا نہیں ہے وہ نیکی کر کے کہاں ڈالیں؟
جیب میں رکھ لیں اور جب بھی کہیں دریا ملے تو اس میں ڈال دیں۔ میں نیویارک کے ہڈسن ریور میں ڈالا کرتا تھا اکٹھی ہی کئی ہفتے جمع کر کے۔

5۔ میٹھا سچ۔

انشاءاللہ وقت پلٹے گا اور امریکی غلام اپنے ویسے ہی زخم چاٹیں گے جیسے شاہ ایران نے چاٹے تھے اور کوئی ملک انہیں قبول کرنے کو تیار نہ ہوا تھا۔

6۔ میٹھا سچ

اگرچہ بیمار ذہن یہی سمجھتے ہیں کہ خان ایک پیگ بھی پیتا رہا اور ریاست مدینہ کی فکر میں بھی ڈوبا رہا لیکن وہ جھوٹے کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ اب کیا ان کے گھر والے خان کو جیل میں نشہ پہنچاتے ہیں؟

7۔۔ میٹھا سچ

سو دفعہ ظہر کی نماز کے بعد یاوہاب پڑھیں یعنی اے بہت دینے والے۔ آپ دیکھیں گے گھر میں کیسے برکت ہو گی۔
لالچی کو بھی وہی اللہ کا نام یاد آیا جس سے اس کا گھر بھر جائے۔

8۔ میٹھا سچ۔

حیوان اور انسان دونوں کو شکم کی آگ لئے پھرتی ہے شہر بہ شہر۔ کہاں کے ہیں ان کے نام و نسب؟ کہاں گئے ہمارے علم و فضیلت؟ اس جہان رزق میں ضرورت مند کی عزت ہی کیا ہے؟ اور ہم کبھی مہاجر بن جاتے ہیں تو کبھی چودھری اور شیخ؟ (افتخار عارف سے معذرت کے ساتھ)
ڈاکٹر سلطان محمود

برائے فرحت منظور

سر یہ سب دیکھ اور سن کر میرا دل ڈوبنے لگتا ھے کیسے لوٹا میرے ملک کو۔

محترمہ ملک ریاض اس وقت صحت کے لحاظ سے بہت ناگفتہ بہ حالت میں ہے۔ میرا قریبی دوست دبئی میں اس کے داماد کا ولا بنوا رہا ہے جس کے توسط سے ملاقات پر میں اسے دیکھ کر دم بخود رہ گیا۔ دنیا کی ہر سہولت کے ساتھ بستر کے ساتھ چپکا ہوا ہے اور اوپن ہارٹ سرجری کے بعد کوئی ایسی بیماری ہے کہ سینہ دوبارہ سیا نہیں جا سکتا کہ بار بار کھولنے کی ضرورت نہ پڑے۔ اللہ توبہ۔ ہم آپ

نے ملک و قوم کے علاوہ عام یا خاص انسان تو ایک جانب کبھی کسی حیوان پر بھی تشدد یا ظلم نہیں کیا ہو گا اور ہم اللہ کا شکر کر کے اپنی جائز محنت کی کمائی کھاتے ہیں تبھی شاید ہشاش بشاش گھومتے پھرتے ہیں۔

9۔ میٹھا سچ

انسان کی عقل صرف اتنی ہے کہ حیوان کہا جائے تو ناراض ہو جاتا ہے اور اگر شیر کہا جائے تو خوش۔

10۔ میٹھا سچ

سرائیکی بچی بتا رہی تھی کہ بوڑھوں نے دیسی خوراکیں کھائی ہوتی ہیں مگر دولت کے چکر میں نہ پھنس جانا۔
ٹھیک کہہ رہی تھی۔ ساٹھ کے بعد مرد دو چار دفعہ تو سیکس کر لیتا ہے اور پھر لمبے عرصے کے لئے ٹھس بھی رہتا ہے۔ مگر جوانی والی موجیں کہاں؟ نوجوان بچیاں صرف مال پانی کے لالچ میں بوڑھوں کے ساتھ پھنستی ہیں مگر اندر خانے کسی نوجوان سے بھی دوستی رکھتی ہیں۔

1۔ میٹھا سچ

دنیا میں انسان اپنے سبھی افعال کبھی نہ کبھی پہلی دفعہ ہی سر انجام دیتا ہے۔

2 میٹھا سچ

گائے واقعی دودھ خود سے نہیں دیتی بلکہ اپنے بچھڑے کی بھوک مٹانے کے لئے اس کے مانگنے پر دیتی ہے لہٰذا تمام لوازمات کے علاوہ اسے بچھڑے سے پسمانہ بھی پڑتا ہے جس کا جدید علاج آکسیٹوسین ہارمون کا ٹیکہ لگا کر کیا جاتا ہے۔

3۔ میٹھا سچ

جاتے ہوئے کہتے تھے چوڑیاں پہنا دیں گے، مگر آتے ہوئے راکھی باندھ آئے (منقول)

4۔ میٹھا سچ

لڑکیوں کی ذہانت کمپرومائزڈ ہوتی ہے۔

5۔ میٹھا سچ

مریم کی بھی وہی شہبازی حرکتیں ہیں۔ نوے فیصد عوام کو ایسے نظر انداز کر دینا کہ جیسے ان کا وجود ہی کوئی نہیں اور دس فیصد اپنے لوگوں کو یورپی سہولتیں دے کر خوب خوب پروپیگنڈا کرنا تاکہ جعلی ووٹ حاصل کرنے کے لئے دستاویزی ثبوت بنا لئے جائیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

6۔ میٹھا سچ۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ خوش رہنا ہے چاہے دنیا کو احمق بنایا جائے یا اپنے آپ کو۔ میری خوشی کی خاطر آنے والی کتاب کا نام "ستمایاں" رکھ لیں۔

7۔۔ میٹھا سچ

It's a time to quit cricket for ever. Scratch it out from the roots.

کرکٹ کو ہمیشہ کیلئے خدا حافظ کہنے کا وقت ہوا چاہتا ہے۔ اس کو جڑ سے اکھاڑ پھینکو۔

8۔ میٹھا سچ

لیکن ہم تو اتنے اللہ کے پجاری ہیں کہ ہمیں ٹوائلٹ جانے سے بھی پہلے عربی میں دعائیں پڑھنا سکھایا جاتا ہے۔

9۔ میٹھا سچ

And vice versa, a man never forgets how a woman treated him during the times he needed her support the most. Forget what happens later when both don't need each other.

اور اس کے برعکس، ایک مرد کبھی نہیں بھولتا کہ ایک عورت نے اس کے ساتھ کیسا سلوک کیا جب اسے اس کے تعاون کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ بھول جائیں کہ بعد میں کیا ہوتا ہے جب دونوں کو ایک دوسرے کی ضرورت نہ ہو۔

10۔ میٹھا سچ

حکومت میں رہتے ہوئے اپنی قوم کا ناک کٹوانا چاہیں تو کڑوا سچ بول لیں لیکن ایک گلوبل ولیج میں اس کی کوئی بھی غیرت مند اجازت نہیں دے گا۔ عزت نفس کی خاطر میٹھا جھوٹ بولنا دنیا بھر کے سمجھدار حکمرانوں کا طریقہ کار ہے۔

1۔ میٹھا سچ

رؤف بھائی اور ان کی فرسٹ کزن بیوی کے لئے ہدیہ تبریک۔

بچپن سے ہم اس اخبار کی فیصل آباد کے لئے پیش کی گئی گراں قدر خدمات کے گواہ ہیں۔ اور آپ دونوں کزن میاں بیوی کو صحافتی خاندان کی یادگار کے طور پر مبارکباد بھی پیش کرتے ہیں۔

اخبار تو آج بھی غریب ہی ہے لیکن اللہ نے آپ کو اسی خدمت کے عوض امیر کر دیا ہے۔

2۔ میٹھا سچ

جب ایک فیملی میں اوسطاً چار کی بجائے سات افراد ہوں گے تو بھوک مٹانے کے لئے مشینوں ہی سے مدد لینی پڑے گی۔

3۔۔ میٹھا سچ

آخری دم تک دنیا کو محسوس کرو۔ معلوم نہیں کل ہو نہ ہو۔
ڈاکٹر سلطان محمود

4۔ میٹھا سچ

Abdul Hadi: And vice versa, a man never forgets how a woman treated him during the times he needed her support the most.

Forget what happens later. when both don't remember their names.They don't need each other

DSM

Great comment sir. Profoundly articulated and music to the ears. Your view reminds me of JFK who once put it: " Forgive your enemies but---

عبدالہادی: اور اس کے برعکس، ایک مرد کبھی نہیں بھولتا کہ ایک عورت نے اس کے ساتھ کیسا سلوک کیا جب اسے اس کے تعاون کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ بھول جاؤ جو بعد میں ہوتا ہے۔ جب دونوں کو اپنے نام یاد نہیں ہوتے۔ انہیں ایک دوسرے کی ضرورت نہیں ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

زبردست تبصرہ جناب۔ گہرائی سے بیان کیا گیا اور کانوں تک موسیقی۔ آپ کا نظریہ مجھے JFK کی یاد دلاتا ہے جس نے ایک بار یہ کہا تھا: "اپنے دشمنوں کو معاف کر دو لیکن۔۔۔۔

5۔ میٹھا سچ

کاش ہم بھی ماں باپ بننے سے پہلے پہلے اس نصیحت پر عمل کرتے۔(نصیحت کیا ہے سر۔انعم)

6۔ میٹھا سچ

سرکار کی تعریف ہی یہ ہے کہ اس ڈاکیے کو تیس برس تک پندرہ کلومیٹر روزانہ پیدل چل کر برے موسموں اور جنگل میں وحشی جانوروں کے حملوں سے بچ بچا کر ڈاک تقسیم کر کے بھی اس سرکاری ملازم جتنی ہی پنشن ملے جس کی شکل بھی دیکھنے کو سائل ترستے رہتے رہے ہوں۔
ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ میٹھا سچ

اگر ہمیں کبھی آزادانہ فیصلے کرنے کا اختیار ہوتا تو ہم بھی گدھے منتخب نہ کرتے۔

8۔ میٹھا سچ۔

میرے جیسے چند سر نے جپھروں جناح باغ لاہور میں مغربی طرز پر ایک چلتی پھرتی لائبریری قائم کر دی عوام کی بہتری کے لئے جس کے دو خانے تھے ایک کتاب لینے والا اور دوسرا پڑھ کر واپس کرنے والا۔ چند دنوں بعد دونوں خالی ملے۔
"وہی کچھ تو ہو لندن میں جو کچھ ہو لدھیانے میں"

9۔ میٹھا سچ۔۔

نیک شریف با اخلاق سعادت مند پرہیز گار بکرا، اس بکرے نے آج تک کسی بکری کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔

تو پھر یہ ادھر امب لینے آیا ہوا ہے پھیرو چھری اسے۔

10۔ میٹھا سچ۔

کیا میں اسے بھارتی اداکار شترو گھن سنہا کی طرز پر گٹر وشن گہنا کہہ کر پکار سکتا ہوں؟ اور دادی کے حوالے سے دادا صاحب پھالکے۔ اور آخر میں دونوں کو ملا کر "گہنا پھالکے"۔

1۔ میٹھا سچ

Jacob Raschle

It's women's fault.

Exactly. And when the man walks away he gets blamed for everything, always the man.

DSM

Don't care. Most of the times, man walks away, without defaming woman but woman does not.

جیکب راشیل

یہ خواتین کا قصور ہے۔

بالکل۔ اور جب آدمی چلا جاتا ہے تو اسے ہر چیز کے لیے مورد الزام ٹھہرایا جاتا ہے، ہمیشہ آدمی۔

ڈاکٹر سلطان محمود

پرواہ نہ کرو۔ اکثر اوقات مرد عورت کو بدنام کیے بغیر چلا جاتا ہے لیکن عورت ایسا نہیں کرتی۔

2۔ میٹھا سچ۔

اب زمانہ الٹ ہے۔ قرابت دار سے زیادہ محتاط رہنا پڑتا ہے۔

آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا۔۔۔

دوست یاں تھوڑے ہیں بھائی بہت۔۔۔!!

3۔ میٹھا سچ۔

شگفتگو

باباجی سے ٹریڈ مل اور بیوی میں مماثلت پوچھی تو فرمایا دونوں مرد کی چربی پگھلانے کے کام آتی ہیں ۔دونوں کے دورانِ استعمال ٹانگیں کانپنے لگتی ہیں، سانس پھول جاتی ہے اور بغلوں میں پسینہ آجاتا ہے۔

Someone asked – What's difference between wife and a bike?

Answered – On wife you jump first and then pump but on bike you pump first and then jump.

کسی نے پوچھا بیوی اور موٹر سائیکل میں کیا فرق ہے؟

جواب دیا-بیوی پر آپ پہلے چھلانگ لگاتے ہیں اور پھر پمپ کرتے ہیں لیکن موٹر سائیکل پر آپ پہلے پمپ کرتے ہیں اور پھر چھلانگ لگاتے ہیں۔

4۔ میٹھا سچ

اچھا ہوا آپ نے اتفاقیہ مماثلت کے ڈر سے معذرت کر لی۔۔ ورنہ۔۔ ورنہ۔۔ میں نے یہی سمجھنا تھا کہ آپ میرے ہارمونز کی ہنسی اڑا رہی ہیں ویسے آپ نے بھی ڈی پی پر کم ظالم تصویر نہیں لگا رکھی پہلے دوسروں کے جذبات سے کھیلنا۔۔ اور پھر معذرت۔۔ عجب رنگ ہیں آپ جیسے نگینوں کے بھی

۔

اس سے پہلے کہ آپ کو بھی برا لگے۔۔ معذرت قبول کریں۔

نور الہدیٰ شاہ

ڈی پی کے متاثرین کا بھی ایک منفرد ڈراما ہے۔

ڈاکٹر

حسن سے متاثر ہونے کا اہم عضو آنکھ ہے اسے ڈرامہ تو نہ کہیں۔

5۔ میٹھا سچ

یہاں کامیابی صرف چاپلوسی کرنے والے کو ملتی ہے یا پھر سفارش والے کو۔

6۔ میٹھا سچ

اس عیدِ قربان پہ جانوروں کی آلائشیں ایک بیگ میں ڈال کر اس پر 804 لکھ کے گھر کے باہر گلی میں رکھ دیں عقیدت مند خود ہی اٹھالیں گے۔

اگر آلائشوں والے بیگز پر 804 ہی لکھنا ہے تو لگتے ہاتھ اس میں پٹواریوں کو بھی ڈال دیا جائے تا کہ ملک کا سارا کچرا ہی تیزی سے صاف ہو جائے۔

7۔ میٹھا سچ

مرید بھائی تو پیر بھائی بنتے چلے جا رہے ہیں۔

8۔ میٹھا سچ

مرے خدا انہیں فردوس میں جگہ دینا۔۔۔

جو مر گئے مرا جینا حرام کرتے ہوئے۔۔۔

9۔ میٹھا سچ

اگر نماز وغیرہ قضا کر دی جاتی ہے تو عوام کی خوشحالی تک قربانی بھی قضا کر دیں تو کیا مضائقہ ہے؟

10۔ میٹھا سچ

جس طرح زرافے کی گردن اس لئے زیادہ لمبی ہوتی ہے کہ اس کا سر بڑی دور ہوتا ہے ایسے ہی پیٹو کا پیٹ اس لئے لٹکتا ہے کیونکہ اس میں کھابوں کا بوجھ زیادہ ہوتا ہے۔

1۔۔ میٹھا سچ DSM468

گنجے مرد داڑھی اس لئے بھی بڑھا لیتے ہیں کہ ثابت ہو کہ گنجا پن کسی اتفاقیہ بیماری سے ہوا ورنہ ہمارے بال تو بہت اگتے ہیں۔

2۔ میٹھا سچ DSM 469

ہمارے ہاں کھانے اور کتابوں کی دکانوں کی نسبت وہی ہے جو معدے اور دماغ کی ہے۔

3 🙏 DSM۔ 🥺 ۔ میٹھا سچ 470

ہم بھائی یا کزنوں سے زیادہ دوست اس لئے عزیز رکھتے ہیں کیونکہ دوستوں کے ساتھ کھل کر جھوٹ بولا جا سکتا ہے۔

4 🙏 DSM 🥺 ۔ میٹھا سچ 471

اللہ نے مرد کا سر بہت خوبصورت بنایا ہے لہٰذا نظر بد سے بچانے کے لئے زیادہ تر کو بالوں سے چھپا دیا ہے۔

5 🙏 DSM 🥺 ۔۔میٹھا سچ 472

ہم نے ماں کو ماما کہہ کر حقیقت میں نوکرانی ہی ثابت کر دیا ہے اور باپ کو گنہگار گردانتے ہوئے پاپا کہہ ڈالا۔

6 🙏 DSM 🥺 ۔۔میٹھا سچ 473

پنجابی گھروں میں اردو اس لئے بولتے ہیں تا کہ بچے ہندی فلمیں سمجھنے کے قابل ہو سکیں۔

7 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 474

ہمیں اہل مغرب شدت پسند اس لئے کہتے ہیں کہ ہم ان سے شدت سے پیار کرتے ہیں۔

8 🙏 DSM 🥺 ۔۔میٹھا سچ 475

سیاستدان اور سائنس دان کے درمیان فرق صرف گا، گے، گی اور تھا، تھے، تھی کا ہی ہے۔

9 🙏 DSM 🥺 ۔۔میٹھا سچ 476

ہمارے زیادہ تر اصلی ڈگری والے بیرون ملک چلے گئے ہیں کیونکہ یہاں سب ملازمتیں جعلی ڈگری والے لے اڑے۔

10 🙏 DSM 🥺 ۔۔میٹھا سچ 477

اگر زندگی سے گوشت کھانا، چینی پینا اور ٹی وی دیکھنا نکال دیا جائے تو پھر گدھا زیادہ بہتر انسان نظر آنے لگ جاتا ہے۔

1۔۔میٹھا سچ

وقت سڑکوں پر کم اور دفاتر میں بہت زیادہ نظر آتا ہے۔

2۔میٹھا سچ۔

یہ تو اندرا گاندھی کی بہو مونیکا گاندھی نے 1966ء ہی میں لاہور کے قریب امرتسر ٹی وی کے افتتاح کے موقعے پر کہہ دیا تھا کہ پاکستانیوں کی اگلی نسلیں ہماری ہی بولی بولیں گی۔

3۔ میٹھا سچ

ورک فرام ہوم کی سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ چائے، فون اور اخبار پر اخراجات اپنی جیب سے ادا کرنے پڑتے ہیں۔

4۔ میٹھا سچ

صرف ہم ہی اہل مغرب سے متاثر نہیں بلکہ وہ بھی ہیں خصوصاً اس وقت جب ہم روزہ رکھ کر فلمیں دیکھتے ہیں۔

5۔ میٹھا سچ

ہمیں تو وہ سیاستدان پسند ہے جس کا جھوٹ، کرتوت اور محبوب پکڑے نہ جا سکیں۔

6۔ میٹھا سچ

ہمیں فلموں کے ہیرو اور ہیروئنز پسند ہوتے تو ہم فلمیں ضرور دیکھا کرتے۔

7۔ میٹھا سچ

اگر ملت کے استاد استادیاں دکھا کر، معالج فارما انڈسٹری سے ساز باز کر کے، پارلیمان عوام کی بددعاوں سے اور ٹھیکیدار کمیشن کی لعنتوں سے آزاد رہتے تو یقیناً اپنے مقدس مقام سے نیچے نہ گرتے۔

8۔ میٹھا سچ

مغربی یونیورسٹیوں کے سربراہ دانشور اور ہمارے طاقتور ہیں۔

9۔ میٹھا سچ

بقول حضرت عمر اور پھر جرمن فلاسفر ہیگل کے کسی شخص کو وہ عہدہ نہ دو جس کی وہ طلب رکھے۔

10۔ میٹھا سچ۔

بیوی کے انتخاب سے پہلے اپنی ساس کو اچھی طرح دیکھ لیں کیونکہ شادی کے تیس برس بعد آپ کی بیوی بھی ویسی ہی نکل سکتی ہے۔ اور اسی طرح خاوند اپنے باپ جیسا۔

1۔۔ میٹھا سچ

شادیاں چاہے زیادہ رچالیں لیکن بچوں کی تعداد دو سے بڑھنے نہ دیں نیز یاد رکھیں بچے آپ سے دو چار ہاتھ زیادہ ہی نکلیں گے۔

2۔ میٹھا سچ

گاڑی وہ رکھیں جسے ڈرائیور چلائے، جہاز کے سفر کا خرچہ کمپنی اٹھائے، گھر بنا بنایا لیں، ایک مہینے کی آمدن دو ماہ کے خرچے کے برابر ہو، کمپنی منتخب کرنے کی بجائے باس منتخب کریں اور آٹھ گھنٹے ملازمت کو دیں، آٹھ فیملی کو اور آٹھ خالص اپنی ذات کے لئے رکھیں۔ کھانا مرضی کا کھائیں، شریک حیات کی پسند ناپسند میں ٹانگ نہ اڑائیں اور رشتے داروں سے دور رہیں۔ بچوں کے لئے جائیداد نہ بنائیں بس اچھی تعلیم اور ہنر دے دیں نیز سب سے اہم یہ ہے کہ اپنی زندگی میں جائیداد بیوی بچوں کے نام نہ لگائیں۔

3۔ میٹھا سچ

کسی ترقی یافتہ ملک میں مستقل بسنا چاہیں تو سب سے پہلے والدین اور دیگر رشتوں سے علیحدگی اختیار کر لیں یا انہیں بھی ساتھ لے جائیں۔

4۔ میٹھا سچ

ہم ہمسایوں کو دیکھ کر زندگی بسر کرتے ہیں لیکن بہتر ہے یہ کام بھارت کو سامنے رکھ کر کریں۔ جھگڑے مول نہ لیں لیکن فلمیں ساری کی ساری دیکھیں۔

5۔ میٹھا سچ

بیٹے بہو کو ساتھ رکھیں مگر تب تک جب بیٹا بہو کی زبان نہ بولنا شروع کر دے۔

6۔ میٹھا سچ

اخبار کو خبروں کے بغیر پڑھیں، ٹی وی اشتہاروں کے بغیر دیکھیں اور سوشل میڈیا کو غیرت کے بغیر۔

7۔ میٹھا سچ

صرف اس دوست اور رشتے دار سے تعلق نبھائیں جو آپ کے وقار کا خیال رکھے۔

8۔ میٹھا سچ

جو آجر، رشتے دار یا دوست آپ کے رستے روکے ان سے بھڑے بغیر رستہ بدل لیں اور اپنا وقت بچائیں۔

9۔ میٹھا سچ

کس کے بھی خلاف اپنی عدالتوں میں نہ جائیں کیونکہ وہاں ان سے بھی برے لوگوں سے واسطہ پڑ جائے گا۔

10۔ میٹھا سچ

ٹوٹا ہوا تیر جوڑنا ممکن ہے لیکن ٹوٹا ہوا دل جوڑنا مشکل ہے۔

1۔DSM۔ میٹھا سچ 498

قوم کا مقدر قوم کے ماتھے پر لکھا ہوتا ہے۔

2۔ میٹھا سچ DSM499

ایک بار پاکستان کمیونٹی سنٹر نیویارک کے ہم چند ڈائریکٹرز نیوجرسی کی مشہور Passaic جیل کے دورے پر گئے۔ مقصد پاکستانیوں کے مسائل معلوم کر کے وزارت خارجہ کو اطلاع کرنا تھی۔ انتظامیہ سے انٹرویو میں ہم نے پوچھا کہ کیا آپ قیدیوں پر تشدد کر کے سچ اگلواتے ہیں تو جیل

سپرنٹینڈنٹ نے بڑی حیران کن بات بتائی۔ کہنے لگی کہ ہم باری باری سب قیدیوں کی ون آن ون ملاقات ایک تربیت یافتہ خوبصورت خاتون آفیسر سے کراتے ہیں جو ان کی مدد کرنے کے وعدے پر دوچار بار ملاقات کر کے سبھی راز اگلوا لیتی ہیں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 500

فیس بک ہم سب کا دوسرا گھر ہے بلکہ کئی میرے جیسوں کا تو شاید پہلا گھر ہی بن گیا ہوا ہے۔

DSM4۔ میٹھا سچ 501

قربانی کے جانور کے گوشت کی تقسیم کے لیے کچھ تبدیلیاں ضرور لائیں۔ ایسا بھی کیا کہ سری فقیروں کے لئے، گردن غریب رشتے داروں کے لئے، پٹھ فریج کے لئے، کلیجی دوپہر کے لئے، ران بہنوں کے لئے، پائے فریزر میں سردیوں کے لئے، اوجھڑی اور آنتیں میونسپل کمیٹی کے لئے، چانپ اور گردے دعوت کے لئے، دستی عید کی شام کے لئے اور کھال سیاسی جماعتوں کے لئے۔

ہاں زندہ جانور بچوں کے کھیلنے کے لئے۔ گھر کے باباجی پٹھے لانے کے لئے۔ گھر کی خواتین صفائی پکائی کے لئے، رشتے دار اور محلے دار جلنے کے لئے۔ بس ایک چیز کہیں بھی نہیں۔ اور وہ ہے تقویٰ۔

حرام پیسے کو حلال گوشت میں بدلنے کا یہ عالمی دن ہے۔

DSM5۔ میٹھا سچ 502

میڈم: ایک ہی کوکھ، گود اور ماحول میں پلنے والے دو بھائی رحمانی اور شیطانی صفات کے مالک کیسے ہو سکتے ہیں؟

ویسے یہ کوئی ایسی گھمبیر تا تو نہیں مادام۔ یہ جنیٹکس اور انوائرمنٹ کا مشترکہ ایکشن ہوتا ہے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 503

شادی کے بعد روزانہ کی بنیاد پر ماں سے ٹیوشن لینے والی 4 سی جی پی CGP کے ساتھ طلاق کی ڈگری لیتی ہیں۔

اور اگر ماں نہ ہو تو پھر بہن سے بھی ٹیوشن لے سکتی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا خاوند اچھا ٹیوٹر نہیں بن سکتا؟

DSM7۔ میٹھا سچ 504

ای کیپ کی وال سے:

ڈاکٹر صاحب پلیز عید کے پیارے پیارے میسج نہ ڈیلیٹ کریئے گا، تاکہ ممبران کچھ خوش ہو جائیں۔ میرا تو خیال تھا کہ ایک پروفیشنل اپنے شعبہ مہارت میں کنٹریبیوٹ کر کے ہی خوش ہوتا ہے لیکن مجھے شدت سے احساس ہو رہا ہے کہ میں پاکستان میں ہوں جہاں خوشی کا پیمانہ کچھ اور ہے۔

بہر حال خوش رہیں اگر ایسے ہی رہ سکتے ہیں تو۔

DSM8۔ میٹھا سچ 504

میں اپنے پورے ہوش و حواس میں آپ سب کو گواہ بنا کر اعلان کرتا ہوں کہ صحت کے بجٹ میں میرے حصے کے جو 21 روپے بنتے ہیں وہ میں اپنی خوشی سے محترم جناب نواز شریف کے پلیٹ لیٹس کے لئے ڈونیٹ کرتا ہوں میرا اللہ مالک ہے میں دم کرالوں گا۔

سلیمان

ڈاکٹر صاحب آپ کا تعلق اسلام آباد سے نہیں۔ مذکورہ وفاقی بجٹ صرف وفاقی دارالحکومت کے لئے ہے، اس وفاقی صحت کے بجٹ سے آپ کا کوئی تعلق نہیں۔

ڈاکٹر

آپ کی دلیل حب شریف کی وجہ سے بے حد کمزور ہے۔ جو بجٹ آج وفاق میں منظور ہوا ہے وہی تلوار چند دنوں میں صوبوں کے سروں پر بھی لٹک جانی ہے۔

سلیمان

حب شرف کی کوئی دلیل نہیں۔ آپ کی پوسٹ حقائق کے بالکل منافی ہے۔

ڈاکٹر

سو فیصد حقائق کے مطابق ہے ذرا صوبائی بجٹ آ لینے دیں۔ اگر مرکز میں چور بیٹھے ہیں تو صوبوں میں بھی تو ڈاکو ہی ہیں۔ آپ ایک دو ہفتہ صبر کرتے تو آپ کو شریف بد معاشوں کا بے معنی دفاع شاید نہ ہی کرنا پڑتا۔

DSM9۔ میٹھا سچ 506

جس کے اندر چھوٹا جانور ہے وہ چھوٹے جانور کی قربانی دے رہا ہے جس کے اندر بڑا جانور ہے وہ بڑے جانور کی قربانی دے رہا ہے۔
اور جو بیچارہ حالات کی تنگی سے قربانی سے قاصر ہے گویا کہ اس کے اندر جانور موجود ہی نہیں۔

DSM10۔ میٹھا سچ 507

مبارک ہو جی۔ ہم جہاں جائیں گے اعتقادات ساتھ لے کر جائیں گے۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی دیار غیر میں بسنے والے سبھی مسلمان عید کے معاملے میں تقسیم ہی رہے۔

DSM1۔ میٹھا سچ508

مختلف لوگوں کی مختلف ترجیحات:

I want to date : Shafak Nazir

Crush: Mona Raza

I will kiss: Shakila Rehman

Have fun with : Maria Igorevna

Dinner with: Dr-Riaz Ahmed

Deep hug: Mesm Rehman

I wanna marry: Gaiti Ara

DSM-2۔ میٹھا سچ509

ٹھگز آف پاکستان" کے نام سے انڈین میڈیا پر جو پاکستان کے بلڈوز ہونے کی باتیں چل رہی ہیں وہ انہیں ہم نے تو جا کر نہیں بتایا کہ پاکستان کو کس نے برباد کیا۔

DSM3۔ میٹھا سچ510

واقعی خاقان عباسی بیچارہ بے حد سادہ ہے جو آج تک سمجھ ہی نہیں پایا کہ مفت میں ایک عظیم ٹھگ خاندان کو مضبوط بنانے کا باعث بن رہا ہے۔ اس کی اسی سادگی یا حماقت، یا پھر خلوص یا گہرائی میں نہ اتر سکنے کے فطرت کے باعث یہ واحد شریف خاندان کے باہر کا بندہ ہے جسے وزیر اعظم کے منصب کے لئے نواز شریف نے قابل اعتبار سمجھا۔ بہر حال یہ آدمی اتنا بھی سادہ نہ سمجھیں کیونکہ اسے اتنا تو معلوم ہے کہ پی آئی اے برباد کر کے اپنی ائیر لائن کیسے چلانی ہے۔

4۔ میٹھا سچ DSM511

اگر آپ بھی چاہتے ہیں کہ آپ کو تولا نہ جائے بس گنا ہی جائے تو الیکشن سکیم سے فائدہ اٹھا کر حکومت کی مدد کریں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM5۔ میٹھا سچ 512

اقصیٰ

چائے میرا کم عمری کا کیا عشق ہے جس بن میرا ہر دن ادھورا ہے۔

ڈاکٹر

کم عمری کے فیصلے عموماً غلط ہی نکلتے ہیں۔

اقصیٰ

چائے کی آئے روز بڑھتی طلب آپ کی بات کی نفی کر رہی۔

ڈاکٹر

یہ بات اور ہے کہ جس چیز کی طلب بڑھ جائے وہ کیا فائدہ مند بھی ہوتی ہے کہ نہیں؟ اب فاسٹ فوڈ، موبائل فون، سیکس اور رات بھر جاگنا کس زمرے میں آنا چاہئے؟

اقصیٰ

عموماً کہہ کے ہمارے بچپن کے فیصلے کی لاج رکھ لی۔ ورنہ ہمیشہ بھی کہہ سکتے تھے آپ۔

ڈاکٹر

نہیں بچپن کے سارے فیصلے غلط تھوڑی ہوتے ہیں۔ مثلاً والدین اور بہن بھائیوں سے محبت، علم حاصل کرنا، نماز روزے کا پابند ہو جانا وغیرہ ہمارے بچپن ہی کے عمومی فیصلے ہوتے ہیں۔

6۔ میٹھا سچ DSM513

چلیں ہماری بھی تو عقل ٹھکانے آئے ورنہ بڑے مغرور ہوئے پھرتے ہیں۔

اقصیٰ

یہ تو انجانے میں آپ ٹھیک ہی کہہ گئے۔

ڈاکٹر

مادام جان بوجھ کر کہا ہے۔ میں ایک حقیقت پسند انسان ہوں۔ سوچا ہے کہ ایسے ہی فارغ بیٹھا تھا آپ کو بتا ہی دوں۔

DSM7۔ میٹھا سچ 514

مگر افسوس میں بھی فروری کے دن تھوڑے ہونے کے باعث کم ہی بولوں گا۔ کم سوشل میڈیا استعمال کروں گا، کم کھا بے کھاؤں گا اور کم کم ہی کماؤں گا۔

8۔ میٹھا سچ DSM515

شادی سے پہلے مرد دنیا کی ہر عورت سے پیار کرتا ہے شادی کے بعد اُس میں سے ایک عورت کم ہو جاتی ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 516

ایسا کوئی صابن نہیں بنا جو نیت کو صاف کر دے۔

ہے تو سہی "انسانیت سوپ"۔ ملنے کا پتہ "اپنے ضمیر کے اندر" اور قیمت "مفت"

10۔ میٹھا سچ DSM517

ہائے جسم سے پیار کا دن ویلنٹائن ڈے بھی گزر گیا ہے اور کام سے پیار کا دن تو کبھی آنا ہی نہیں۔ ہمارا کیا ہو گا کالیا۔

DSM1۔ میٹھا سچ 518

چناب کنارے "کنارہ ہوٹل" کے بعد گجرات شہر میں داخلے سے قبل ہی یہ (پتا نہیں بروسٹ) ایک بہت پر فضا مقام ہے جہاں شہر کی گہما گہمی سے دور بہترین کھانا بھی کھایا گیا نیز "نامعلوم صلح مشن" بھی کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچا جہاں "گجرات کے پاوے مشتاق لاوے" کا جوڑ "لاہور کے پاوے احسن لاوے" سے بمشکل "ڈنگ ٹپاؤ سرجیکل سٹرائیک" سے الگ الگ کیا گیا۔ اب تھکے ہوئے شیر اپنی اپنی کچھاروں میں گرے ہانپ رہے ہیں اور انہیں کوئی دو ماہ بعد یاد آیا ہے کہ مجھے میری تصویر بھی بھیجنی تھی جو پراپرٹی ٹائیکون نے حضرت داتا گنج بخشؒ سے خصوصی اجازت طلب کر کے بنائی تھی۔

DSM2۔ میٹھا سچ 519

برائے کنیز بٹل

آپ یہ کیا کریں کہ 365 میں سے کم از کم ایک دن اپنی ذات کی پرستش سے باہر آ کر مزاح کو دل پر نہ لیا کریں اور ایسے کلپس کو آخر تک بھی دیکھ لیا کریں۔

DSM-3۔ میٹھا سچ 520

مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث ہمارے لان کی موسمبی ضائع ہو گئی۔

ڈاکٹر سلطان کے لان کی موسمبی خراب ہو جائے۔۔۔۔ کیا یہ کھلا تضاد نہیں؟؟؟؟

یاسر گل خان

اک تضاد پہ کھڑی ہے ہماری زندگی کی گاڑی۔۔۔

امرود بھی گل گئے سارے موسمبی بھی ساری۔۔۔

ہمارا مالی بھی لگتا ہے کچھ سرکاری کچھ درباری۔۔۔

یارو مخول سی لگتی ہے، ماحول کی ماراماری۔۔۔

افسوس ہوا مالک کی عدم دستیابی کے ہاتھوں پھل بن موت مارے گئے۔

اقصیٰ باجوہ

سڑ گئی موسمبی ساری۔۔۔

چین سے بہہ رہی ہے راوی۔۔۔

دروغ بر گردان مالی۔۔۔

لگتا ہے آپ اب مسمیاں خرید کر کھانے کے عادی ہو گئے ہیں۔

محمد یونس زاہد

ہاہاہاہاہاہا خرید کر بھی نہیں۔ بس تحفے میں مل جائیں تو کھا لیتے ہیں ورنہ چپ چاپ تحفے کے انتظار میں بیٹھ رہتے ہیں۔

دیکھ بھال کیا باہر سے کسی نے آ کر کروانی تھی۔؟

اقصیٰ باجوہ

ہم کو اپنی خبر نہیں یارو۔۔۔

تم موسمبی کی بات کرتے ہو۔۔۔

بہترین وقت وہ ہے جس میں بدترین لوگ سامنے آ جاہیں۔۔

DSM4۔ میٹھا سچ 521

دو "ماہرین مخولیات" کا مشترکہ شعر (یونس زاہد اور ڈاکٹر سلطان محمود):

اگر خاوند سے ہم آہنگ نہ ہو بیوی تو شوہر آوارہ ہو جاتا ہے

اور اگر

صلاحیتوں سے ہم آہنگ نہ ہو سی وی تو بند ہر دروازہ ہو جاتا ہے

DSM5۔ میٹھا سچ 522

اب لوگ پڑھتے نہیں بس سنتے ہیں۔ اور وہ بھی موبائل پر بولا گیا۔

DSM6۔ میٹھا سچ 523

ربانی

جب بھی ہو طبیعت ناشاد

چلے آیئے گا فیصل آباد

اور جاتے جاتے لے جایئے گا۔۔

جگتیں اور طبیعت ناساز۔۔۔

DSM7۔ میٹھا سچ 524

نعمان حیات

اور جب میں خود کو خوش دیکھنا چاہوں تو

اپنے خیالات میں تمہیں لاتا ہوں۔

اور جب جیب کٹ جائے تو تمہیں نکال باہر کرتا ہوں

DSM8۔ میٹھا سچ 525

اور کئی محلل کی طرح ایکٹ کرتے ہیں پھر بعد از محفل یہ محلول چغلی کی شکل میں بہہ نکلتا ہے۔ کئی لوگ محفل میں محلول کی مانند رہتے ہیں سب میں گھل مل جاتے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 526

ریاض

کہتے ہیں کہ عقلمند سے باتیں کرنا ایک مہینہ کتابیں پڑھنے سے بہتر ہے۔

کرلو باتیں آج میں فری ہوں۔

ڈاکٹر

اور علمی ہیضہ ہو جائے تو پھر آپ سے ہی دوا بھی لے لیں۔

یا پھر میرا کالم پڑھیں لیں "علمی ہیضہ"

۔میٹھا سچ DSM10527

سلمان جاذب جیسا معاشی میدان میں کامیاب شخص شاعری کرے تو اچھا بھی لگتا ہے اور کوئی بات بھی بنتی ہے۔ اب یہ کیا کہ محض ایک کپ مفت چائے کے لالچ میں بندہ بندی غزلوں پہ غزلیں گھڑتا جائے اور لڑھکاتا جائے اور لوگ اسے ملنے سے محض اس لئے اجتناب کرنے لگ جائیں کہ پھوکی شاعری بھی سننی پڑے گی اور ساتھ چائے کے دو کپ بھی پلانے پڑیں گے۔

مثلاً ایک شاعر نے ایک مصرعہ بولا:

"چھنے وچ رچھ پھسیا"

پھر خود ہی آپنے آپ کو داد دیتے ہوئے کہتا ہے:

واہ واہ ویکھیا میں چھنے وچ رچھ پھساد تا اے۔

پھر اپنی شکل جیسا کلام مکمل کیا:

چھنے وچ رچھ پھسیا

ہولی ہولی ٹر گڈیئے

کی ہویا سیکل نوں

یعنی گلاس میں ریچھ پھنس گیا ہے۔ اے میری گاڑی ذرا آہستہ چل۔ کیا ہو گیا ہے تمہاری سائیکل)
(کو

DSM-1۔ میٹھا سچ 560

ووجھ پولینڈ میں میرے ساتھ 19 بھارتی تھے۔ میں روزانہ منرل واٹر کی آدھے لیٹر والی بوتل خرید کر پیتا تھا اور وہ سب کولر سے مفت میں بھر کر ڈیڑھ لیٹر کی ایک بوتل سے منہ لگائے بغیر اپنے اپنے حلق میں چند گھونٹ ٹپکایا کرتے تھے جس سے میں احساس تفاخر میں رہتا۔

آج اسی بھارت نے پاکستان کی حکومت کو ایک ماہ پہلے نوے دن کا نوٹس دیا ہے کہ جلدی سے پاکستانی دریاؤں پر اپنا حق ثابت کرو ورنہ اس کے بعد ہم مکمل قبضہ کرنے میں حق بجانب ہوں گے (ہمارا بکاؤ میڈیا خاموش ہے)۔

میں بہانے بہانے سے قصداً انہیں ہمیشہ گاندھی کے ننگے جسم کے مقابل قائداعظم کے قیمتی سوٹوں والی تصاویر دکھایا کرتا تھا۔ مگر آج میں حقیقت میں شرمندہ ہوں۔

DSM-2۔ میٹھا سچ 558

"دل ہوم ہوم کرے" اک خوبصورت کلاسیکل نغمہ ہے۔ ایسے گیت سن کر لگتا ہے کہ واقعی موسیقی میں جادو ہے۔ آوازوں کی مدھرتا اور موسیقی کے لوچ کے علاوہ شاعری دیکھیں "اونچی تور اڈاری۔۔۔ پنکھ میں نے کٹوائے "

اور ہمارا کلاسیکل نغمہ ہے "آجا بے جا سیکل تے "

DSM-3۔ میٹھا سچ 559

جن قوموں کے ہیروز نہیں ہوتے وہ مافیا کے ہاتھوں اقبال مسیح کے گجرانوالہ میں قتل ہونے والے 28 برس قبل جیسے واقعات کے بل پر زندہ رہنے کی کوشش کرتی ہیں۔ اقبال مسیح کے قاتل آج بھی پکڑے نہیں جا سکے لیکن بارہ برس قبل اٹلی میں اسکے نام کا سکول کھول دیا گیا تھا۔

DSM4۔ میٹھا سچ 561

بات اس کی چشم کشا ہے لیکن ایک رقم غلط بول گیا۔ جس سروے کا یہ حوالہ دے رہا ہے اس کے مطابق مسلمان سال میں 8 منٹ پڑھتے ہیں (جس میں گوگل پر پڑھنا بھی شامل ہے) چھ منٹ نہیں

جبکہ یہودی 37 دن سال میں کتاب پڑھتے ہیں جس میں گوگل شامل نہیں۔ اس نے 72 کتابیں سالانہ بتائی ہیں جو رقم درست ہو بھی سکتی لیکن میں نے مسلمانوں کو حوصلہ دینے کے لئے دو منٹ نہیں بڑھائے۔ کہیں آج کے مسلمان اس مکرر سے متاثر ہو کر دو منٹ اور بچالیں تا کہ ناک میں انگلی اچھی طرح پھیری جا سکے۔

DSM5۔ میٹھا سچ 562

سیاچن اور کارگل جیسے بلند ترین برفیلے محاذوں پر جنگ پر ایک دلچسپ تبصرہ یہ ہے کہ یہ دو گنجے مردوں کی کنگھی کے لئے لڑائی سے مشابہہ ہے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 563

دنیا والوں نے سمندر میں نئی دُنیا بناڈالی اور ہم ابھی تک گلی کی سیوریج نالیوں کو نہیں سنبھال سکے۔ اب تو بنگلہ دیش نے بھی برطانیہ کو 32 منزلہ بحری جہاز بنا کر دیدیا ہے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 564

ڈاکٹر

شکلوں پر تبصرے بارے ایک انگریزی کہاوت ہے۔

Great minds discuss ideas. Average minds discuss events. Small minds discuss people.

مجھے تو نطشے اس لئے دلچسپ لگا کیونکہ اس نے "خدا کی موت" کا خیال پیش کیا تھا۔ اس کا الگ سے کوٹ بنایا جا سکتا یہ لائن اضافی ہے ادھر۔۔ انعم

۔میٹھا سچ DSM8565

اگر آپ صرف یہ لکھ دیتے تو سبھی خیالات اسی میں مدغم ہو جاتے۔ "انتساب اسکے نام جس سے مجھے آج بھی محبت ہے" ترجمہ

"Dedicated to the one I love"

اتنی لمبی کتھا سے جان چھوٹ جاتی ۔

۔میٹھا سچ DSM9566

اگر اعمال عدل کے ترازو پر تُل گئے تو جنت کا ایک بڑا حصّہ غیر مسلم لے جائیں گے۔

۔میٹھا سچ DSM10567

اگر آپ فرینڈ لسٹ کو مختصر کرنا چاہتے ہیں لیکن حد درجے کا اہل واقع ہوئے ہیں اور خود سے محنت نہیں کرنا چاہتے تو ایک آسان طریقہ پیش خدمت ہے۔ کسی مقبول و محبوب شخصیت کے متعلق کوئی انتہائی گری ہوئی پوسٹ کر دیں آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

ڈاکٹر

اس سے زیادہ آسان اور بے خطر طریقہ بھی ہے۔ آپ دو تین ہفتے مسلسل عقل پر مبنی پوسٹیں لگاتے چلے جائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد تنہا رہ جائیں گے۔

DSM1۔ میٹھا سچ 568

قیوم

جیسے جیسے عمر بڑھتی ہے، دن بہ دن انسان امیر ہوتا جاتا ہے۔ چاندی بالوں میں، سونا دانتوں میں، موتی آنکھوں میں، شکر خون میں اور مہنگے پتھر کڈنی میں پائے جاتے ہیں۔

یہی زندگی کی سچائی ہے۔

ڈاکٹر

لیکن ان سب کو بیچنے کی حماقت نہیں کرنی چاہئے ورنہ ہاتھ میں کوئلے کے پتھر رہ جائیں گے۔

DSM2۔میٹھا سچ 569

قینچی کی طرح چلتی انسانی زبان بھی اتنا ہی نقصان کرتی ہے جتنا مختلف رفتار سے چلتی گاڑیاں ٹرالے سے ٹکرانے کے بعد۔

DSM-3۔میٹھا سچ 570

خبردار کسی نے لڑکیوں کی عمر پر انگلی اٹھائی۔

وہ 18 کی تھیں 18 کی ہیں اور مرتے دم تک 18 کی ہی رہیں گی۔

DSM4۔میٹھا سچ 571

کوئی نمبر شمبر تو دو اگر پوسٹ اچھی لگی ہے تو آپ مندرجہ ذیل سے ایک نمبر منتخب کر کے لے لیں:

13, 302, 420, 9211

DSM-5۔میٹھا سچ 572

سبطین نقوی

نقوی صاحب جب کوئی ٹیم ہارتی ہے تو اس خبر کو دو طریقوں سے سنایا جاسکتا ہے۔ فلاں نے فلاں کو ہرا دیا یا فلاں نے فلاں کو جتا دیا۔ اب ہماری مرضی ہے کہ ہم اپنے میڈیا کے پراپیگنڈے میں آکر کہہ دیں کہ بھارت نے ہمارا بازو کاٹ دیا۔ یہ بھی تو کیا جاسکتا ہے کہ ہم نے خود بازو کٹوا دیا۔

DSM-6۔ میٹھا سچ 573

شادی کی عمر کیا ہونی چاہئے؟ ایک مہیلا نے سوشل میڈیا پر بھٹکے ہوئے لڑکوں کو شکار کرنے کے لئے اٹھلاتے ہوئے پوچھا تو ہمیں تو یہی جواب بن پایا کہ بی بی دینی لحاظ سے لڑکی کی عمر پہلی ماہواری کے بعد اور لڑکے کے پہلے احتلام کے بعد کی ہونی چاہئے۔ مغربی لحاظ سے دونوں کا 18 سال کا ہونا ضروری ہے۔ فی زمانہ پاکستان کے لحاظ سے لڑکی 22 اور لڑکا 25 سال کا ہو تو مناسب ہے۔ معاشی تنگی کو مد نظر رکھا جائے تو دونوں 30 سال سے اوپر ہونے چاہئیں لیکن ویسے عقل کو ہاتھ ماریں تو شادی نہ ہی کریں تو بہتر ہے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 574

اس پرندے کو دھوئیں والا پرندہ کہتے ہیں جو ہر چھٹی چھپہاہٹ کے بعد دھواں چھوڑتا ہے (ویسے مصنوعی ذہانت کی ایجاد کے بعد ایسا دھواں ہم بھی چھوڑ سکتے ہیں)۔

DSM8۔ میٹھا سچ 575

ہم تو مشتاق یوسفی کی اس بات سے سو فیصد متفق ہیں کہ "بیوی انسان کا دماغ اتنا پاگل بنا دیتی ہے کہ وہ تنگ آ کر دوسری بیوی کا سوچنے لگ جاتا ہے" اور اس میں اضافہ یہ کرتے ہیں کہ دوسری بھی پھر آ کر آخر کار بیوی ہی ہو گی جو دگنا پاگل کرے گی۔ لہٰذا شادی ہی نہ کریں۔

DSM9۔ میٹھا سچ 576

میرے پچھلے گھر میں تو نجانے کون اپنا کچرا بھی ہمارے کچرہ دان میں ڈال جاتا تھا۔ یہ جو حدیث ہے کہ الطہور شطر الایمان (صفائی ایمان کا حصہ ہے) اس پر عمل تو کوئی بھی کر سکتا ہے اس کا مسلمان ہونا ضروری تھوڑا ہے۔ ڈاکٹر سلطان محمود

DSM-10۔ میٹھا سچ 577

شفق

اور ہاں خاں صاحب کی ٹانگ کا علاج بھی شاید لندن میں ہو۔

ڈاکٹر

دیکھو پھر نیازی کی ایک ٹانگ ہی پی ڈی ایم کی 26 ٹانگوں کو ادھر ادھر گھما رہی ہے۔

اپل

جلسے جلوس کے وقت بالکل ٹھیک ہو جاتی ہے۔ ٹانگ کتنی سمجھدار ہے۔

امانت اللہ

انکے اندر حرام کا خون گردش نہیں کر رہا ہے اسی لیے ایک بھی کرپشن سامنے نہیں آئی ہے۔ کمپنی نے پوری کوشش کر لی ہے۔

ڈاکٹر

ویسے کمپنی میں پ کا ایک نکتہ کم کر دیتے تو آخر کیا حرج تھا۔

ڈاکٹر

مشرف بیچارے کی بھی تو لاش ہی واپس آئی تھی۔ ادھر بھی کہیں یہی کچھ نہ ہو جائے۔

بہر حال اللہ نہ کرے ہمارے پیارے دوستوں کو اپنے پیارے بھگوڑے کا کوئی صدمہ سہنا پڑے۔ ہماری تو دعا ہے کہ ہمارا شیر زندہ سلامت واپس آئے، عمران کی وزارت عظمیٰ پھر سے دیکھے اور پاکستان کو ترقی کی طرف جاتا دیکھ کر دل ہی دل میں کڑھے۔

شفق

بھگوڑے کو کچھ ہو یا لنگڑے کو۔ ہمیں فرق نہیں پڑتا۔

ڈاکٹر

ہائے رے قسمت ہماری قوم کی جہاں رہنمائی کے لئے بھگوڑے، لنگڑے، گنجے، بولے، سر جری والے، لٹوں والے، درمیانی صفتوں والے اور ڈنگوری والے ہی رہ گئے ہوں۔

شفق نذیر

جس بندے کی عقل اس کے گٹوں میں ہو، اس کی ٹانگیں بہت سمجھدار ہوتی ہیں۔

ڈاکٹر

جب ٹانگوں کی عقل گٹوں میں چلی جائے تو پھر ٹانگیں کیسے سمجھدار رہیں گی ٹیکنیکل غلطی تو نہ کریں۔

DSM-1۔میٹھا سچ 578

ڈاکٹر ریاض

سسرال نزدیک ہونا چاہئیے یا دور؟

تجربہ کار لوگ روشنی ڈالیں۔

ڈاکٹر

نزدیک۔ تاکہ بیگم کی روزانہ سیر بھی ہو جائے اور خوب آؤ بھگت بھی مفت میں۔

DSM2۔ میٹھا س579

برائے میاں وقار

کوئی بات نہیں دوست جلدی میں ایسا نہ کرتے تو وہ مشہور محاورہ بھی جنم نہ لیتا" جلدی میں ہلدی" یا

"haste makes waste"

DSM3۔ میٹھا سچ580

وقار۔

سسٹم کی تاریں ننگی ہو گئی ہیں ہاتھ لگاؤ گے تو420واٹ کا جھٹکا بھی مارے گا۔

ڈاکٹر

میرا تو خیال تھا کہ وولٹ سے جھٹکا لگتا ہے واٹ سے نہیں۔ شکریہ آپ نے درستگی کر دی۔

DSM4۔ میٹھا سچ581

نئ سیاسی پارٹی تحریک استحکام پاکستان کے حوالے سے لوٹوں کے ایک ڈھیر پر میں نے لکھ دیا کہ "انسان کے انفرادی اور ملک کے اجتماعی ماحول کو صاف ستھرے طور پر استحکام بخشنے کے لئے اس پارٹی کی بہت ضرورت تھی"۔

DSM5۔ میٹھا سچ 582

کنیز

رشتے داری کے لیے مسلک پوچھنا جتنا ضروری سمجھا جاتا تھا اب اسے کہیں زیادہ سیاسی جماعت سے آگاہی لازم ہے سیاست اتنی شدت اختیار کر چکی ہے سمجھوتہ کی گنجائش نہیں۔

ڈاکٹر

بلکہ اب تو یہ بھی پوچھنا چاہئے کہ مہیلا درست اردو ٹائپ بھی جانتی ہے کہ نہیں۔

DSM6۔ میٹھا سچ 583

آج کے حالات میں خوشی کا اتنا فقدان ہے کہ مذاق ہی سے خوش ہو لینا بھی غنیمت ہے۔ مقصد تو خوش ہونا ہے چاہے لطیفے سے ہی ہنسی نکل آئے یا کارٹون دیکھ کر یا بھلے سے چینگے (نقلیں) ہی لگانے پڑیں۔

DSM7۔ میٹھا سچ 574

مادام اکثر لوگ بغیر دیکھے لائیک کر دیتے ہیں۔ اگلے روز ایک صاحب پر الماری کے اوپر والے خانے کا دروازہ گرنے سے ناک کٹ گئی اس پر 25 لائیک آئے جن سے ان کی رہی سہی ناک بھی کٹ گئی۔

DSM8۔ میٹھا سچ 585

پاکستانیوں نے بھی کیا خوب قسمت پائی ہے، قیمتیں عالمی منڈی کے مطابق، تنخواہیں سبزی منڈی کے مطابق، اور سہولتیں مویشی منڈی کے مطابق۔

DSM9۔ میٹھا سچ 586

استاد محترم کی باتیں تو درست ہیں لیکن اس سوچ میں کوئی حقیقت نہیں کہ دنیا پاکستان کی دشمن ہے۔ ارے استاد محترم ہم خود اپنے دشمن ہیں دنیا کو تو ہماری پرواہ بھی نہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM10۔ میٹھا سچ 587

شہباز شریف پارٹی کے بلا مقابلہ صدر منتخب

مریم شریف نائب صدر بلا مقابلہ منتخب

مستقبل کے وزیر اعظم کا اعلان کیا گیا کہ وہ نواز شریف ہونگے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

انہاونڈے ریوڑیاں، پوں چوں اپنیانوں

یعنی اندھا ریوڑیاں بانٹے گا تو بار بار اپنے لوگوں کو ہی دے گا۔

DSM-1۔ میٹھا سچ 588

چینیوں کو تو ماوزے تنگ مل گیا لیکن ہمارے تو موزے ہی تنگ کر دیئے گئے۔ اب پھر ایک سیاستدان مارا گیا ہے اب کریں پچاس برس اور انتظار۔ قوم کو تو اندر سے ہی دیمک لگی کھڑی ہے اوپر سے آئس پی کر کم از کم یہ فائدہ تو ملے گا کہ مرنے سے قبل ذرا ہواؤں میں اڑنے کے مزے ہی مل جائیں گے قوم کو۔

DSM2۔ میٹھا سچ 589

عید منائیں ضرور مگر یہ تو بکروں سے پوچھنا تھا کہ کہیں 9 مئی کے سوگ پر تو نہیں؟

DSM3۔ میٹھا سچ590

حرام تعلقات انسان کے ضمیر کو مردہ، کردار کو آلودہ اور نیکیوں کو ضائع کر دیتے ہیں اور حلال تعلقات وقت گزرنے کے ساتھ انسان کو معاشرے میں شرمندہ، اپنی نظروں میں ذلیل اور بدیوں کو ضائع کر دیتے ہیں۔

DSM4۔ میٹھا سچ591

صرف چیئرمین نہیں بلکہ تمام سینٹرز کے کچھ نہ کرنے پر اگر اتنی رقم خرچ کی جا سکتی ہے تو چند مزید مراعات دینے میں بھی کوئی حرج نہیں۔ ہر سابق، موجودہ اور آئندہ کے تمام اراکین کو فی کس ساڑھے سات کروڑ روپے مزید دے کر ٹائی ٹینک دیکھنے بھی بھیجا جائے۔ نیز قومی و صوبائی اسمبلیوں کے اراکین کو بھی سرکاری خرچے پر کشتی میں بٹھا کر ایک ایک بار یونان بھیجا جائے۔

DSM5۔ میٹھا سچ592

برائے شفق نذیر

شعر بھی لکھ دینا تھا۔ انعم

محترمہ ہمارے مرحوم امریکی دوست شکاگو کے افق کا ایک شعر ٹائٹل مطابقت رکھتا ہے۔

لیکن کیا وہ یہ شعر کہنے خود تشریف لائے تھے آج یا ان کے کسی مجموعے سے لیا گیا ہے؟

اور میرے مزاح پر سیخ پانہ ہونے کا بھی شکریہ۔ ابھی کل ہی ایک محترمہ کسی ایسے ہی طنز پر اتنی بپھریں کہ مجبوراً ہلاک کرنا پڑا۔ اوہو سوری بلاک۔

DSM6۔ میٹھا سچ 593

زرداری نے چپکے سے آئی سی آئی کمپنی بھی خرید لی ہے اب اسے بھی ٹائیٹینک دیکھنے شمالی بحر اوقیانوس کا چکر لگا لینا چاہئے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 594

ڈاکٹر نعیم

1973 کے آئین کے مطابق پاکستان کی سرکاری زبان اردو ہے۔ اور یہ بات آئین کے اندر انگریزی میں لکھی ہوئی ہے

ڈاکٹر

سپریم کورٹ نے اردو کو سرکاری طور پر اپنانے کا جو حکم جاری کیا تھا وہ بھی انگریزی میں تھا۔

DSM8۔ میٹھا سچ 595

آللہ تعالیٰ مرنے والوں کی روحوں کی بخشش فرمائے اور اللہ چونکہ سب کا ہے اس لئے ہماری دعا ہے کہ اس آبدوز میں موجود سبھی کے اعتقادات سے ہٹ کر انہیں دوسرے جہان میں سکون ملے اور ان کے لواحقین کو جلد سے جلد صبر نصیب ہو۔ آمین۔

اس ہولناک واقعے پر مجھے اسلام آباد میں پیش آنے والا ایک تمسخرانہ واقعہ بھی بار بار یاد آرہا ہے لیکن میں نے اسے اس لئے شئیر نہیں کیا کہ اگر کسی پاکستانی کے رائی جتنے دماغ میں فتور آگیا تو اس نے سارا اور چوئل غم حقیقی غصے کی شکل میں مجھ پر ہی نکال دینا ہے۔ خیر اس خدشے سے قطع نظر واقعہ سنئیے۔

ایک صاحب نے اسلام آباد سے پنڈی تک آنے جانے کا کرایہ طے کر کے ٹیکسی والے کو پنڈی چھاؤنی کی کسی سڑک پر رکنے کا کہہ کر سامنے والے گھر کی بیل دی۔ وہاں کسی لین دین کے معاملے پر تو تکار ہو گئی جس پر پنڈی والے نے آنے والے کی اچھی خاصی مرمت کر ڈالی اور اس کا بازو توڑ دیا۔

خیر وہ گھسٹتا ہوا واپس ٹیکسی میں آ بیٹھا اور گھر پہنچ کر جب کرایہ ادا کرنے لگا تو ٹیکسی والا جو سب معاملات سے بے خبر تھا نہایت معصومیت سے اسے کہنے لگا "سر اتنی دور جا کر اگر آپ نے بازو ہی تڑوانا تھا تو مجھے بتا دیتے میں یہیں کھڑے کھڑے آدھے پیسوں یہی کام کر دیتا"۔

ہمیں سمندر کی گہرائیوں میں ارب پتیوں کی موت پر بہت دکھ پہنچا ہے اور غالباً اسی دن دو تین سو پاکستانی انسانوں کو اسی موت کی وادی میں اتارنے والے مہیب سمندر کی یاد نہیں ستائی کیونکہ وہ غریب پاکستانیوں کا دکھڑا تھا۔ گو کہ وجوہات الگ الگ تھیں لیکن موت ایک جیسی تھی لیکن یہاں بھی موت پر پیسہ ہی اہمیت کا حامل ٹھہرا۔

DSM9۔ میٹھا سچ 596

گو کہ صاحب پوسٹ نے شاعرانہ تعلی سے بھکر کی کتیا سکھر جا ملائی ہے لیکن شاید کہنا چاہتے ہیں کہ ترقی کا سفر ضرور کریں لیکن out of proportion ہونا درست نہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM10۔ میٹھا سچ 597

بھیا صرف بہاولپور ہی سمجھ کر آنکھیں بند نہ کریں مردہ مرغیاں پاکستان بھر میں ہوٹلوں اور برگر پوائنٹس پر کئی دہائیوں سے مسلسل سپلائی ہو رہی ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

1۔ میٹھا سچ

شہباز شریف عربی جانتا ہے وہی بتا سکتا ہے کہ ہم پیسے کے لئے کام کرتے ہیں اور اسی کے ذریعے ہر ایک کو خریدے رکھتے ہیں۔

2۔ میٹھا سچ

اقتدار میں رہنے کے لئے بادشاہ گر سے پنگا بالکل نہیں چنگا۔

3۔ میٹھا سچ

مسعود

اگر گزشتہ 70 سالوں میں قوم نے غباروں میں ہوا بھرنے کی بجائے استعمال کیے ہوتے تو آبادی کا سیلاب نہ آتا۔ اب جو فرد دنیا میں آیا ہے اس نے درخت کے ساتھ تو نہیں لٹکنا چھت کے نیچے رہنا ہے۔ چھت بنانے کے تمام مراحل اچھی طرح آسان فہم زبان میں بیان کیے گیے ہیں۔

ایک فوٹو گرافر نے اپنی دکان کے باہر بورڈ لگایا ہوا تھا۔ جس پر درج ذیل 3 تحریریں لکھی ہوئی تھیں۔ 20 روپے میں آپ جیسے ہیں، ویسی فوٹو بنوائیں۔ 30 روپے میں آپ اپنے آپ کو جیسا سوچتے

ہیں ویسی فوٹو بنوائیں۔ اور 50 روپے میں آپ لوگوں کے سامنے جیسے دِکھنا چاہتے ہیں، ویسی فوٹو بنوائیں۔

مرتے وقت اس فوٹو گرافر نے بتایا کہ مجھ سے ہمیشہ لوگوں نے 50 روپے والی فوٹوز بنوائی ہیں۔

اس کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ (اکثر) لوگ پوری زندگی دوسروں کو دکھانے کے لئے گزار دیتے ہیں۔ ساری زندگی دکھاوا کرتے ہیں۔ اور 20 روپے والی زندگی نہیں گزارتے۔ روپے والی آسان اور حقیقی زندگی گزاریں زیادہ خوش رہیں۔ ہمارے سامنے سب مثالیں 50 روپے کی زندگی والی ہیں سو ہم زمینیں ضائع کر رہے ہیں۔ کاش ہم نے چھوٹے گھروں کو ترجیح دی ہوتی۔ میرے ابا محکمہ نہر میں ہونے کے باوجود 5 مرلے کا گھر بنایا۔ میرا گھر 7 مرلے کا ہے۔ ابا کا گھر ویران ہو گیا میرے والا بھی جلد تو جائے گا۔ لوگ کیوں محل کھڑے کرتے ہیں جب معلوم بھی ہے کہ یہ مستقل ٹھکانا نہیں ۔ نقل

ڈاکٹر

جناب لوگ اس لئے اپنی زندگی میں محل بناتے ہیں کہ انہیں اگلے جہان پر یقین ہی نہیں۔ اگر ہے تو بس زبانی کلامی۔ اسی لئے ملک ریاض زندہ باد۔

4۔ میٹھا سچ

یونس

ورٹیکل ایکشنز کو ہاریزینٹل ایکشنز پر فوقیت حاصل ہے۔

ڈاکٹر

تبھی لوگ دوسروں کے کندھے پر کھڑے ہو کر اپنا ورٹیکل ویو اونچا کر لیتے ہیں۔

5۔ میٹھا سچ

پہلے میں دو جنسی بکرے والی وڈیو کو سیاسی رنگ دے کر بکروں کا شیخ رشید یا بکروں کا بلاول زرداری جیسے عنوانات دینا چاہ رہا تھا لیکن پھر اسے تعلیمی مقصد ہی کے اندر رہنے دیا۔

6۔ میٹھا سچ

میرے خلاف عدالت بھی تھی زمانہ بھی

مجھے تو جرم چھپانا بھی تھا بتانا بھی

اور اب کی بار تو ایسی کمان کھینچی ہے

کہ تیر لے اڑا شانہ بھی اور نشانہ بھی

جو سانپ غیر ضروری ہیں مار ڈالے ہیں

اب آستیں بھی سلامت ہے آستانہ بھی

7۔ میٹھا سچ

میاں شکیل

عوام اور اس ملک کے تحفظ کے لیے ہائی پروفائل کرپشن کے مقدمات فوجی عدالتوں میں چلائے جائیں۔

ڈاکٹر

ویسے کیا ہر ملک میں عدالتی نظام کی اتنی ہی تہیں ہوتی ہیں جتنی پاکستان میں ہیں؟ ایک عدالت سیدھی سیدھی سول جج سے لے کر چیف جسٹس سپریم کورٹ تک، دوسری نیب کورٹ اور تیسری اب فوجی عدالت؟ کیا جمہوریت پر یقین رکھنے والے فوجی عدالت کو پکار سکتے ہیں؟ جب ہر کسی نے طاقتور کی پیروی ہی کرنی ہے تو ان سب کے اوپر چوتھی تہہ بھی چڑھالیں گے تو پھر کیا ہم انصاف کی دنیا کے 126 ویں نمبر سے پہلے نمبر پر آجائیں گے؟

8۔ میٹھا سچ

ناصر ڈسکہ

آپ کی بات پر ہمدردانہ غور کیا جاسکتا ہے کیونکہ اوشین گیٹ نامی کمپنی نے ٹائٹینک کا ملبہ دیکھنے کے لئے ایک اور بحری سفر کا اشتہار دے دیا ہے۔

ڈاکٹر

سب سے پہلے جن دو پاکستانیوں کو بھیجا جائے وہ نواز شریف اور زرداری ہوں، پھر مریم اور بلاول، پھر رانا ثناء اللہ اور جہانگیر ترین، پھر فضل الرحمان اور اسفندیار، پھر علیم خان اور فواد چودھری اور آخر میں عمران خان اور آرمی چیف کو۔

اس طرح اللہ تعالیٰ لازمی ہمارے ملک پر کرم فرمائے گا۔

9۔ میٹھا سچ

ناصر

گدھے کی کھالیں چین کو سپلائی کرنے کا پاکستان سے معاہدہ ہوا ہے۔ کھالیں تو چین لے جائے گا ، لیکن ان کے گوشت کا کیا ہو گا؟

ڈاکٹر

اس گوشت کے بارے بے فکر ہو جائیں وہ ہمارے باورچی خانوں اور فاسٹ فوڈز کے ذریعے ہمارے اور ہمارے بچوں کے پیٹ کی زینت بن جائے گا۔ گدھے کا گوشت حلال ہی تو ہے۔

10۔ میٹھا سچ

پارٹی پولیٹکس کے باوجود ہماری نظر میں رضا ربانی ایک بہترین پارلیمنٹیرینز تھے لیکن ان کے چیئرمین سینیٹ کی مراعات والا بل پیش کرنے سے ان کا بھی گھٹیا اور بھیانک چہرہ نکھر کر سامنے آ گیا ہے۔

1۔ میٹھا سچ۔

عارفہ

صدر مملکت کو 52 افراد ساتھ لیجا کر حج کرنے سے کتنے نفلوں کا ثواب پہنچے گا۔

مہربانی کر کے رہنمائی فرمائیں۔

ڈاکٹر

آپ ثواب کی بات کر رہی ہیں؟ غریب عوام کے خرچ پر مکہ جانے سے تو ان کے منہ پر کالک ہی ملی جائے گی ثواب تو رہی بہت دور کی بات۔

2۔ میٹھا سچ

کومل نور

آج کل نئے شادی شدہ میاں بیوی میں مس انڈر سٹینڈنگ کی سب سے بڑی وجہ کیا ہو سکتی ہے؟

ڈاکٹر

دونوں سوشل میڈیا، فلمی دنیا اور ڈراموں کے خوابوں سے نکل کر جونہی حقائق کی دنیا میں آتے ہیں تو جہاز کے ایئر پاکٹس کی طرز کے جھٹکوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ خاوند کو روزانہ ایک ہی تالاب میں تیر تیر کر وحشت ہونے لگتی ہے کیونکہ اسے میک اپ میں اور حقیقت میں بیوی بالکل ہی جدا جدا قسم کی بکری لگتی ہے۔ ادھر بیوی کو بھی ہلکی جیب والا مرد ایک آنکھ نہیں بھاتا۔ کیونکہ اس بیچاری نے شادی سے قبل ہر عیاشی ہونے والے خاوند سے جوڑ رکھی ہوتی ہے۔ دنیا میں یہ مسائل آج سے قبل بھی تھے لیکن تب دونوں میں برداشت ہوتی تھی اور حقیقت پسندی کے ساتھ معاشرے کا دباؤ بھی جو کہ اب مفقود ہے اور مادر پدر آزادی ہے۔ اس لئے خاوند کے بغیر تنہا ایک ایک دو دو بچے پالنے والی عورتیں ملک میں بڑھتی ہی چلی جا رہی ہیں۔ مطلقہ خاوند کو چار چار لڑکیاں مل سکتی ہیں جبکہ مطلقہ عورت کو صرف آٹھ آٹھ آنسو ہی ملتے ہیں۔ اللہ رحم کرے۔

3۔ میٹھا سچ

پاکستان اپنا ملک ہے اور ہمیں بہت پیارا ہے۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ کوئی دشمن اس کی بے عزتی کرے۔ اپنی ایمانداری سے بتائیں کہ اگر قربانی کے گوشت کے شاپر سے ہمارے غریبوں کو ایک ایک لفافہ اٹھانا ہوتا تو ہم واقعی ایک ایک ہی اٹھاتے؟ یہ بنگلہ دیش ہے اور معذرت سے عرض کروں کہ اگر یہ پاکستان ہوتا تو اتنے لوگوں نے یہاں حملہ کر دینا تھا کہ 20-25 بندے تو بھیڑ کیوجہ سے ہی مر جاتے اور جو بچ جاتے انہوں نے 2-3 شاپر اٹھا کر بھاگ جانا تھا۔

4۔ میٹھا سچ

جب آپ کی جوانی شیطان نے برباد کی ہو سعودی عرب میں ایک پاکستانی نے شیطان کو کنکری مارنے کے بجائے شیطان پر سیدھی سیدھی فائرنگ کر دی شیطان بھی سوچتا ہو گا یہ پاکستانی قوم مجھ سے چاہتی کیا ہے۔

۔ میٹھا سچ 5

شہباز شریف نے قرض ملنے پر غیرت سے خاموشی کا مظاہرہ کرنے کی بجائے خوشی سے ٹویٹ اس لئے کی ہے کیونکہ یہ رقم گھوم پھر کر انہی کی بیرون ملک دولت میں اضافے کا باعث بنے گی۔

6۔ میٹھا سچ

پچھلے چار دن سے پی ڈی ایم کے خلاف پوسٹوں کی تعداد اس گروپ میں بڑھ گئی ہے جس سے لگتا ہے کہ عمران کا گوشت نوچنے والے گدھ قربانی کا گوشت کھا کھا کر پچھلے چار دن سے بے سدھ پڑے ہیں۔ عید مبارک۔

7۔ میٹھا سچ

روس سے سستے تیل کا دوسرا جہاز پہنچنے پر ڈیزل کی قیمت میں ساڑھے سات روپے کا اضافہ دعا کیجئے تیسرا جہاز نہ آئے۔

8۔ میٹھا سچ

فیس بک پر ٹھر کی اکثریت میں ہیں۔ ایک ہی وقت میں 4 پوسٹ لگائیں۔ سائنس والی پر 2، محاورے اور سیاسی پہ 3 جبکہ حسینہ والی پر 35 لائک ملے۔ او کون لوک او تسی۔

9۔ میٹھا سچ

تنہا زندگی بسر کرنے سے بہتر ہے کہ انسان ذرا کم ذہین، تھوڑا سا احمق، جائز اناء کا قاتل، نیم تعلیم یافتہ اور کتے کو بھی معاف کر دینے والا ہو۔

10۔ میٹھا سچ

عارفہ صبح

سٹاک ایکسچینج میں تیزی یا سستی آنے سے عوام کو کیا فائدہ؟

آئی ایم ایف سے تین ارب ڈالرز سے عوام کو کیا فائدہ؟؟؟

ڈاکٹر

محترمہ آپ شاید پروفیسر ہیں تبھی اتنی بھولی ہیں۔ جان کی امان پاؤں تو ایک حقیقت عرض کروں۔ دنیا کے سرکش ممالک کو رام کرنے کے لئے یہ قرضے رشوت کی شکل میں ان بدمعاشوں کو ذاتی طور پر دیئے جاتے ہیں جو پچیس پچیس کروڑ بھیڑ بکریوں کو چار چار سال قابو میں رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ آپ کو کس نے کہہ دیا کہ ان قرضوں سے عوام کی حالت سدھرتی ہے؟ کیا آج تک سدھری کسی کی؟

۔۔ میٹھا سچ 1

فکری سوال؟؟

کیا اتنی باریک جالی کے ساتھ صفائی ہو گئی ہے کہ ہم کہہ سکیں تحریک انصاف کے پاس اب حقیقی ورکر رہ گئے ہیں؟؟

ڈاکٹر

فکری سوال کا بے بے فکرا جواب۔ خان کا سوفٹویئر اپڈیٹ ہو رہا ہے اگلے پانچ سال کی حکومت تھمانے کے لئے۔

2۔ میٹھا سچ

ایک احمق سا آدمی گھوڑے پر بیٹھا جا رہا تھا تو ایک بچہ ہنس ہنس کے دہرا ہوا جا رہا تھا۔ کس نے پوچھا کہ کبھی گھوڑے پر بیٹھا آدمی نہیں دیکھا؟ بچہ من کا سچا کہنے لگا کہ بہت دیکھے ہیں پر کبھی گھوڑے پر گدھا بیٹھا نہیں دیکھا۔۔۔۔

نواز شریف نے گھڑ سواری شروع کر دی۔

۔ میٹھا سچ 3

تو پھر وہ جو مشہور محاورہ ہے کہ "جے خبر نئیں تے موجاں ای موجاں" پر عمل کریں اور ذہنی تناؤ سے دور رہیں۔

4۔ میٹھا سچ

بشریٰ صدیق

انتہائی خوبصورت لحات کو کیمرے نے محفوظ کر لیا۔ بیت اللہ شریف میں گھومنے پھرنے والی بلی جس نے اذان کے وقت اپنی ساتھی بلی کو لیٹ کر بتایا کہ وہ آدمی اذان کے وقت لیٹا ہوا ہے، اور پھر جا کر اس آدمی کو اٹھا دیا۔۔۔۔ کہ وہاں کے جانوروں کو بھی حرم پاک کے ادب کا علم ہے۔

ڈاکٹر

سبحان اللہ۔ کیمرے والا بھی توجہ سے اذان سننے کی بجائے وڈیو بناتا رہا۔

5 میٹھا سچ.

کنیز

کل راقم الحروف کو سول ہسپتال سرگودھا جانے کا اتفاق ہوا تو پتا چلا جس طرح شاعر اپنے کسی غلط مصرعے پر اڑ جائے تو کوئی دلیل یا مائی کا لال منوا نہیں سکتا اسی طرح ڈاکٹر بھی کسی ریسرچ کو نہیں مانتا سوائے اس کے جو اس نے اپنے سلیبس میں پڑھا ہوا اس تصویر سے آگے پیچھے کا وہ سوچ ہی نہیں سکتی جبکہ میری داڑھ کی ترتیب اوپر 15 اور نیچے 17 ہیں چونکہ یہ ترتیب اس کے سلیبس میں نہیں تو وہ اس حقیقت کو کیسے مان لے؟

ڈاکٹر

ارے محترمہ اپنے دانت نکلوانے کی بجائے کیوں میرے دانت تڑواتی ہیں آپس میں دنگل کروا کے۔ میں اور ڈینٹسٹ ایک ہی بات کر رہے ہیں صرف ناموں میں تھوڑا سا فرق ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

6۔ میٹھا سچ۔

سوال: میں بڑا ہو کے انسان بنوں گا اور آپ؟

جواب: ہم تو شروع سے ہی انسان ہیں یہ سوال ان سے کریں جو ابھی حیوان ہیں لیکن امید رکھتے ہیں کہ بڑے ہو کر شاید انسان بن جائیں۔

7۔ میٹھا سچ

جب چھوٹے بچے دکاندار سے ادھار لینے جاتے ہیں تو دکاندار پہلے ان کی باپ سے کنفرم کرتے ہیں کہ بچے لوفر تو نہیں ہیں۔.

فل سیاسی پوسٹ۔IMF

8۔ میٹھا سچ

شکیل

اگر کوئی شخص جنگل میں پیدا ہوتا اور کسی انسانی معاشرے سے کبھی میل جول نہ رکھتا تو اس کے مذہبی خیالات کیا ہوتے؟

ڈاکٹر

تو پھر شیر اس کا نبی ہوتا۔

9۔ میٹھا سچ

برائے وقار

احترام کے اندر رہ کے مذاق کرنا سیکھ لیں۔ ویسے مذاق کوئی اچھی عادت نہیں ہے انسان ہلکا پڑ جاتا ہے اور پھر لوگ اس کی سنجیدہ بات کو بھی مذاق سمجھ لیتے ہیں۔ غیر سنجیدہ بندے کا کبھی رعب نہیں بن پاتا۔

10۔ میٹھا سچ

مطربہ

you need a hot boyfriend

ڈاکٹر

مجھے بچپن سے ہی معدے سمیت جسم میں گرمی رہتی ہے۔

1۔ میٹھا سچ۔

میرے گھر میں دو روز قبل ڈکیتی ہو گئی، مجھے اس ڈکیتی سے ایک ہفتہ قبل علم ہو چکا تھا کہ ڈاکو کس طریقے سے میرے گھر میں داخل ہوں گے۔ مجھے یہ بھی علم تھا کہ بیرونی دیواریں کہاں کہاں سے کمزور ہیں لیکن میں انہیں مضبوط کرنے کی بجائے ڈکیتوں کا انتظار کرنے لگا۔

آخر کار وہ دن آن پہنچا جس دن میرے گھر پر ڈکیتی ہونی تھی۔

میں نے کمال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے چوکیدار کو بھی چھٹی دے دی تا کہ ڈاکوؤں کو کوئی تکلیف نہ ہو اور وہ سکون سے اپنا کام کریں اور بعد میں میں ان کے خلاف ایک تگڑا مقدمہ تیار کروں۔ پولیس کو اس لیے نہیں بتایا کہ جب ڈاکو سب کچھ لوٹ کر چلے جائیں گے تو ڈکیتی کو بطور ثبوت پولیس کو دکھا کر حملہ آوروں کو رگڑا لگاؤں گا۔ ہاں ایک اور بات بھی کی کہ گھر سے کافی دور

کچھ دوستوں کو کھڑا کر دیا تا کہ اگر ڈاکو راستہ بھول جائیں تو وہ انہیں گائیڈ کرتے ہوئے میرے گھر تک بخیریت لے آئیں۔ خیر وہ ڈاکو میرے گھر آئے اور میرا گھر لوٹ کر چلے گے۔

کیا کہا میں بے وقوف ہوں جو یہ ہونے دیا۔ ناں ناں آپ بھی بہت معصوم ہیں کیونکہ مجھے انہیں پکڑنا نہیں تھا بلکہ جنہوں نے ڈکیتی نہیں بھی کی تھی ان کا نام بھی مقدمے میں شامل کر کے انہیں ذلیل کرنا تھا۔

2۔ میٹھا سچ

تمام اہل وطن کو انصاف کی فتح مبارک ہو۔

ارب کے منی لانڈرنگ کیس میں سلیمان شہباز سمیت تمام ملزمان کو بری کر دیا گیا۔

ڈاکٹر

ابھی تو قران کے چالیس سپاروں کو ماننے والے قاضی فائز عیسیٰ کو آلینے دو وہ بھی بیگم کے نام لندن فلیٹس کا بھرم رکھے گا اور بغیر نکاح کے پیدا ہونے والے مریم کے بیٹے کو حلال ثابت کر کے دکھا دے گا۔

3۔ میٹھا سچ

ایک ڈانس بہت خوبصورت ہے اور شئیر کرنا چاہ رہا تھا لیکن یاد آیا کہ ابھی ابھی قرآن حکیم کی ایک آیت شئیر کی ہے کچھ تو وقفہ دے دوں۔

4۔ میٹھا سچ

دشمن کے دانت کھٹے کرنے کے لیے لیموں کے درخت لگانے کا فیصلہ۔

5۔ میٹھا سچ

پروفیسر اشتیاق محقق اور تاریخ نگار واقعی بہت اعلیٰ ہوں گے اور انہوں نے قائداعظم کے بارے میں سچ ہی لکھا ہو گا لیکن دانشور ہرگز نہیں ہیں کیونکہ انہوں نے پروفیسر ہود بھائی کے ساتھ مل کر قائداعظم کی کردار کشی کی جسارت کی ہے۔ سچ کے پردے میں اس شخص کی کردار کشی کے پہلو نکال لینا کون سی وطن کی خدمت ہے کہ صاف نظر آئے کہ یہ دونوں بھارت سے فنڈ لے کر اس شخص کا قد چھوٹا کر رہے ہیں جو واحد باعزت رہنماء مانا جاتا ہے معاشرے میں۔

6۔۔ میٹھا سچ

میاں وقار صاحب سگریٹ پھونکنے والا تو کوئی اور لگتا ہے آپ کے میز کی صفائی سے تو لگتا ہے کہ شاید بچے کھچے ٹکڑے بھی نگل گئے۔

7۔ میٹھا سچ

دونیہ شاہ

بیوی کو خوش کرنا ہے تو روزانہ تگڑی قسم کی ورزش کرنی چاہیئے۔

یہ عجیب و غریب سے تیل اور حکیموں کے پاس جا کر پیسے ضائع کرنے کی ضرورت نہیں۔ پاکستانی عوام ہر جگہ شارٹ کٹ ڈھونڈتی ہے۔

ڈاکٹر

ہم تو اسی ازدواجی وظیفے کو ورزش سمجھتے ہیں۔

8۔۔ میٹھا سچ

برائے اسحاق ڈار

کہتے ہیں الحمدللہ تین دن پہلے سعودیہ نے ہمارے اکاؤنٹ میں 2 ارب ڈالر جمع کرائے تھے اور الحمدللہ آج متحدہ عرب امارات نے بھی 1 ارب ڈالر جمع کرائے ہیں۔

لیکن اگر اس کا فقرہ مکمل کیا جائے تو کہنا پڑے گا کہ "الحمدللہ اس ساری رقم کو ہم گھما پھرا کر انہی ممالک میں ذاتی جاگیریں خرید لیں گے اور بلڈی عوام ہماری گرد بھی نہ پا سکے گی"۔

9۔ میٹھا سچ

شہباز

زمین کی مٹی مجھے ایڑیاں رگڑنے دے۔۔۔

مجھے یقین ہے چشمہ یہی سے نکلے گا۔۔۔

عوام

لندن کے فلیٹو ہمیں تلاشی لینے دو۔۔۔

ہمیں یقین ہے ہمارا پیسہ یہیں سے نکلے گا۔۔۔

10۔ میٹھا سچ

سانپ اور سنپولیا گھل مل کر رہ سکتے ہیں بشرطیکہ کاٹیں دوسروں کو۔

1۔ میٹھا سچ

جتنا چاہے جھومنے گھومنے کے مصنوعی ڈرامے کر لیں، چکا چوند قمقمے جلا لیں، احمقانہ حلیے بنا لیں، جدید ساز اور دیگر سہولیات حاصل کر لیں، احمد رشدی جیسی بے ساختگی پیدا نہیں کر پائے کوکورینا میں۔ ہائے بیچارے کوک سٹوڈیو والے۔

2۔ میٹھا سچ

ہمارا اعزاز۔

چاند پر پہنچے والے چار ملکوں میں سے تین ہمارے ہمسائے ہیں۔

3۔ میٹھا سچ

ہم نے پڑوسی دُشمن کے لئے زمین اتنی تنگ کر دی ہے کہ دشمن زمین چھوڑ کر چاند پر جانے کے لیے مجبور ہو گیا ہے۔

4۔ میٹھا سچ

اچھے لوگوں کو ہمارے ووٹ پڑنے کے باوجود ہمیشہ کرپٹ ہی بر سر اقتدار آئے۔

5۔ میٹھا سچ

اسلام کے نام پر لئے گئے ملک میں پچھتر سالوں کی تبلیغ اور تقاریر کے بعد مسجد میں قیمتی جوتا آج بھی خطرے میں ہے۔

6۔ میٹھا سچ

دوسری جنگ عظیم کے بعد جاپان کے جنگی تحفظ کی ذمہ داری امریکہ نے اٹھالی تھی حالانکہ سر پر چین جیسا مخالف دیو بھی موجود تھا اور خود یہ ملک ایٹم بموں کی تباہ کاری کا شکار تھا۔

ہماری بھی آزادی کے بعد سے تحفظ کی ذمہ داری امریکہ نے اٹھائی ہوئی ہے لیکن ہم پھر بھی کھربوں روپے سالانہ اپنے دفاع پر خرچ کر دیتے ہیں اور کوئی جنگ جیت بھی نہیں سکے۔

پہلے قدم کے طور پر یہ رقم اگر بچالی جائے اور دوسرے قدم کے طور پر مخلص اور ایماندار قیادت لے آئی جائے تو ہم اب بھی جاپان جیسے بن سکتے ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ میٹھا سچ

کافر دنیا سائنس میں ترقی کرتے کرتے چاند پر اترتی جارہی ہے اور ہم مسلمان ابھی تک کنجریوں اور میراثیوں میں کھوئے ہوئے ہیں۔

8۔ میٹھا سچ

غلام رسول جمالی نے ماحولیات کے گروپ میں ایک غیر متعلقہ پوسٹ لگادی جس پر کسی نے پوچھا کہ اس کا ماحولیات سے کیا تعلق ہے؟

ڈاکٹر

اس کا ماحولیات سے یوں تعلق بنتا ہے جیسے کسی نے کہا کہ پڑھنا لکھنا نہ کیونکہ اس طرح مر جاؤ گے۔ اور وضاحت یوں دی کہ پڑھو گے تو پاس ہو جاؤ گے۔ پاس ہو گے تو خوشی ملے گی۔ خوش ہو کر کھیلنے لگ جاؤ گے۔ کھیلو گے تو تھک جاؤ گے۔ تھک گئے تو بیمار ہو جاؤ گے بس پھر بیمار ہوئے تو مر جاؤ گے۔

اسی طرح انور مقصود بھی ماحولیات ہی کی بات کر رہا ہے۔ بقول اس کے اگر درست جگہ پیشاب کیا جائے تو گندگی نہیں پھیلے گی لہٰذا صفائی براہ راست ماحولیاتی آلودگی کا توڑ ہے۔ وعلی ھذا القیاس۔

مگس کو باغ میں مت جانے دیجیو۔۔۔۔

ناحق خون پروانوں کا ہو گا۔۔۔

بن گیاناں ماحولیات سے تعلق

9۔ میٹھا سچ

سیدھی طرح کہہ دیتے کہ مسواک کرو اور ہم مان بھی جاتے خوامخواہ سائنس لگا کر اپنا بھی وقت برباد کیا اور دوسروں کا بھی۔

چیٹ جی پی ٹی نے ایسی ٹڈیوں کو بھی مے لگا دیئے ہیں۔

اللہ کی پناہ

10۔ میٹھا سچ

دونیا شاہ

میرے فالورز کی تعداد 10,000 سے بڑھ گئی ہے۔

مزے کی بات یہ ہے کہ آخری پانچ ہزار پچھلے ایک ماہ سے بھی کم دن میں بنے ہیں۔

Thanks for supporting

ڈاکٹر

اور وہ بھی پوسٹوں کی بولڈ نیس کی وجہ سے بنے ہیں کسی علم کی بنیاد پر نہیں۔ آپ نے اچھا کیا کہ لڑکی بن کر اپنا پیغام دور تک پہنچایا۔

1۔ 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 648

بھارت کے چاند مشن کا ہم نے بھی منہ توڑ جواب دیدیا ہے۔ سپارکو نے کراچی میں ہاؤسنگ سوسائٹی لانچ کر دی۔

اے جزبہ جنوں تو ہمت ناں ہار۔

2 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 649

پاکستانی عوام کی قسمت بھی عجیب ہے، محافظ سبزی اُگائیں گے، مولوی سینما چلائیں گے اور چور حکومت کریں گے۔

اناللہ وانا الیہ راجعون

3 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 650

اسسٹنٹ کمشنرز کو پچھلے سال مفت ملنے والے نئے ویگو ڈالے پرانے ہو جانے کی وجہ سے اس برس نئی ریوو گاڑیاں دی جائیں گی کیونکہ الحمدللہ عالمی بنک سے قرضہ مل گیا ہے۔

4 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 651

پاکستان کے کونے کونے کی خبر اور راز رکھنے والی ڈیوائس امریکہ کے قبضے میں۔ باجوہ صاحب ریٹائرمنٹ کے ایک سال کے اندر ہی امریکہ میں مستقل رہائش رکھنے کے لئے فیملی سمیت جا پہنچے۔

5 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 652

نازک موڑ ختم

پل صراط شروع

آٹا170روپے

چینی150روپے

بجلی55روپے یونٹ

شہباز تری پرواز سے جلتا ہے زمانہ

6 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ653

ن لیگ کے سپورٹر مہنگائی پر ایسے خاموش ہیں جیسے بچے شلوار میں پیشاب کر کے چپ کر جاتے ہیں۔ 😂

7 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ654

بارش کے بعد آج لاہور ائیر پورٹ کا ایک منظر۔اگر مہینہ بھر بارشیں چلیں تو اس ائیر پورٹ پر ہوائی کی بجائے بحری جہاز نہ چلانے پڑ جائیں۔ ۔

8 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ655

کیا یہ مرد میں بڑھاپے کی وجہ سے پچھتاوے کی علامت تو نہیں کہ اسے عورت میں زیادہ دلچسپی لگنے لگ جائے؟

سنا ہے کہ فضل الرحمان نے بھی بڑھاپے میں مزید جسمانی لذت حاصل کرنے کے لئے سنگاپور سے کپوروں کا آپریشن کرایا ہے جو ڈاکٹری ہدایات پر عملدرآمد میں ناکامی پر اپنے اصلی کپوروں سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

9 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 656

🌹 لمبا سفر تھار کنے کی مہلت نہ تھی ہمیں۔۔۔

سو بڑھ گئے درخت کی چھاؤں کو چوم کر۔۔۔

مومنہ، اشمل، ثناء، کنیز، شفق، نائلہ، طیبہ، بشریٰ، غزالہ، تسکین، راشدہ، مشام، رباب، ہمایوں، ایاز، سجاد، عامر، طاہر، عدیل، سلیم، اطہر، ارشد، اسد، ریاض، وجدان وغیرہ آپ سب لوگ درخت کی چھاؤں ہیں۔ 😅

10 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 657

ملک چونکہ نازک موڑ سے گزر رہا ہے اسلیئے افسران کو نئی گاڑیاں دی جائینگی تاکہ موڑ سے گزرنے میں آسانی ہو۔۔

1۔۔ میٹھا سچ

جیسے مولانا کوثر نیازی بحیثیت چیئرمین فلم سنسر بورڈ فلمی حسیناؤں کے جلو میں پورے انہماک سے پوری فلم دیکھتے، پھر قابل اعتراض حصے بار بار چلواتے اور آخر میں جس کی رقم وصول نہیں ہوئی ہوتی تھی یا کسی حسینہ کی سفارش نہیں ہوتی تھی اس کی فلم مسترد کر دیتے ہیں۔

دروغ بر گردن راوی۔

2۔ میٹھا سچ

ویسے بات تو درست ہے۔

پی ڈی ایم نے خود کے تمام مسائل حل کر لیے۔ عوام اپنے کر لے۔

ڈاکٹر

یہ کام میں نے بھی کیا تھا لاہور سیکریٹریٹ سروس میں۔ ایک ملازم کی ڈیوٹی تھی کہ داتا صاحب سے اپنا کھانا کھا آیا اور ہمارے لئے لیتا آیا کرے۔

3۔ میٹھا سچ

رشتوں کی مضبوطی آپکی جیب طے کرتی ہے۔

4۔ میٹھا سچ

احساس کمتری کا شکار نہ ہوں۔

جو شخص گفتگو میں اپنے برانڈڈ کپڑوں، جوتوں، گاڑی، بنگلے، اونچے تعلقات کا بار بار ذکر کرے اس سے دور رہیں۔ یہ ذہنی مریض ہے۔ آپ کو بھی بیمار کرے گا۔

کسی کی اچھی مہارت سے مرعوب ہونا ہے تو کسی کے علم سے متاثر ہوں اور اس جیسا بننے کی کوشش کریں۔

کسی سے اچھے اخلاقیات سیکھیں۔

5۔ میٹھا سچ

بھارتی میڈیا ٹھیک کہتا تھا کہ پاکستان برائے فروخت ہے۔ عمران نے بھی اگر رکاوٹ بننا چاہا تو کیسے اسے مکھن سے بال کی طرح نکال باہر کیا گیا۔

ہمیں تو یہ لگتا ہے کہ یہ ادارے بھی وہی خرید لیں گے اور پھر پاکستان کے بادشاہ بن کر ایک سلطنت کے طور پر پاکستان کو چلائیں گے۔ یعنی دنیا میں ایک نئ طرز کا نظام حکومت جو صرف پینٹا گون کے ماتحت چلے گا۔

6۔ میٹھا سچ

چاچا

شادی اُس شخص سے کرو جو تمہیں یہ نہ کہے کہ بارش ہے تار سے کپڑے اتار لو بلکہ اُس شخص سے کرو جو بارش ہوتے ہی کہے آؤ بارش میں رقص کریں۔

ایک عربی کہاوت

ڈاکٹر

بھیگے موسم میں تار کا لفظ اضافی ڈال گئے اور جسم کو تار کہہ بیٹھے۔

7۔ میٹھا سچ

مجھے تم سے پاکستان کے قرضے جتنی محبت ہے۔ یہ محبت ہمیشہ بھٹو کی طرح زندہ رہے گی اور میں اسٹیبلشمنٹ کی طرح تمہاری حفاظت کرونگا۔

8۔ میٹھا سچ

بہت خوبصورت۔ میں جب بھی کوئی اچھی نظم سنتا ہوں تو خوب سر دھنتا ہوں اور امید بندھ جاتی ہے کہ کہیں کہیں لاکھوں شاعروں میں کوئی کوئی اچھا شاعر ابھی زندہ ہے۔

9۔ میٹھا سچ

وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ ڈیڑھ برس قبل لوگ مہنگائی پر نہیں بلکہ بغضِ عمران میں بھونکا کرتے تھے۔

10۔ میٹھا سچ

مصنوعی ذہانت آہستہ آہستہ انسانی کام اپنے ہاتھ میں جب مکمل طور پر لے لے گی تو پھر مشینوں کا ہمارے دماغ پر بھی مکمل غلبہ ہو جائے گا۔

ہے دل کے لئے موت مشینوں کی حکومت۔۔۔

احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات۔۔۔

اقبال

استاد کہلاتا ہی کوئی اس لئے ہے کہ دو سو برس پہلے ہی خطرے کی نشاندہی کر سکے۔

1۔ میٹھا سچ۔

دنیا کی طرح فیس بک بھی ایک ایسا فورم ہے جہاں جاہل اور عالم اکٹھے رہتے ہیں نیز عالم تو جاہل کی بدبو کو نظر انداز کر دیتا ہے لیکن جاہل عالم کی خوشبو تک محسوس نہیں کر سکتا ہے۔

2۔ میٹھا سچ

برائے میاں وقار

ہاب چھوڑ بھی دیں جان اے آئی کی یا پھر اے آئی کے پاؤں پڑیں کہ میاں صاحب سے بچنا ہے تو نام بدل لے پگلی ورنہ یہ صاحب اپنے آپ کو ماہر منوا لینے تک مٹی پلید کرتے رہیں گے۔

3۔ میٹھا سچ

زندگی میں اتنا کامیاب ضرور ہو جاؤ کہ تمھیں رد کرنے والا جب کبھی اچانک تمھیں دیکھے تو پچھتائے تمھیں کھونے پر۔

4۔ میٹھا سچ

مرد کی پسند وہ پل صراط ہے جس پر کوئی موٹی عورت نہیں چل سکتی۔

یوسفی

5۔ میٹھا سچ

ویسے بھی زندہ رہنے کے لئے ایک گردہ ہی کافی ہوتا ہے تو کیوں نہ 25 کروڑ لوگ اپنا ایک ایک گردہ عالمی منڈی میں بیچ کر شریف، زرداری اور انہیں مسلط کرنے والوں کے بیرونی اکاؤنٹس میں براہ راست رقم جمع کرا دیں۔ شاید اسی طرح یہ خوں آشام چمگادڑیں ہماری جان چھوڑ دیں۔

ماہر مخولیات ڈاکٹر سلطان محمود کا ملکی مفاد میں مشورہ۔

6۔ میٹھا سچ

ایک شخص کی بیوی سائیکل کی پچھلی سیٹ سے گر گئی اور دھائی دیتی ہے کہ میں یہاں ہوں۔ وہ پیچھے دیکھے بغیر کہتا ہے کہ بی بی جہاں رہو خوش رہو۔

7۔ میٹھا سچ

برائے اپل

اس تحریر کو موبائل پر لکھنے میں آپ کی ساری محنت ہی اکارت ہو جائے گی اگر یہ کہہ دیا جائے کہ اس میں سے عمران کا نام نکال کر نواز شریف کا لکھ دیں۔ حالانکہ نام جس کا چاہے استعمال کر لیں اصل لعنت تو حکومتوں کا جبر ہے جسے نیازی کے جاتے ہی اب آپ سچا اور کھرا سمجھنے لگ گئے ہیں۔

8۔ میٹھا سچ

کاش پاکستان بھی سعودیہ کی طرح بغیر "پی ایچ ڈی" یا خریدی گئی پی ایچ ڈی والوں پر سوشل میڈیا پر "ڈاکٹر" لکھنے پر بھاری جرمانہ عائد کر دے۔

9۔ میٹھا سچ

اگر پالتو کتے زخمی شیر کو گھیر لیں تو آوارہ کتے خوامخواہ ناچنے لگ جاتے ہیں۔

"کسی جنگل کا غیر سیاسی منظر نامہ"

10۔ میٹھا سچ

مسعود

ایک وڈیو کو دیکھ کر مجھے اپنی جوانی کا ایک کمانڈر یاد آ گیا جو آسمان میں ہی پھٹ گیا تھا۔ اگر کسی وقت کسی بھی وجہ سے اسکا مزار شریف کھولا گیا تو شاید ایک نقلی جبڑہ ہی ملے۔

ڈاکٹر

جو امریکی پاؤں سے چمٹا ہوا ہو شاید۔ کیونکہ اگلے جہاں جب کمانڈر کو کوڑے لگتے ہیں تو اس کا ہاسا نکل جاتا ہے۔ پوچھنے پر اس نے بتایا کہ یہ پیٹھ تو رافیل کی ہے۔

1۔ 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 678

آج شوباز نے ڈائری ہاتھ میں پکڑ کر وزیر اعظم ہاؤس سے نکلتے ہوئے کہا "پاکستان میں کوئی رہ تو نہیں گیا جس کا بیڑا غرق ہونا باقی ہے" (میاں وقار)

2 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 679

مانی شاہ

انڈیا کہتا ہے گلگت اور کشمیر ہمارا ہے افغانستان کہتا ہے پختونخواہ ہمارا ہے اور ایران کہتا ہے کہ بلوچستان ہمارا ہے خالصتان کہتا ہے پنجاب ہمارا ہے

بابائے قائداعظم کو آخر اتنا رولے والا پلاٹ لینے کی ضرورت ہی کیا تھی؟

ڈاکٹر

یہ قائداعظم نے رولے والا پلاٹ نہیں لیا بلکہ "کوڑھے دی رن تے جگ دی پر جائی" والا سین ہے۔

3 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 680

اے کے چوہدری

ریاست طاقتور ہے کہ خان کا انقلاب کھوکھلا جو اس دفعہ ایک بھی مجاہد ریاست کو چیلنج نہیں کر سکا؟

ڈاکٹر

نہ ریاست طاقتور ہے اور نہ انقلاب کھوکھلا۔ ملک ہی غلط ہاتھوں میں ہے۔

4 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 681

دبئی میں کسی مسافر نے ایک مسلمان سے مسجد کا پتا پوچھا تو اس نے معذرت کر لی مگر پیچھے سے آتے ایک ہندو نے اسے راستہ بتا دیا۔

5 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 682

منقول۔ لیکن آخر میں کچھ اضافہ میری جانب سے بھی۔

ڈاکٹر سلطان محمود

میں نے ایک خاتون سے پوچھا کہ کیا آپ کو مردوں کے برابر حقوق ملنے چاہیں۔

تو اس نے ایک حیران کن جواب دیا۔ اس نے کہا کہ مجھے برابر کے حقوق نہیں چاہئیں۔

میں نے تفصیل چاہی تو اس نے کچھ یوں بیان کیا۔

میرا جائیداد میں:

باپ کی طرف سے حصہ ہے۔

بھائی کی طرف سے حصہ ہے۔

بیٹے کی طرف سے حصہ ہے۔

خاوند کی طرف سے حصہ ہے۔

جب میں مردوں کے برابر آجاؤں گی تو میں ان حقوق سے محروم ہو جاؤں گی۔

میں کسی جگہ جاب کرتی ہوں تو مجھے جاب میں سہولت دی جاتی ہے۔

برابر کے حقوق میں میرا نقصان زیادہ ہے۔

بنک ہسپتال مارکیٹ ہر جگہ لیڈیز فرسٹ کہ اصول پر مجھے ریلف مل جاتا ہے۔ میں ابو سے ملنے جاؤں تو وہ کھڑے ہو کر ملتے ہیں اور بھائی کو بیٹھے بیٹھے سلام کر لیتے ہیں۔

ہم شہر سے باہر کہیں جائیں تو میں نے اور بیٹی نے اپنا اپنا ہینڈ بیگ پکڑنا ہوتا ہے اور بس۔ باقی سامان بیٹے جانیں اور انکے پاپا۔

ایک بار راستے میں گاڑی رک گئی تھی، تو مجھے سٹیرنگ تھما کر بیٹے اور میاں نے دھکا لگایا، برابر کے حقوق ہوتے تو مجھے بھی دھکا لگانا پڑتا

سبھی بڑے اور بھاری کام خود بخود مردوں پر جا پڑتے ہیں۔

مجھے کبھی بل ادا کرنے نہیں جانا پڑتا، کبھی پینٹ والے کے پیچھے نہیں دوڑنا پڑتا، کبھی الیکٹریشن کے ساتھ دماغ کھپائی نہیں کرنی پڑتی،

کمانے کی ذمہ داری کبھی میری نہیں رہی، میاں نے کمانے کیلیئے نکلنا ہی نکلنا ہے۔

میں کبھی بھی کہہ دوں آج کچھ نہیں پکایا، گرمی لگ رہی تھی، یا موڈ نہیں تھا تو بازار سے کھانا آجاتا ہے، کوئی زبردستی نہیں ہے۔ لیکن انکو کام سے چھٹی نہیں ہے۔

میں انکے کپڑے جوتے بنا بتائے کسی کو اٹھوا سکتی ہوں وہ ایسا نہیں کر سکتے۔

میاں کی انکم پر مجھے حق حاصل ہے میری انکم پر صرف میرا۔

میرا لباس ان سے مہنگا ہوتا ہے میرے جوتے کپڑوں کی تعداد ان سے زیادہ ہوتی ہے۔

ایسے بے شمار فائدے مجھے حاصل ہیں۔

میں برابر کے حقوق لیکر گھاٹے کا سودا کروں گی؟؟؟

اتنی پاگل لگتی ہوں کیا؟؟؟۔

😅😅 از ڈاکٹر سلطان محمود

پھر وہ خاتون ذرا تمسخرانہ لہجے میں بولنا شروع کر دیتی ہے اور کہتی ہے کہ؟ میں احمق تو نہیں کہ عورت ہونے کے ناطے مجھے جو امتیازات حاصل ہیں وہ مرد کی برابری کر کے کھو دوں۔ مثلاً:

اگر گھر میں میری غلطی سے کچھ ٹوٹ پھوٹ ہو جائے تو میری مرضی ہے کہ چپ رہوں یا اس کی ذمہ داری خاوند پر ڈال دوں۔

میکے سے اگر کوئی آ جائے تو جو چاہے ہوم ڈیلیوری کرا لوں سارا بل میاں دے گا اور مجال ہے ماتھے پر بل بھی ڈالے۔ لیکن اگر سسرال سے کوئی آ جائے تو اگر میاں کہہ دے کچھ بنا لو تو میں صرف منہ بناتی ہوں۔ مجال ہے کہ وہ مجھے غصے سے گھور بھی سکے۔

ہفتے میں ایک دو بار رات کو ایسا موقعہ ضرور مل جاتا ہے کہ میں موڈ ہونے کے باوجود بلاوجہ موڈ دکھا کر اپنے نئے نئے مطالبے منوالوں۔ اور مرد کی مجال نہیں کہ ان سے روگردانی کرے کیونکہ دو دن بعد اس نے پھر یہیں آنا ہے۔

مجھے کبھی بھی کمائی کرنے یا کسی پیسے دھیلے کے لانے پر مجبور نہیں کیا جاتا لیکن میں جب چاہوں اور جتنا چاہوں خاوند، بیٹے، بھائی یا باپ سے اینٹھ لوں ہے کوئی جو انکار کرنے کی جرأت کر سکے۔

میں جتنی دیر چاہے موبائل استعمال کروں لیکن اگر مجھے محسوس ہو کہ مرد میری جانب متوجہ نہیں تو میں اس کا قیمتی فون اٹھا کر چاہے دیوار پر دے ماروں وہ بیچارہ کچھ نہیں کر سکتا۔ بلکہ الٹا مجھے ہی منانے کے لئے دیوانہ ہوا جائے گا۔

6 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 683

امریکہ کے ایک ڈاکیے کے ڈی این اے ٹیسٹ سے تیرہ سو ناجائز بچے دریافت ہوئے ہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ امریکی خواتین بہت روشن خیال ہیں میں تو صرف خط دینے جاتا تھا۔

یہ سوچ کر کہ اب ڈاک کا محکمہ تو ختم ہوتا جا رہا ہے لہ ' ذا اب باقی ممالک میں بھی ڈاکیے کے متبادل ہوم ڈیلیوری سسٹم کا رواج پڑ گیا ہے۔

7 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 684

خود کو تبدیل کر رہا ہوں میں۔۔۔

مجھ سے دنیا نئی نہیں ہوتی ہے۔۔۔

8 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 685

برائے تحسین

اللہ اس ماسٹر جی کو بھی برباد کرے جس پٹواری نے پاؤں جوڑ کر جھوٹ لکھا اور آپ نے بھی محض "حب علی اور بغض معاویہ" کی رو میں بہک کر عمران سے یوں بدلہ لینے کی کوشش کی ہے کہ جیسے وہی واحد آدمی ہے جو سب پٹواریوں کے گھروں کی بیبیوں کو خراب کرتا پھر رہا ہے۔

ایک ہم جنس پرست کسی دوست پر بیچ چوراہے جا چڑھا۔ پولیس کو آتے دیکھ کر اوپر چڑھا آدمی بھاگ نکلا لیکن نیچے والا پکڑا گیا۔ جب گرفتار ہوا تو واویلا کرنے لگا کہ گانڈو کو پکڑو مجھے کیوں گرفتار کر رہے ہو۔ سپاہی نے حیرانگی سے کہا کہ گانڈو تم ہو اور کہہ اسے رہے ہو۔ وہ بولا جو میدان سے بھاگے وہی گانڈو ہوتا ہے۔

اب عمران تو میدان میں کھڑا رہا جو ملک سے بھاگا وہی گ ٹھہرا۔

9 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 686

پولیس والا ایک چور سے، اوئے تم شکل سے تو شریف لگتے ہو۔ سوری سر چھوٹا موٹا چور ہوں۔۔۔ شریف تو نہ کہیں۔

10 🚴 DSM 😁 ۔میٹھا سچ687

برائے کنیز

اس سے مجھے اپنے دوست کی بات یاد آ گئی۔ کہتا تھا کہ ایک کیلا مت کھائیں وہ اندر جا کر سیدھا ہو جاتا ہے اور بار بار تنگ کرتا ہے۔ ہمیشہ دو کیلے کھانے چاہئیں تاکہ دونوں آپس میں جپھی ڈال کے سو جائیں اور کھانے والا سکون میں رہے۔

۔میٹھا سچ۔1

یا اللہ بغیر چیئر لفٹ کے پھنسے ہوئے 25 کروڑ پاکستانیوں کی بھی مدد فرما۔

2۔ میٹھا سچ

یہ کمال تھوڑی ہے کہ بھارت نے 75 ملین ڈالر میں ایک بندہ چاند پر پہنچا دیا، اصل کمال یہ ہے کہ ہم نے 75 ہزار ملین ڈالر لوٹ کر لے جانے والے ڈاکو کو صرف پچاس روپے میں لندن پہنچا دیا۔

3۔۔ میٹھا سچ

پارک میں بورڈ پر لکھا تھا جانور لانا منع ہے میں نے ارد گرد دیکھا اور "ر" مٹا دیا۔

4۔ میٹھا سچ۔

ہم اگر چاند پر گئے تو فیول کا خرچہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کر کے بجلی کے بلوں میں ڈال دیا جانا ہے۔ لہٰذا ہم زمین پر ہی ٹھیک ہیں۔

5۔ میٹھا سچ

عمران کے خلاف فیصلہ دینے والے جج کو فارغ کرنے کا کیا فائدہ ہے؟ کیا اس کا فیصلہ کالعدم قرار دیا؟

اگر نہیں تو یہ اقدام بھی فراڈ ہے۔

اور اس لعنتی جج کو بچانے کا بھونڈا حربہ ہے۔

6۔ میٹھا سچ

مسلمانوں میں فرق دین اور مذہب کی تعلیمات کا نہیں بلکہ ان کے ممالک کے نظام سیاست کا ہے۔

7۔ میٹھا سچ

بکھرے پھول شئیر کرنے پر اشمل نے لکھا کہ ان پر گڈ مارننگ ہی لکھ دیتے۔ عرض کیا کہ میں نے اس قسم کی روایتی اور بیکار باتیں کبھی نہیں لکھیں۔ نہ نقلیں مار کے لکھا ہے اور نہ غلط اردو انگریزی۔ الحمدللہ میرا اپنا دماغ ہے اور سیر و سیاحت نیز مصروف کاروباری زندگی کے لائف سٹائل میں یہ آدھ پاؤ وزن کا عضو اتنا کچھ طبعزاد پیدا کر لیتا ہے کہ مجھے پھول، جمعہ مبارک یا پورنو بھیجنے کی کبھی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوئی۔ اور نہ یہ خواہش پیدا ہوئی ہے کہ مجھے زیادہ لائک ملیں۔ جب سے فیس بک نے اشتہار خریدنے سے انکار کرنے پر میری ریچ محدود کی ہے مجھے جعلی دوستوں کی مدد کی بھی کبھی ضرورت نہیں پڑی۔ بس جو دو چار مخلص ہیں وہی کافی ہیں۔

8۔ میٹھا سچ۔

اسے بھی بیشک مزاح سمجھیں کہ صرف دو سیاست دانوں نے ملک کو امریکی کیمپ سے بتدریج باہر لانے کی کوشش کی۔ بھٹو پھانسی پر اور عمران جیل میں۔

9۔۔ میٹھا سچ

شاعر ویسے ہوتے تو پورے پاگل ہی ہیں لیکن اگر شاعری چھوڑ کر عملی میدان میں آجائیں تو انسان بن بھی سکتے ہیں۔

10۔ میٹھا سچ

اچھا تو چڑھانے والے بھی پیمپر بن گئے ہوئے ہیں مجھے خبر نہ تھی میاں وقار صاحب۔

میٹھا سچ DSM698۔1

آپ جس سے محبت کرتے ہیں اسی سے شادی کر لیں، ورنہ ساری زندگی اُس سے محبت کرتے رہیں گے۔

DSM2۔ میٹھا سچ 699

میں میاں وقار صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے جس بھی انداز میں یہ بیس مشاہیر کا عکس تشکیل دیا ہے نہایت متاثر کن ہے۔ کیونکہ مجھے اپنا آپ تیسرے نمبر پہ رکھا رہنا اچھا لگتا ہے۔ اب یہ تو وہی بتا سکتے ہیں کہ میری اہمیت تیسرے نمبر پر کیسے آتی ہے کیونکہ یہ ایک معمہ ہے جسے حل بھی میاں صاحب ہی کر سکتے ہیں۔

۔ میٹھا سچ DSM700۔3

دو شخص ٹرین میں سفر کر رہے تھے ایک شخص نے دوسرے سے پوچھا آپ کہاں جا رہے ہیں؟

وہ بولا میں لاہور جا رہا ہوں۔ پہلا شخص اچھا میں بھی لاہور جا رہا ہوں۔ پہلا شخص دوبارہ بولا آپ لاہور میں کہاں رہتے ہیں؟

دوسرے شخص نے جگہ کا بتایا تو پہلا شخص بولا میں بھی وہیں رہتا ہوں۔

یہ باتیں سن کر پاس بیٹھے تیسرے شخص نے کہا حیرت ہے آپ ایک ہی جگہ رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو نہیں جانتے۔ تو ان میں سے ایک بولا اصل میں ہم باپ بیٹا ہیں صرف وقت گزارنے کے لئے بات چیت کر رہے ہیں۔

شہباز شریف اور راجہ ریاض کے درمیان نگران وزیر اعظم کے لئے ہونے والی بات چیت بھی کچھ ایسی ہی ہو گی۔

ذاتیات، غذائیات، حیوانیات، ماحولیات، سیاسیات، مزاحیات اور ادبیات پر مبنی ایک بے مثال فکری مسافت

فکرِ سلطان

ڈاکٹر سلطان محمود



8

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

فکرِسلطان

ECOCARE Consultancy Services (Pvt) Ltd.

ECAP

SOCIETY OF ANIMAL SCIENCES

PAFP — PAKISTAN ACADEMY OF FAMILY PHYSICIANS

ڈاکٹر سلطان محمود

مفکر، محقق اور نقاد

"فکرِ سلطان" کی تمام سیریز آفیشل ویب پر موجود ہیں

ڈاکٹر سلطان محمود نے سائنسی انداز میں تحریکی کارکن بن کر غذائی تحفظ کی عالمی خود مختار تحریک کو مقامی رہنما کے طور پر پاکستان میں ایک غیر معمولی موڑ دیا ہے جس کے نتیجے میں ان کے افکار اور عملی جدوجہد نے 'فکر سلطان' جیسی ایک طاقتور دستاویزی سیریز جنم دی ہے۔ اس میں وہ اپنی آدھی صدی کی شبانہ روز کوشش کو شاندار کہانی کے طور پر بیان کرتے ہوئے اہم معلومات سے بھری وہ تاریخ بھی بیان کر رہے ہیں جو ملک عزیز کے غیر مستحکم حالات کے باوجود مقامی اور نچلی سطح کے مسائل کو قومی اور عالمی سطح پر کچھ اس انداز سے اٹھا لے جاتے ہیں کہ جہاں وہ حیاتیاتی تنوع یا بایوڈائیورسٹی کی ہیئت تبدیل کئے بغیر کارپوریٹ تسلط کے ساتھ جنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ڈویلپمنٹ مافیا کے خلاف کس طرح نچلی سطح کی لڑائی کو اٹھا کر قومی اور عالمی سطح پر لے جایا جاتا ہے۔ ان کی یہ سوچ بھی قابل داد ہے کہ دنیا بھر میں مقامی سطح کی کمیونٹی ہمیشہ مقدس اور خود مختار ہونی چاہئے تاکہ وہ اپنے علم اور حقوق کو حاصل کر کے مستقبل کی دنیا کی حقیقی کہانی کا نقشہ ترتیب دے سکے۔

ISBN
9 789697 431625

ذاتیات، غذائیات، حیوانیات، ماحولیات، سیاسیات، مزاحیات اور ادبیات پر مبنی ایک بے مثال فکری مسافت

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر، ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز، لاہور۔ بانی انوائرنمنٹ کنسلٹنٹس ایسوسی ایشن پاکستان؛ سوسائٹی آف اینیمل سائنسز اور ایگزیکٹو پاکستان اکیڈیمی آف فیملی فزیشنز

Mobile | +92 321 4302528 | Ecocare | www.ecocare.pk | ECAP | www.ecap.pk | PAFP | www.pafp.com.pk